
اصلی

مکمل

مقبول تعویذات



حمید بک ڈپو۔ نولکھا بازار۔ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بہ عون و صناع مکین و مکان فضل خلاق زمین و زمان

اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

وظائف عملیات و تعویذات کی مجرب کتاب

یعنی

مقبول التعویذات مکمل

فالنامہ معہ خوابنامہ

حل المشکلات

تعویذات طلسمی

تعویذات عشق و محبت

عملیات کلام پاک

مصنفہ

مولانا مولوی حکیم پیر عبدالقادر صاحب قادری نقشبندی

منگوانے کا پتہ

حمید بک ڈپو نولکھا بازار لاہور ۶

[illegible]

(قیمت آٹھ روپے)

دیباچہ

آج کل لوگوں کو جس قدر تعویذات کا شوق ہے اسیقدر اس موضوع پر کتابیں شائع ہو رہی ہیں اکثر ایسی ہیں جو کسی زمانہ میں صاحب تصنیف نے نہایت محنت سے مرتب کی ہونگی لیکن آج کل کے بعض خود غرض تاجران کی لاپرواہی سے انکی اصلیت ہی تبدیل ہو گئی ہے بے شمار غلطیوں کے علاوہ تعویذات کے اعداد کو ایسا غلط کر دیا گیا ہے۔ کہ باوجود کوشش کے سمجھ میں نہیں آ سکتے اسی وجہ سے عام لوگ تعویذات کی کتابوں سے آہستہ آہستہ بدظن ہوتے جا رہے ہیں۔ حالانکہ یہ تالیف کرنے والوں کا قصور نہیں بلکہ ان چھاپنے والوں کا قصور ہے۔ جو محض روپیہ کمانے کی غرض سے بغیر کسی عامل کامل کو دکھائے اور نظر ثانی کرائے طبع کرائے چلے جاتے ہیں جب کوئی آدمی کسی عمل کا عامل ہونا چاہتا ہے۔ تو اسے سخت ناکامی ہوتی ہے اور وہ بددل ہو کر ہمیشہ کے لئے تعویذات کی کتابوں سے ہی متنفر ہو جاتا ہے۔

ان سب وجوہات کے پیش نظر ہمیں یہ خیال آیا ہے کہ کیوں نہ کوئی ایسی کتاب طبع کی جائے جو مستند اور جامع ہو۔ اور بزرگوں سے حاصل کئے ہوئے تعویذات و عملیات درج کئے جائیں۔ جو بارہا کے آزمودہ اور تیر بہدف بھی ہوں۔

الحمدللہ آج ہم اس مقصد میں کامیاب ہو کر ناظرین کی خدمت یہ جامع اور مکمل کتاب پیش کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ میری محنت کو قبول فرمائیں اور مسلمانوں کو جائز فائدہ اٹھانے کی توفیق دے۔

آخر میں مجھے یہ کہنا ضروری ہے کہ عامل تعویذات لکھنے والے کے لئے یہ لازم ہے۔ کہ وہ ارکان اسلام کا نہایت سختی سے پابند ہو۔ حلال اور حرام میں تمیز کر سکے کسی ایسے کام کے لئے جس سے خلق خدا کو نقصان ہو۔ کوئی عمل نہ کرے ناجائز باتوں کے لئے بھی تعویذات کا لکھنا حرام ہے اور کسی عالم با عمل سے اجازت حاصل کر کے عمل کرے۔ پھر انشاء اللہ کوئی عمل یا تعویذ خطا نہ جائے گا:

فقط

وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہ

مُصَنِّفہ:۔

نوٹ:۔ قرآن مجید کی جس قدر آیات اس کتاب میں درج ہیں ان کو پڑھنے سے پیشتر قرآن پاک سے ان کا صحیح یا غلط ہونا دیکھ لیں تاکہ زیر زبر کا اگر فرق ہو تو نکل جائے۔ اور عمل میں کسی قسم کا نقص نہ آئے۔ کیونکہ بعض اوقات باوجود بڑی احتیاط کے بھی زیر زبر کا فرق رہ ہی جاتا ہے۔

واللّٰہ غفورٌ الرّحیمؕ

"خاکسار"

عامل کیلئے ضروری ہدایات

۱:- عامل کے لئے نیک، عزیز عوام الناس، متقی پرہیز گار، مستقل مزاج اور پابند صوم صلوٰۃ ہونا ضروری ہے۔

۲:- کسی عمل یا نقش کو اپنے کام میں لانے سے پیشتر اس کی زکوٰۃ دینا لازمی ہے ورنہ نقش کا لکھنا یا عمل کا کرنا فضول ہوگا۔

۳:- زکوٰۃ عمل پابندی اور شرائط کے ساتھ بلاناغہ ادا کرنی چاہیئے۔

۴:- زکوٰۃ بغیر کسی دنیاوی مقصد یا غرض یا خیال کے ادا کرنی چاہیئے۔ اور زکوٰۃ ادا کر چکنے کے بعد بھی بطور روزانہ مشق کے مقرر تعداد کے موافق عمل کرنا ضروری ہوتا ہے تاکہ عمل قابو میں رہے۔

۵:- عمل کسی ناجائز کام کے لئے نہ کیا جائے۔ ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان ہو جاتا ہے۔

۶:- عمل کرتے وقت ستاروں کی سعادت، نحوست اور ساعات کا خیال بھی رکھنا چاہیئے اگر ایسا نہ کیا جائیگا تو عمل بے اثر ثابت ہوگا۔

۷:- عمل کرتے وقت اس کی پوری صحت اور درستی کا خیال رکھنا چاہیئے۔ غلط سلط پڑھنے یا کرنے سے عامل پر وبال پڑے گا۔

۸:- عمل باقاعدہ ترتیب وار ہونا چاہیئے۔ بے ترتیب نقل کر دینا کوئی فائدہ نہیں رکھتا خواہ بطور زکوٰۃ ہی کرنا ہو۔ یا حصول مقصد کے لئے ترتیب کو ضرور مد نظر رکھیں۔

۹:- ستاروں کے موکلات اور آدمیوں کے طالع وغیرہ کے متعلق بھی واقفیت ضروری ہے۔ تاکہ عمل کے وقت ان سے حسب موقعہ مناسب مدد لی چاند ستاروں کی منازل، ان کی دوستی و دشمنی وغیرہ وغیرہ کا خیال

رکھا جائے۔ بروج ان کے باہمی تعلقات۔ ستاروں اور موکلات کے بخورات اور خواص سے واقفیت ضروری ہے۔

۱۰:- حروف ابجد کے اعداد سے واقفیت بھی لازمی ہے۔ اور ان کی طبیعت اور خاصیت کا جاننا بھی ضروری ہے۔

۱۱:- سب سے آخری اور بڑی شرط صدق دل، صدق مقال۔ رزق حلال، کمال طہارت اور بے غرضی ہے۔ نیز عامل کو خوش اعتقادی، حوصلہ، پوری توجہ اور اعانت الٰہی پر بھروسہ ہونا چاہیئے۔

اگر کوئی شخص ان ہدایات پر کاربند ہو کر عمل کرے گا۔ تو یقیناً شاہد مقصود سے ہمکنار ہوگا۔ اور ان لوگوں کو جو اس علم سے منکر یا کسی وجہ سے بدظن ہیں۔ بتا سکے گا کہ ان کا خیال غلط اور لغو ہے۔ اور کہ اس علم میں کس قدر طاقت ہے جس کی کوئی حد و حساب نہیں۔ دین اور دنیا کی بھلائیاں اس میں ایک جگہ جمع ہیں ؛

دو مُصنّف

پیر عبد القادر

حمید بک ڈپو نولکھا بازار لاہور

حصولِ دین کے وظائف

۱:- ہر نماز کے بعد پانچ مرتبہ صدق دل سے ہمیشہ کے لئے روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ عامل کے دل میں محبت الٰہی کا جذبہ پیدا ہو جائے گا۔ اَللّٰھُمَّ حَرِّقْ قَلْبِیْ بِنَارِ مَشُوْقِكَ وَارْزُقْنِیْ اِزْدِیَادِ مَحَبَّتِكَ حَتّٰی لَا یَبْقٰی شَیْءٌ غَیْرُكَ ٥

۲:- اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کا دل خدا کی طرف رجوع ہو جائے تو لازم ہے کہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ اس آیت شریف کو پڑھ لیا کرے انشاء اللہ اس کا قلب محبت الٰہی میں قائم ہو جائے گا۔ آیت شریف یہ ہے فَاسْتَقِمْ كَمَا اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ :-

۳:- ہر نماز کے بعد کلمہ توحید لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْكَ لَہٗ لَہُ الْمُلْكُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ لَا یَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ط ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِیَدِہِ الْخَیْرُ وَھُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط پڑھ لینے سے بندے کی نماز قبول ہو جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ اس بندے کو اپنی محبت میں مبتلا کر دیتا ہے۔

۴:- لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الصَّمَدِ الْاَحَدِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْوَكِیْلِ الْكَفِیْلِ ط لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ سُبْحَانَ الْفَتَّاحِ الْعَلِیْمِ ط ہر روز نماز مغرب کے بعد دس مرتبہ اول و آخر درود شریف جتنی مرتبہ چاہے پڑھنے سے انسان کے دل میں محبت الٰہی کا جذبہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اور مداومت کرنے سے عاشق خدا بن جاتا ہے۔

۵:- ہر وقت کے لئے وضو با وضو رہے غرض جس حالت میں بھی ہو۔ اٹھتے بیٹھتے جاگتے سوتے ذیل کا ورد بزبان رکھے۔ انشاء اللہ محبت الٰہی کے سمندر میں شناوری کرے گا۔ اَللّٰہُ حَاضِرِیْ، اَللّٰہُ نَاظِرِیْ، اَللّٰہُ نَاصِرِیْ، اَللّٰہُ مُعِیْنِیْ اَللّٰہُ وَلِیِّیْ :-

۶:- یوں تو اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہر ایک اسم نور اعلیٰ نور ہے لیکن ہر ایک اسم کے ساتھ اس کی خصوصیات بھی ہیں جن کا ذکر اسی کتاب میں کسی علیحدہ جگہ بھی کیا گیا چنانچہ جو شخص سُبُّوحٌ، قُدُّوسٌ رَبُّنَا وَرَبُّ الْمَلٰئِكَةِ وَالرُّوحِ کو بعد نماز جمعہ ایک سو پچاسی ۱۸۵ مرتبہ پڑھے اور پھر انہی اسماء مبارکہ کو ایک پاکیزہ روٹی پر لکھکر کھالیا کرے۔ اللہ تعالیٰ کی محبت اس کے دل میں موجزن ہوگی اور تمام آفات سے سلامت رہے گا۔ ہر جمعہ کو اس کی مداومت ضروری ہے اللہ اس کو اپنی عبادت کی توفیق بخشے گا۔

۷:- اگر کوئی شخص ذیل کے نقش مکرم کو جو سورہ اخلاص کا ہے کاغذ پر خوشخط لکھ کر اپنی خلوت کی جگہ پر آویزاں اور فرصت کے بعد نقش مکرم پر نظر جما کر دیکھتا رہے۔ تو اللہ تعالیٰ کی محبت کا جذبہ اس کے دل میں پیدا ہو جائے گا۔ نقش مکرم یہ ہے۔

قل ھو	اللہ احد	اللہ	الصمد
اللہ احد	اللہ	الصمد	لم یلد
اللہ	الصمد	لم یلد	ولم یولد
الصمد	لم یلد	ولم یولد	ولم یکن لہ
لم یلد	ولم یولد	ولم یکن لہ	کفوا احد

۸:- حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ۔ تین مرتبہ، سورہ فاتحہ تین مرتبہ، سورہ اخلاص تین مرتبہ اللّٰهُ شَاهِدِي، اللّٰهُ حَاضِرِي، اللّٰهُ نَاظِرِي۔ تین مرتبہ ہر نماز کے بعد مداومت کے طور پر پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی محبت بندے کے دل میں موجزن ہوتی ہے۔

۹:- عاشقان الٰہی سے منقول ہے۔ کہ اگر کوئی بندہ کثرت کے ساتھ بخلوص دل اَللّٰهُمَّ قَلِّبْ قَلْبِي مَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى پڑھتا رہے تو اس کا دل اللہ کی طرف راغب ہو جائے گا۔ خواہ کیسا ہی سرکش و نافرمان کیوں نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ کی محبت اور شوق عبادت کے درجے تک پہنچ جائے گا۔

۱۰:۔ صبح کی نماز سے فارغ ہو کر قبلہ رو بیٹھ جائے اور پہلے تین یا سات یا گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورۂ یٰسین کی تلاوت شروع کرے اور جب مبین پر پہنچے تو اختتام آیت کے گول ۵ نشانوں کو اپنے ذہن میں تصور کر کے آنکھیں بند کرے اور دل میں خیال کرے کہ اس گول نشان میں سے نور نکل رہا ہے۔ جس نے نہ صرف میرے چاروں طرف احاطہ کر لیا ہے۔ بلکہ کمرے سے باہر نکل کر سارے جہان پر چھا رہا ہے۔ یہاں تک کہ کل مافیہا و دنیا کو اس نور نے ڈھانپ لیا ہے پھر آنکھیں کھول کر آگے بڑھے جب مبین پر پہنچے تو ایسا ہی خیال کرے یہاں تک کہ ساری سورت ختم کر دے۔ چالیس دن تک متواتر ایسا عمل کرنے سے عامل کو خود بخود معلوم ہو گا۔ کہ وہ نور الٰہی کے سائے میں ہے۔ اور عجیب و غریب کیفیات و تجلیات الٰہی کا ظہور ہو رہا ہے اور محبت الٰہی کا جذبہ کوٹ کوٹ کر اس کے جسم کی ہر رگ و پے میں بھر ا جا رہا ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔

۱۱:۔ جو شخص تہجد کے وقت کثرت کے ساتھ الصّمد کا ورد رکھے گا اور اول و آخر درود شریف کی ملاومت اختیار کرے گا تو اس کی زندگی میں دیدار الٰہی نصیب ہو گا۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔

اوراد برائے محبّت و دیدار

رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم

ہر ایک مسلمان کے لئے ضروری ہے۔ کہ وہ اپنی تمام خواہشوں اور چیزوں

کی نسبت اللہ تعالے اور اس کے رسول مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ کی محبت سے زیادہ رکھے اگر کسی شخص کے دل میں اپنی جان و مال، اولاد، جائداد وغیرہ وغیرہ کی محبت اللہ تعالے اور اس کے محبوب سرور عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت سے زیادہ ہے۔ تو وہ شخص مسلمان نہیں۔ ہم بغرض افادہ عام چند سہل اور ایسے مجرب اوراد درج کرتے ہیں۔ جن سے جناب رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت بھی نصیب ہوتی رہے گی۔ اور رسول اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جانثار عاشقوں میں شامل ہوجائے گا۔

۱۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صَاحِبَ الشَّفَاعَةِ وَيَا نَاصِرَ الْمُسْلِمِيْنَ۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خَاتِمَ الرِّسَالَتِ يَا سَيِّدَ النَّبِيِّيْنَ ٥

ہر روز بعد از نماز عشاء صدق دل سے اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھنا چاہیے انشاء اللہ عامل کے دل میں محبت رسول کا سمندر موجزن ہوگا۔ اور اگر عامل ہمیشہ مداومت رکھے گا۔ بالعموم آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے بھی مشرف ہوتا رہیگا۔

۲۔ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسمائے مبارک کا روزانہ ورد کرنا بمنزلہ بلا کے مجرب ہے۔ کوئی قید یا پابندی یا شرط نہیں۔ جتنی دفعہ ہو سکے روزانہ بلاناغہ پڑھ لیا کرے۔ اسمائے مبارک یہ ہیں اگلے صفحہ ۱۰ پر۔

اسمائے مبارک آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کے

ان متبرک اسموں کا ورد اس طرح کرے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ اِسْمُہٗ

نوٹ:- آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہر اسم کے ساتھ لفظ سیدنا ضرور پڑھنا چاہیے

سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم	حامد صلی اللہ علیہ وسلم	محمود صلی اللہ علیہ وسلم	احمد صلی اللہ علیہ وسلم
حبیب صلی اللہ علیہ وسلم	مزمل صلی اللہ علیہ وسلم	یٰسین صلی اللہ علیہ وسلم	حمید صلی اللہ علیہ وسلم
خلیل صلی اللہ علیہ وسلم	نبی صلی اللہ علیہ وسلم	قائم صلی اللہ علیہ وسلم	ہاد صلی اللہ علیہ وسلم
امین صلی اللہ علیہ وسلم	داعی صلی اللہ علیہ وسلم	قاسم صلی اللہ علیہ وسلم	کلیم صلی اللہ علیہ وسلم
قدیر صلی اللہ علیہ وسلم	طٰہٰ صلی اللہ علیہ وسلم	نذیر صلی اللہ علیہ وسلم	ولی صلی اللہ علیہ وسلم
حنتیل صلی اللہ علیہ وسلم	رسول صلی اللہ علیہ وسلم	بشیر صلی اللہ علیہ وسلم	وفی صلی اللہ علیہ وسلم
عاقب صلی اللہ علیہ وسلم	صاحب صلی اللہ علیہ وسلم	امین صلی اللہ علیہ وسلم	مطیع صلی اللہ علیہ وسلم
مبین صلی اللہ علیہ وسلم	علیم صلی اللہ علیہ وسلم	شہید صلی اللہ علیہ وسلم	بیان صلی اللہ علیہ وسلم
مصدق صلی اللہ علیہ وسلم	مختار صلی اللہ علیہ وسلم	مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم	ناطق صلی اللہ علیہ وسلم
واعظ صلی اللہ علیہ وسلم	ذاکر صلی اللہ علیہ وسلم	برہان صلی اللہ علیہ وسلم	فاتح صلی اللہ علیہ وسلم
عادل صلی اللہ علیہ وسلم	حافظ صلی اللہ علیہ وسلم	حجۃ صلی اللہ علیہ وسلم	نور صلی اللہ علیہ وسلم
مرضی صلی اللہ علیہ وسلم	شفیع صلی اللہ علیہ وسلم	عالم صلی اللہ علیہ وسلم	جواد صلی اللہ علیہ وسلم
رحیم صلی اللہ علیہ وسلم	امی صلی اللہ علیہ وسلم	تہامی صلی اللہ علیہ وسلم	قریشی صلی اللہ علیہ وسلم
غریب صلی اللہ علیہ وسلم	مدنی صلی اللہ علیہ وسلم	صادق صلی اللہ علیہ وسلم	مصلح صلی اللہ علیہ وسلم
طاہر صلی اللہ علیہ وسلم	فتاح صلی اللہ علیہ وسلم	رؤف صلی اللہ علیہ وسلم	عزیز صلی اللہ علیہ وسلم
حجازی صلی اللہ علیہ وسلم	ہاشمی صلی اللہ علیہ وسلم	ابطحی صلی اللہ علیہ وسلم	یتیم صلی اللہ علیہ وسلم
مکین صلی اللہ علیہ وسلم	شافع صلی اللہ علیہ وسلم	مشکور صلی اللہ علیہ وسلم	
محمد سید الکونین والثقلین صلی اللہ علیہ وسلم	والفریقین من عرب وعجم		

۳- وَلَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ الرَّحِيْمٌ ط (سورہ توبہ ع ۱۲۸)


اس آیت شریف کا روزانہ جتنی مرتبہ ہوسکے ہمیشہ ورد کرنے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ امتی کی محبت بڑھتی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس بندے کو اپنے رسول کی زیارت سے بھی مشرف کرتا ہے آغاز ماہ میں پنجشنبہ کے دن شروع کرے۔

۴ - اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ حُسْنِهٖ وَجَمَالِهٖ۔ اَللّٰهُمَّ جَرِّتْ قَلْبِيْ بِنَارِ عِشْقِ حَبِيْبِنَا مُحَمَّدٍ رُوْحِيْ فِدَاهُ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ شَيْءٍ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ صَلٰوةُ اللّٰهِ وَسَلَامِهٖ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَاَنْبِيَآئِهٖ وَرَسُوْلِهٖ وَجَمِيْعِ خَلْقِهٖ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّسَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامُ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتِمُ النَّبِيِّيْنَ وَقَائِدُ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ وَشَفِيْعُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَرَسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَحِبَّآئِهٖ وَاَحْفَادِهٖ وَعَشِيْرَتِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ اَجْمَعِيْنَ ط۔

کم از کم ایک مرتبہ زیادہ سے زیادہ جتنی دفعہ دل چاہے۔ روزانہ ہر نماز کے بعد پڑھے چند دنوں کے بعد دیکھے کہ محبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نور اس کے دل میں کس قدر موجزن ہے۔

جو شخص بعد از ادائے زکوٰۃ اس نقش مکرم کو متواتر چالیس دن تک سوتے وقت پانی میں گھول کر پئے گا اور کچھ چھینٹے اسی پانی کے جس میں نقش گھولا گیا ہو۔ اپنے منہ پر اس طرح ترتیب سے دے گا کہ زمین پر ایک قطرہ نہ گرے تو انشاء اللہ العزیز خواب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوگا ٭

نقش مکرم یہ ہے:



استخارہ کرنے کا بیان

جب انسان کوئی کام کرنے لگے تو لازم ہے کہ اس کے عواقب و نتائج اور دستور عمل پر پہلے نظر کرے تاکہ بعد میں پشیمانی حاصل نہ ہو۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ کوئی کام شروع کرنے سے پہلے استخارہ کر لو جس کے ذریعہ اللہ تعالے تمہیں اس کام میں بھلائی یا برائی یعنی نفع یا نقصان سے آگاہ کر دیگا۔ چنانچہ ایک چند ایک مجرب طریقے استخارہ کرنے کے لکھے جاتے ہیں

ا۔ پاک صاف ہو کر خلوت کے مکان میں مصلے پر بیٹھ جاؤ جس قدر تعداد میں جی چاہے درود شریف پڑھ کر کام مطلوبہ کی نسبت بھلائی یا برائی معلوم کرنے کی غرض سے کھڑے ہو کر دو رکعت نماز شروع کرو۔ پہلی رکعت پڑھنے کے بعد جب دوسری رکعت میں اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ پہنچو تو اسی آیت شریف کی لا تعداد پر تکرار کرتے رہو۔ یعنی بے حساب یہ آیت پڑھنا شروع کرو۔ یہاں تک کہ تمہاری گردن خود بخود دائیں یا بائیں طرف پھر جائیگی جس وقت گردن پھر جائے تو بقیہ نماز پوری کرو۔ اگر تمہاری گردن دائیں طرف پھری ہو تو کام کرنا

اچھا ہے ورنہ برا۔

۲ - دو رکعت نماز استخارہ کی نیت سے پڑھو بعد اس کے ایک سو مرتبہ درود شریف۔ پھر ایک سو ایک مرتبہ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ ایک سو ایک مرتبہ یَا رَشِیْدُ اَرْشِدْنِیْ پھر ایک سو ایک مرتبہ یَا هَادِیْ اِهْدِنِیْ پھر یا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ پھر ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر خدا سے بھلائی یا برائی کا کام کرنے کی دعا مانگو اور اسی جگہ اسی مصلے پر سو رہو۔ انشاء اللہ پہلی رات میں ہی بذریعہ خواب سب کچھ معلوم ہو جائے گا۔ اگر پہلی رات ناکامی ہو تو دوسری یا تیسری رات تک کرو ضرور سب حال ہو جائے گا۔

۳ - مکان خلوت میں دو رکعت نماز استخارہ پڑھو پھر جس قدر تعداد میں ہو سکے طاق تعداد میں درود شریف پڑھ کر ذیل کی دعا پڑھو۔ یہاں تک کہ دعا پڑھتے پڑھتے اسی جگہ سو جاؤ انشاء اللہ کسی نہ کسی طریق پر اسی رات تمہیں کام کے متعلق معلوم ہو جائے گا۔ دعا یہ ہے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُكَ بِعِنْمَاتِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَاَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ (یہاں تک ہذا الامر کی جگہ اپنے کام کا نام لینا چاہیے۔)

بَیْسِرُ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَمَعَادِیْ وَعَاقِبَةِ الْاَمْرِیْ مَاجِلُهُ فَقَدِّرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ (یہاں تک پھر ہذا الامر کی جگہ کام کا نام لینا چاہیے)

بَیْسَا لِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَمَعَادِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةُ الْاَمْرِیْ مَاجِلَةٌ خَامِرِیْ فَلْ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ط

۴- سب سے زیادہ بہتر اور ہمیشہ کے لئے کار آمد اور سہل استخارہ کی نرالی ترکیب یہ ہے۔ کہ اول ذیل کے نقش کشف الاسرار کی زکوٰۃ ادا کریں۔ بعد جس کام کے متعلق نیک یا بد معلوم کرنا ہو یا اسے سرانجام دینے کی ترکیب معلوم کرنا مقصود ہو تو تعویذ مکرم کو لکھ کر اپنے سرہانے کے نیچے رکھ کر رات کو سو جائے۔ انشاءاللہ خواب میں سب سے حال منکشف ہو جائے گا۔ بارہا کا آزمودہ اور مجرب و سریع التاثیر ہے۔ ہمیشہ تیر بہدف ثابت ہوا ہے۔ انشاءاللہ تمام حاجات اور مشکلات کے لئے بھی مفید اور سریع التاثیر ہے۔

اس نقش کی پہلے زکوٰۃ ادا کرو اور وہ یوں ہے۔ کہ پرہیز جلالی و جمالی کے ساتھ ایک دن یا جتنے دنوں میں چاہو۔ عروج ماہ میں سوا لاکھ مرتبہ اس تعویذ کو لکھو اور آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال دو جب سوا لاکھ کی تعداد پوری ہو جائے گی تو تم عامل ہو جاؤ گے خواہ سوا لاکھ کی تعداد پوری کر کے ایک دن دریا میں ڈال دو خواہ جتنے روزانہ لکھے ہوں۔ دریا میں ڈالتے رہو۔ خواہ دوسرے چوتھے روز دریا میں ڈال دیا کرو۔ یہ عامل کی اپنی مرضی ہے۔ زکوٰۃ کے بعد لکھ اس کو اپنے سرہانے رکھو تمام حالات معلوم ہو جائیں گے۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد کم از کم روزانہ اکیس نقش لکھ لیا کرو۔ جب کبھی دریا کی طرف جانے کا موقعہ ملے تو لکھے ہوئے سب تعویذ اکٹھے کر کے گولی بنا کر دریا میں ڈال دو۔ اس طرح کرنے سے عمل قابو میں رہے گا۔

نقش مکرم یہ ہے

۹	۲۲	۱۹	۱۶
۲۰	۱۵	۱۰	۲۱
۱۴	۱۷	اس خانے میں ۲۴ سوال لکھ	۱۱
۲۲	۱۲	۱۳	۱۸

کشائش رزق کے اعمال

۱:- قمری مہینے کی ساتویں تاریخ کو علی الصبح بیدار ہو کر غسل کرے بعدہ اڑھائی پاؤ جو کا آٹا لے کر اور اس کی دو روٹیاں پکاوے۔ لیکن با وضو ہو۔ اس کے بعد روٹیوں کو میٹھے تیل سے چپڑ کر ایک پر کھانڈ رکھے اور دوسری پر بکری کے دودھ یا دہی میں نمک اور سرخ مرچ ڈال کر رکھے۔ دونوں روٹیوں کو مصلے کے اوپر رکھ کر صبح کی نماز ادا کرے۔ بعد ازاں آفتاب نکلنے سے پہلے ذیل کا نقش سات بار لکھیں اور روٹیوں اور نقش کو اسی جگہ مصلے پر احتیاط کے ساتھ رکھا رہنے دیں اور خود دیگر اپنے دنیاوی کاروبار میں مصروف ہو جائے جب ظہر کا وقت ہو تو نماز ظہر ادا کر کے درود شریف پڑھ کر روٹیوں اور نقشوں کو اکٹھا کر دریا یا نہر میں جا کر پھینک دے۔ صرف جاتی دفعہ کسی سے کلام کرنا منع ہے۔ البتہ دل ہی دل میں درود شریف پڑھتا رہے اللہ کے فضل سے رزق میں کشائش ہوگی۔ اور محتاجی دور ہو جائے گی۔ یہ عمل اکیس ۲۱ دن کرنا چاہیئے

۷۸۶

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

نقش معظم یہ ہے۔

۲:- فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۔ آیت مذکورہ بالا ایک ایسی نعمت ہے جس کا کوئی حد و حساب نہیں توجہ یا غیر توجہ کے ساتھ جس طرح بھی چاہے پڑھے۔ ساتویں دن اس کا اثر ظاہر ہونا ہو جاتا ہے جتنی مرتبہ پڑھا جا سکے پڑھو اور ہمیشہ پڑھتے رہو۔ پھر قدرت

خدا کا تماشہ دیکھو۔ کہ دین اور دنیا کے کام کس طرح سدھرتے جاتے ہیں دوسرے اعمال میں یکسوئی قلب اور پوری توجہ کی ضرورت ہے۔ لیکن یہ آیت شریف ان سب باتوں سے بے نیاز ہے۔ کسی طرح پڑھو اثر ضرور ہوگا۔ بلکہ اگر ہر وقت اٹھتے بیٹھتے سوتے جاگتے اس کا ورد رکھا جائے تو انسان تمام تفکرات سے بے نیاز ہو جاتا ہے مجرب المجرب ہے۔ اور شک کرنے والا کافر۔

اس آیت شریف میں ایک خاص تاثیر ہے۔ ذرا پڑھ کر تو دیکھو۔ کوئی چلہ نہیں۔ کوئی پابندی نہیں۔ خدا کی قسم وہ شخص سخت بد قسمت ہے۔ جو اس آیت شریف کے آزاد ورد سے محروم ہے۔ درمیان میں کسی وقت کوئی درود شریف بھی جتنی مرتبہ دل چاہے پڑھتے رہو۔ اگر اس کے ساتھ اس سے پہلے کی آیت لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ الرَّحِيْمٌ بھی ملا لی جائے۔ تو مزید فوائد ظہور میں آئیں گے۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔

۳:۔ سال بسال ربیع الاول کے مہینے کی ہر جمعرات کو ذیل کا عمل کر لیا جائے تو انشاء اللہ سال بھر اس کی روزی میں برکت رہے گی۔ اور تنگدستی کافور ہو جائے گی۔

عمل یہ ہے۔ گلاب کا ایک تازہ شگفتہ پھول لے کر اول تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر اکیس مرتبہ اَللّٰهُ نَاصِحٌ۔ اَللّٰهُ حَافِظٌ اکیس مرتبہ اور اَللّٰهُ الصَّمَدُ سو مرتبہ درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر پھول پر دم کرے اور ہر وقت اس کو سونگھتا رہے۔ جب پھول سوکھ جائے تو کھا لے۔

۴:۔ بعد نماز صبح بلا ناغہ سو مرتبہ اَللّٰهُ الصَّمَدُ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ

رزق میں برکت ہوگی قرض ادا ہو جائے گا - مداومت شرط ہے۔

۷۹۶

۶۶۳	۳۹	۵	۷۹۵
۶۵	۸۹	۶۷	۳۷
۸۸	۳	۱۴۵	۳۸
۷۵۴	۶۹	۸۷	۴۵

علاوہ ازیں ذیل کا نقش مبارک لکھکر ہمیشہ پاس رکھے اور ایک نقش لکھکر اپنے مال و اسباب میں رکھ دے - برکت حاصل ہوتی رہے گی۔

نقش مکرم یہ ہے

۵ - اگر کوئی شخص ہر روز کم از کم ایک سو مرتبہ اول و آخر چند بار درود شریف کے ساتھ لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کا پڑھ لیا کرے گا - وہ ہمیشہ دولتمند رہے گا - اور کبھی محتاجی کا منہ نہ دیکھیگا

۶ :- اول ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے - بعد ازاں تین روزے رکھے اس کے بعد علاج ماہ میں اتوار کے روز سے شروع کرے - تہجد کی نماز کے بعد باوضو بیٹھ جائے اور ایک مرتبہ کوئی درود شریف پڑھ کر پانچہزار دو سو چوراسی مرتبہ "یَا بَاسِطُ" کا ورد کرے پھر ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر صبح کی نماز ادا کرے - اور قلم دوات پاکیزہ سے ذیل کا نقش ۷۲ مرتبہ پر کرے اور آٹے میں گولیاں بنا کر اسیوقت جا کر دریا میں ڈال دے - دریا کی طرف جاتے ہوئے کسی سے کلام نہ کریں نقش ڈالکر جب واپس آئیں تو پیچھے مڑ کر نہ دیکھیں اکتالیس (۴۱) دن کے بعد اس کا عمل پورا ہو جائیگا دوران عمل میں صرف جو یا گندم کی روٹی بے نمک کھائیں اور پکائیں بھی اپنے ہاتھ سے انشاء اللہ بعد گزرنے اکتالیس (۴۱) دن کے روز ہی میں برکت ہوگی - اور دست غیب حاصل ہوگا خواہ کسی طرح ہو بارہ روپے روز اسے مل جایا کرینگے لیکن سب کے سب روز

خرچ کر دیا کرے اور کسی کو راز نہ بتائیں۔ اکتالیس دن کے بعد صرف گیارہ مرتبہ نقش ذیل بطور عمل قابو میں رکھنے کے لکھتا رہے۔ اور کسی فرصت کے وقت دوسرے چوتھے دن جاکر دریا میں ڈال دیا کرے اور بہتر مرتبہ روزانہ اسم "یا باسط" کا ورد رکھا کرے۔

الحب یار فتامین تجوز یا باسط

١٨	٤٨	٦
١٢	٢٤	٣٦
٤٢		٣٠

نقش مکرم یہ ہے۔ دست غیب یا گشائش رزق یا ادائے قرض جو چاہے لکھے۔

٧:- ذیل کا نقش مکرم جو نہایت پر تاثیر اور مجرب ہے ہر وقت اپنے پاس رکھے ہر طرح سے مفید ہے نجاست کے وقت علیحدہ کر دے انشاء اللہ رزق میں وسعت ہوگی۔ نقش مکرم یہ ہے۔

٧٨٦

٧٨٣	٧٧٨	٧٨٥
٧٨٤	٧٨٢	٧٨٠
٧٧٩	٧٨٦	٧٨١

بجاہ حبیبک یا اللہ

٨:- اگر کاروبار یا دوکان کی خسارہ بازی ہو تو ذیل کا نقش تیر بہدف ثابت ہوگا حسب قاعدہ وقت مقررہ پر پُر کر کے دوکان میں یا مال تجارت میں رکھدیں اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں یا قمر زائد النور کی حالت میں جبکہ قمر برج شرف میں ہو ساعت زہرہ و مشتری میں اتوار یا سوموار کے دن نقش مکرم کو پاک صاف ہو کر لکھیں قبل از لکھنے تعویذ مکرم کے ایک سو ایک مرتبہ درود شریف پڑھیں اور لکھ چکنے کے بعد بھی پڑھ کر دم کریں اور مال تجارت میں رکھ دیں انشاء اللہ برکت ہوگی اور رزق حاصل ہوگی

٧٨٦

نقش یہ ہے

١٢٧	١٣٠	١٣٤	١٢٠
١٣٣	١٢١	١٢٦	١٣١
١٢٢	١٣٦	١٢٨	١٢٥
١٢٩	١٣٤	١٢٣	١٣٥

۹:- قمر النور مشتری کی ساعت میں بروز پنجشنبہ نقش ذیل کو مشک و زعفران
سے باطہارت لکھے لکھتے وقت روپیہ منہ میں ڈال رکھے نقش مذکورہ کو
احتیاط کے ساتھ خوشبو لگا کر روپے کی صندوقچی میں رکھے انشاءاللہ
اس نقش مکرم کی برکت سے صندوقچی خالی نہ رہے گی۔ اگر جیب میں
رکھے جیب بھری رہے غلہ میں رکھے تو برکت ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹	ع ع	۱۳	ع	۶	۱۶		
۱۱	۱	۸	عه	۶			
۱۵ عه	ع	اللہ	۳	اعه			

۱۰:- دیگر مندرجہ بالا مقصود کے لئے مجرب اور سریع التاثیر ہے اسطرح عمل کرے۔
یہ دونوں نقش لکھے جائیں۔ نقش مکرم یہ ہیں۔

۷۸۶

ل	ط	ی	ف
ف	ی	ط	ل
ط	ل	ف	ی
ی	ف	ل	ط

ف	ت	ا	ح
ح	ا	یا لطیف یا فتاح	ف
ت	ف	ح روزی من از غیب رساں	ا
ا	ح	ف	ت

۱۱:- اسم اللہُ الصَّمَدُ" کو بیس روز تک پنجگانہ ادائے زکوٰۃ مکان خلوت
میں کمال طہارت کے ساتھ ایک خاص مکان اور خاص لباس کے ساتھ
پڑھے اول و آخر درود شریف ایک ایک تسبیح درمیان میں چھ ہزار
تین سو مرتبہ روزانہ اللہُ الصَّمَدُ عامل ہو جائے گا۔ اس کے
بعد روزانہ ایک سو اسٹھ مرتبہ تلاوت کر لیا کرے۔
انشاءاللہ العزیز جس کی طرف نظر کرے گا۔ مطیع ہو گا۔
اور جو کچھ چاہے گا قبول کر لیگا۔

۲:- زکوٰۃ کے بعد جیسے کہ عمل ۲ میں بتائی گئی ہے اگر کوئی شخص مکرم کو لکھ کر اپنی ران پر باندھے گا تو لمحوں میں ہزاروں کوس کا فاصلہ طے کرے گا - اور تھکاوٹ محسوس نہ ہوگی - بحر و بر اس کے لئے مسخر ہوں گے - زمین اور سمندروں سے حسب مرضی کام لے گا -

نقش مکرم یہ ہے ......

۷۸۶

۱	۱۸	۱۱	۸
۱۳	۷	۲	۱۹
۶	۹	۱۲	۳
مطلب	۴	۵	۱۰

ذیل کا نقش کامل طہارت کے ساتھ ساعت سعید میں لکھ کر لوبان کی دھونی دے کر بازو میں باندھے - ہر تسخیر حاصل ہوگی اور تمام مخلوقات عزت اور وقعت کی نظروں سے دیکھے گی -

نقش یہ ہے -

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ

یا جبرائیل علیہ السلام — یا میکائیل علیہ السلام

یا حنان	۲۶۹۷	۲۶۹۱	۲۶۹۸
یا منان	۲۶۹۷	۲۶۹۵	۲۶۹۳
یا دیان	۲۶۹۲	۲۶۹۹	۲۶۹۴
یا برہان	علیقا	طلیقا	ملیفا

یا عزرائیل علیہ السلام — یا اسرافیل علیہ السلام

۷۸۶

۳۹۶	۴۱۱	۴۰۸	۴۰۳
۴۰۹	۴۰۲	۳۹۷	۴۱۰
۴۰۱	۴۰۶	۴۱۳	۳۹۸
۴۱۲	۳۹۹	۴۰۰	۴۰۷

یہ نقش لکھ کر پاس رکھیں تسخیر حاصل ہوگی -

نقش یہ ہے ......

تسخیر مخلوقات :۔ کے لئے ذیل کا نقش مخمس بھی بے نظیر اور مجرب ہے اس نقش کو ساعت زہرہ میں جبکہ زہرہ بحالت شرف ہو تانبے کی تختی پر کندہ کرا کے اپنے پاس رکھیں۔ قوت تسخیر حاصل ہوگی۔ مناسب ہے کہ لکھتے وقت بخورات کام میں لائیں تختی کے ایک طرف کندہ کریں اور تختی کے دوسری طرف لکھیں یاخوطائیل - یاموکائیل
نقش یہ ہے ...

۱۷۹	۲۰۴	۱۹۸	۱۹۲	۱۸۵
۱۹۳	۱۸۶	۱۸۰	۲۰۰	۱۹۹
۲۰۱	۱۹۵	۱۹۴	۱۸۷	۱۸۱
۱۸۸	۱۸۲	۲۰۲	۱۹۶	۱۹۰
۱۹۷	۱۹۱	۱۸۴	۱۸۳	۲۰۳

ذیل کا نقش ہر حاجت کے لئے اکسیر اور پرتاثیر ہے اعتقاد شرط ہے نقش مکرم یہ ہے اس کو لکھکر بنہایت احتیاط کے ساتھ ہر وقت اپنے پاس رکھے انشاءاللہ ہر حاجت پوری ہوگی اور عامل کو تھوڑے دنوں کے بعد اس کی قدر قیمت معلوم ہوجائے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط حق حق حق موجود

کشتگان	خنجر	تسلیم را	ہر زمان
خنجر	تسلیم را	ہر زمان	از غیب
تسلیم را	ہر زمان	از غیب	جان
ہر زمان	از غیب	جان	دیگر است

بحق ھاھا ھو ھو حی حی

سخت مشکل یا حاجت کی صورت میں ذیل کا آسان عمل نہایت بابرکت اور تیر بہدف ہے۔ ترکیب یہ ہے۔ عروج ماہ میں ہفتہ کے دن شروع کریں اور وظیفہ شروع کرنے سے پیشتر جتنی دفعہ ہوسکے اول درود شریف پھر استغفار اور پھر درود شریف پڑھ لیں اسیطرح بعد ختم وظیفہ کے بھی جتنی دفعہ ہوسکے درود شریف انشاءاللہ عمل ختم ہونے تک یعنی ہفتہ کے اندر اندر ہی اس کی حاجت پوری ہوگی۔ اس ترکیب سے پڑھے اور وظیفہ فرض نماز ادا کرنے کے بعد پڑھنا چاہیئے۔ اور سنت اور نوافل بعد وظیفہ ادا کرے :۔

نقشہ صفحہ ۲۳ پر ہے۔

دن کا نام	نماز فجر	نماز ظہر	نماز عصر	نماز مغرب	نماز عشاء
اتوار	یا حیُّ یا قیّومُ ۱۰۰۰ مرتبہ	یا حیُّ یا قیّوم برحمتک استغیث ۱۰۰۰ مرتبہ	لا الٰہ الا اللہ العزیزُ الجلیل یا عزیز یا جلیل ۱۰۰ مرتبہ	لا الٰہ الا اللہ الملکُ الحکمُ العدل ۱۱۰ مرتبہ	الا الی اللہ تصیرُ الامور ۱۰۰۱ مرتبہ
سوموار	یا رحمٰنُ یا رحیمُ ۱۰۰۰ مرتبہ	درود شریف ۱۰۰۰ مرتبہ	درود شریف ۱۰۰ مرتبہ	لا الٰہ الا اللہ الواسعُ الودود ۱۲۰ مرتبہ	واللہ غالبٌ علیٰ امرہٖ ۱۰۰۰ مرتبہ
منگلوار	یا مالک یوم الدین ۱۰۰۰ مرتبہ	لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم ۱۰۰۰ مرتبہ	لا الٰہ الا اللہ خالصاً مخلصاً ۱۰۰ مرتبہ	لا الٰہ الا اللہ الواحدُ الاحدُ ۱۳۰ مرتبہ	واللہ المستعان علیٰ ما تصفون ۱۰۰۱ مرتبہ
بدھوار	یا علیُّ یا عظیمُ ۱۰۰۰ مرتبہ	استغفار ۱۰۰۰ مرتبہ	لا الٰہ الا انت خالق کلُّ شیءٍ وھو علیٰ کلِّ شیءٍ وکیلٌ ۱۰۰ مرتبہ	لا الٰہ الا اللہ الملکُ الصمدُ لا اول ۱۴۰ مرتبہ	لا یجلیھا لوقتھا الا ھو ۱۰۶ مرتبہ
جمعرات	یا کبیرُ یا متعالُ ۱۰۰۰ مرتبہ	کلمہ توحید یا کلمہ شہادت ۱۰۰۰ مرتبہ	کلمہ تمجید ۱۰۰ مرتبہ	لا الٰہ الا اللہ الملکُ المالکُ ۱۵۰ مرتبہ	انما اشکو بثی وحزنی الی اللہ ۱۰۰۱ مرتبہ
جمعہ	یا کافی یا غنی ۱۰۰۰ مرتبہ	کلمہ تمجید ۱۰۰۰ مرتبہ	لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین ۱۰۰ مرتبہ	کلمہ طیب ۱۶۰ مرتبہ	وافوض امری الی اللہ ان اللہ بصیرٌ بالعباد ۱۰۰۱ مرتبہ
ہفتہ	یا فتاح یا رزاقُ ۱۰۰۰ مرتبہ	کلمہ طیب ۱۰۰۰ مرتبہ	لا الٰہ الا اللہ الملکُ الحقُ المبین ۱۰۰ مرتبہ	لا الٰہ الا اللہ الملکُ السلامُ المنصورُ ۱۰۰ مرتبہ	لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین ۱۰۰۱ مرتبہ

صلوٰۃ الخضر: بہت مشہور اور مجرب عمل ہے جو قضائے حاجات اور مہمات کے حل کے لئے اکسیر ہے ترکیب یوں ہے۔

کسی تنہائی اور خاموشی کے وقت اول دو رکعت نماز نفل بہ نیت حاجت یا مشکل پڑھے پہلی رکعت میں الحمد کے بعد قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ۱۰ دس مرتبہ پڑھے۔ دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد دس مرتبہ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھے بعد اس کے گیارہ بار درود شریف پڑھ کر سجدے میں سر رکھے اور دس بار یہ دعا پڑھے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ۱۰ دس بار پھر دس مرتبہ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۱۰ کہے اس کے بعد درود شریف پڑھ کر اپنی حاجت اللہ تعالیٰ سے طلب کرے انشاء اللہ چند دن ایسا کرنے سے اس کی حاجت پوری ہوگی مجرب ہے۔

اول ان چاروں نقشوں کی زکوٰۃ بطریق ذیل ادا کرے بعد ازاں جس کام کا مشکل یا حاجت کے لئے ان کو لکھے گا۔ انشاء اللہ کامیابی حاصل کرے گا۔ اور تیر بہدف پائیگا انکی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ چونتیس ۳۴ دن عامل گوشہ نشینی اختیار کرے اور ترک حیوانات جلالی وجمالی کرے ان نقشوں کی روزانہ چونتیس ۳۴ چونتیس ۳۴ بار لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر ہر روز دریا میں ڈال دیا کرے چونتیس دن تک برابر بلا ناغہ ہر ایک نقش ۳۴ دفعہ لکھ کر ایک قسم کے نقش کی ایک ایک گولی بنا کر کل چار گولیاں بنائے اور آٹے میں ملا کر دریا میں روزانہ ڈالے چونتیس دن کے بعد زکوٰۃ پوری ہو جائے گی اور عمل قابو میں آجائے گا بعد ازاں اپنے کام میں لائیں اور دیکھیں کہ نقش کس قدر پر تاثیر ہے۔ نقش یہ ہیں:

۷۸۶

۱۲	۷	۱۵
۲	۱۱	۹
۸	۱۶	۱۰

۷۸۶

۸	۱۴	۲
۱۶	۱۱	۷
۱۰	۹	۱۵

۷۸۶

۱۰	۱۶	۸
۹	۱۱	۴
۱۵	۷	۱۲

۷۸۶

۱۲	۱۴	۸
۷	۱۱	۱۶
۱۵	۹	۱۰

ذیل کا نقش مکرم نہایت مفید اور مجرب ہے اس کی زکوٰۃ کا طریق یہ ہے۔ کہ
عروج ماہ میں کسی ساعت سعید میں اس نقش کو لکھنا شروع کریں روزانہ چالیس
مرتبہ لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر روز دریا میں ڈال دے چالیس دن بعد زکوٰۃ
پوری ہو جائے گی۔ پھر اپنے کام میں لائیں جس مطلب کے لئے لکھے گا انشاء اللہ
مطلب حل ہو گا۔ زکوٰۃ کے بعد اس نقش کو ہرن کی جھلی پر لکھ کر اپنے پاس بھی رکھ
لیں۔ نقش مکرم یہ ہے

۷۸۶

۱۹۷ سلام	۲۱۰ قولا	۲۰۷ من الرب	۲۰۴ الرحیم	۲۰۸ قولا	۲۰۳ من الرب	۱۹۸ الرحیم	۲۰۹ سلام
۲۰۶ من الرب	۲۰۵ الرحیم	۲۱۲ سلام	۱۹۹ قولا	۲۱۱ الرحیم	۲۰۰ سلام	۲۰۱ قولا	۲۰۲ من الرب الرحیم

عروج ماہ میں اس تعویذ کو اکیس دن تک اکیس مرتبہ روزانہ لکھ کر آٹے میں گولیاں
بنا کر دریا میں ڈالے زکوٰۃ پوری
ہو جائے گی پھر جس کام کے لئے
چاہے لکھے مجرب ہے۔
تعویذ مکرم یہ ہے

۷۸۶

۲۸	۲۳	۲۴
۲۱	۲۵	۲۹
۲۶	۲۷	۲۲

آدھی رات کے وقت تنہائی کے مکان میں جہاں کسی آدمی یا کسی اور
کوئی قسم کی آواز سنائی نہ دیتی ہو۔ باوضو بیٹھ کر اول دو رکعت نماز
ادا کرے پھر ایک سو ستر مرتبہ آیتہ الکرسی کی تلاوت کرے۔ اوّل
آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر ننگے سر سجدے میں جائے۔
اور عاجزی کے ساتھ درگاہ الٰہی میں دعا کرے۔ انشاء اللہ کیسی ہی
سخت مشکل کیوں نہ ہو گی۔ حل ہو جائے گی۔ بعض اعمال میں
ایک سو ستر کی بجائے۔ تین سو تیرہ مرتبہ پڑھنے کی ہدائیت ہے۔
تین سو تیرہ کی تعداد میں ایک راز ہے اصحاب بدر اور اصحاب جالوت کی تعداد
بھی تین سو تیرہ تھی ؛

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ط قُلْ هُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ لَیْسَ کَمِثْلِہٖ اَحَدٌ اِلَّا تَسَلَّطَ عَلٰی اَحَدٍ وَّغَنِیٌّ وَّیَارَبِّ کُلِّ اَحَدٍ بِفَضْلِ قُلْ هُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ اِلٰهِیْ یَا مَنْ هُوَ قَدِیْمٌ یَا دَائِمٌ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ اقْضِ حَاجَتِیْ یَا لَوْحُ یَا صَمَدُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ط اول و آخر چند مرتبہ درود شریف کے ساتھ یہ دعا صبح و شام تین تین مرتبہ کچھ دنوں تک پڑھنے سے تمام مشکلات حل ہوں گی۔

اس نقش کو لکھکر خوشبو لگائے۔ اور ٹوپی یا پگڑی میں رکھے اور خدا کی قدرت دیکھئے سب مشکلات حل ہونگی۔

یا جبرائیل

۷۸۶

۸	۲	۱۰
۹	۷	۴
۳	۱۱	۶

یا میکائیل — یا اسرافیل — یا عزرائیل

نقش یہ ہے

یہ نقش ساعت سعید میں پر کرکے اپنے پاس رکھیں۔ نہایت مجرب اور آزمودہ ہے انشاءاللہ ہر مشکل حل ہوگی۔

۷۸۶

۵۳۹۱۳	۵۳۹۱۶	۵۳۹۱۹	۵۳۹۱۵
۵۳۹۱۸	۵۳۹۰۶	۵۳۹۱۲	۵۳۹۱۷
۵۳۹۰۷	۵۳۹۲۱	۵۳۹۱۴	۵۳۹۱۱
۵۳۹۱۵	۵۳۹۱۰	۵۳۹۰۸	۵۳۹۲۰ ابجد مطلب ہیں

نقش مکرم یہ ہے ۔۔۔۔

ذیل کا نقش بھی پرتاثیر ہے اور اس کو پاس رکھنے والا ہر قسم کی مشکلات پر غالب آتا رہے۔

۷۸۶

۳۳۵	۳۴۰	۳۲۷
۳۲۶	۳۳۴	۳۴۲
۳۴۱	۳۲۸	۳۳۳

نقش یہ ہے۔

وَفَاتِمُنَا بَعْدَ ثَلَاثٍ تَجَمَّلٍ   بِکُلِّ بَلَاءٍ دَاخِلِ الْجِسْمِ سُقْمُتُ

اس شعر کا مطلب یہ ہے یعنے جس وقت انسان کسی اندرونی مرض میں مثلاً قولنج وضعف جگر وضعف قلب وغیرہ میں مبتلا ہو اور حکماء اس کے علاج سے عاجز ہوگئے ہوں تب ان تین عصٰی اور خاتم کو اس طرح لکھے ۱۱۱  مکرر سات بارہ چینی کے برتن میں اور رات کو ستاروں کے سایہ میں رکھ کر صبح کو مریض کو پلایا جائے۔

یہ شعر مُتَحِّلْ اَنْوَاعِ الْعَذَابِ جَمِیْعَۃً ما یعنے جب تجھ پر کوئی ظلم کرے اور اس سے بدلہ لینے پر قادر نہ ہو پس ایک تمثال بنا اور اس کا نام معہ اس کی ماں کے لکھ کر اس تمثال کے ہر عضو پر تین عصاء اور خاتم اسنان بنا کر ایک لکڑی کا تابوت بنا جیسے مردہ کا ہوتا ہے اور اس تمثال کو اس کے اندر رکھ کر دفن کر دے ایسی جگہ کہ آگ قریب ہو پس جوں جوں تمثال مومی پگھلے گی اس شخص پر شدت عظیم نازل ہوگی اور جسم اس کا مضمحل ہو جائے گا۔

یہ شعر وَجِیْمٌ لِمُجْرِی ذَمِّ کُلِّ امْرِءٍ طَغٰی ط یعنے ایک سانپ ٹھیکری پر جس کا نام منظور ہو معہ اس کی ماں کے نام کے لکھے جس دن کہ تیز ترین ایک درجہ کہ مجتمع ہوں۔ پس اس کے افتراق سے پہلے میم اور تینوں عصاء معہ سنان اور خاتم مقلوب کے لکھے اور کسی بند پانی میں مثلاً کنوئیں وغیرہ میں

ڈال دیں - اسی وقت سے معمول کا خون جاری ہوگا اور تھوڑے عرصہ میں ہلاک ہوجائیگا -

اسم اعظم کے بیان میں

حضرت ممتاز دنیوری فرماتے ہیں - کہ ایک شخص شام کے وقت ایک گاؤں میں داخل ہوا اور گاؤں والوں سے کہا کہ تم میں سے کوئی ایسا شخص ہے جو رات کو مجھے اپنے گھر میں مہمان رکھے اور اس کا اجر خدا پر ہے گاؤں والوں سے کوئی اس کی طرف متوجہ نہ ہوا - یہ شخص کھڑا ہوا تھا کہ ایک اندھا آدمی آیا اور اس نے اس شخص کی آواز سنی جو کہہ رہا تھا - کہ کون شخص ہے جو صبح تک مجھے مہمان رکھے اس اندھے نے کہا کہ میں ہوں - پھر اس کا ہاتھ پکڑ کر وہ اندھا اپنے گھر لے گیا - اور بہت اچھی طرح سے مہمانی کی - رات کو یہ اندھا قضا ئے حاجت کو اٹھا - تو اس نے سنا کہ وہی مہمان بار بار یہ دعا پڑھ رہا ہے - اندھے کے دل میں خدا کی طرف سے یہ بات پیدا ہوئی - کہ تو بھی اس دعا کو یاد کرلے چنانچہ اس نے یاد کرلی - اور وضو کرکے دو رکعت نماز پڑھی پھر اس دعا کو پڑھتا رہا - صبح نہ ہونے پائی تھی کہ اس کی آنکھیں روشن ہوگئیں پھر اس نے اس فقیر کو ہر چند تلاش کیا کہیں اس کا پتہ نہ ملا - معلوم ہوا کہ وہ ولی اللہ تھے اس کو دعا نابینا بھی کہتے ہیں - یعنی ایک نابینے کے پڑھی تھی - اور خدا تعالےٰ نے اس کو روشنی بخشی وہ دعا یہ ہے -

اَللّٰھُمَّ رَبَّ الْاَرْوَاحِ الْفَانِیَةِ وَالْاَجْسَادِ الْبَالِیَةِ اَسْئَلُکَ بِطَاعَةِ الْاَرْوَاحِ الرَّاجِعَةِ اِلٰی اَجْسَادِھَا الْمُلْتَئِمَةِ بِعُرُوْقِھَا وَبِطَاعَةِ الْقُبُوْرِ الْمُتَشَقِّقَةِ عَنْ اَھْلِھَا وَدَعْوَاتِکَ الصَّادِقَةِ فِیْھِمْ وَاَخْذِکَ الْحَقَّ مِنْھُمْ وَ قِیَامِ الْخَلْقِ کُلِّھِمْ مَخَافَتَکَ وَشِدَّةِ سُلْطَانِکَ یَنْظُرُوْنَ قَضَائَکَ

وَ يَخَافُوْنَ عَذَابَكَ اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ النُّوْرَ فِیْ بَصَرِیْ وَ الْاِخْلَاصَ فِیْ عَمَلِیْ وَ الشُّکْرَ فِیْ قَلْبِیْ وَ ذِکْرَكَ فِیْ لِسَانِیْ بِاللَّیْلِ وَ النَّهَارِ مَا اَبْقَیْتَنِیْ یَا اَللّٰهُ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ط وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط وَ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ وَ سَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا۔ اٰمِیْن۔

اسم اعظم کے متعلق کہا گیا ہے کہ جو اسم اعظم کا ارادہ کرے اس کو چاہیئے کہ شروع حدید میں صدورنک اور لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ سے لے کر سورہ حشر تک پڑھ کر یہ کہے کہ "اے اللہ تو ایسا اور ایسا ہے اور بزرے سوا کون ایسا اور ایسا ہے کہ فلاں کام کر دے" بعض کہتے ہیں کہ اگر سچے دل سے مردہ پر یہ دعا کرے گا تو زندہ ہو جائے گا۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الْمَخْزُوْنِ تسمکون الطاهر المقدس الحی القیوم ط الرحمن الرحیم ذوالجلال والاکرام ان تصلی علی سیدنا محمد وان تفعلوا فی ما هو کذا وکذا برحمتك یا الراحم الراحمین ط

اور دشمن کے سامنے یہ دعا پڑھنے سے دشمن مغلوب ہوتا ہے دعا یہ ہے۔ تَعَزَّزْتُ بِرَبِّ الْعِزَّتِ وَ الْجَبَرُوْتِ وَ تَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ وَ عَمِیَتِ الْاَبْصَارُ وَ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

اس کو پڑھ کر تین بار دور سے اس کے منہ کے سامنے پھونک مارے پھر اس کے آگے جائے۔ تو وہ مغلوب ہو جائے گا۔

ایک دفعہ سعید بن طیب ایک جن سے ملے۔ جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہاتھ پر ایمان لایا تھا۔ اس جن نے ان سے کہا میں تم کو ایک عجاب

بتلاتا ہوں۔ جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے گا ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ اور اگر جانور یا کسی چیز پر باندھ دے چوری اور ہر طرح کے نقصان سے محفوظ رہے۔ اگر مسافر سفر میں اس کو اپنے پاس رکھے تو کوئی برائی اس کو نہ پہنچے۔ سعید بن طبیب نے کہا کہ ضرور بناؤ حبس نے کہا کہ قلم دوات لاؤ اور یہ اسماء جو میں پڑھتا ہوں لکھ لو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط کُلُّ ذِیْ مُلْكٍ فَمَمْلُوْكٌ لِلّٰہِ وَکُلُّ ذِیْ قُوَّۃٍ لِلّٰہِ فَضَعِیْفٌ عِنْدَ اللّٰہِ وَکُلُّ جَبَّارٍ فَصَغِیْرٌ عِنْدَ اللّٰہِ وَکُلُّ ظَالِمٍ مُحِیْصٌ مِنَ اللّٰہِ حَسَنَتْ حَامِلُ کِتَابِیْ ھٰذَا بِخَتْنَتِہٖ مِنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالشَّیَاطِیْنِ وَالْعِفَارِیْتِ الْمُتَمَرِّدِیْنَ خَاتَمُ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلٰی اَفْوَاھِکُمْ وَعَصَاءُ مُوْسٰی عَلٰی اَکْتَافِکُمْ وَخَیْرُ بَیْنَ اَعْیُنِکُمْ وَشَرُّکُمْ بَیْنَ اَرْجُلِکُمْ وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰہُ لَکُمْ وَحَامِلُ کِتَابِیْ ھٰذَا فِیْ حِرْضِ اللّٰہِ الْمَانِعِ الَّذِیْ لَا یُذَلُّ مَنِ اعْتَزَّ بِہٖ وَلَا یَنْکَشِفُ مَنِ اسْتَتَرَ بِہٖ سُبْحَانَ مَنْ اَلْجَمَ الْبَحْرَ بِکَلِمَتِہٖ سُبْحَانَ مَنْ اَطْفَا نَارَ اِبْرَاھِیْمَ بِقُدْرَتِہٖ وَحِکْمَتِہٖ سُبْحَانَ مَنْ تَوَاضَعَ لَہٗ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِیْنَ وَلَا تَخَافُ دَرَکًا وَلَا تَخْشٰی اِنَّكَ اَنْتَ الْاَعْلٰی لَا تَخَافُ اِنَّنِیْ مَعَکُمَا اَسْمَعُ وَاَرٰی اَللّٰھُمَّ احْفَظْ حَامِلَ کِتَابِیْ ھٰذَا وَسَتْرَہٗ بِسِتْرِكَ الْوَافِی الْحَصِیْنِ فِیْ لَیْلِہٖ وَنَھَارِہٖ وَظَعْنِہٖ وَقَرَارِہٖ الَّذِیْ تَسْتُرُ بِہٖ اَوْلِیَاءَكَ الْمُتَّقِیْنَ مِنْ اَعْدَائِكَ الظّٰلِمِیْنَ الْکَافِرِیْنَ اَللّٰھُمَّ مَنْ عَادَاہُ فَکَادِہٖ وَمَنْ کَادَہٗ فَکِدْہُ وَمَنْ نَصَبَ لَہٗ فَخَاخًا فَاَطْفِ عَنْہُ نَارَ مَنْ اَرَادَ بِہٖ عَدَاوَۃً وَشَرًّا وَفَرِّجْ عَنْہُ کُلَّ کُرْبَۃٍ وَھَمٍّ وَضِیْقٍ وَلَا تُحَمِّلْہُ مَالَا یَقْوٰی وَلَا یُطِیْقُ اِنَّكَ اَنْتَ الْحَقُّ الْحَقِیْقُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ

فوائد۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جب یہ آیت نازل ہوئی تو اہل آسمان از حد خوش ہوئے اور عرش عظیم ہلنے لگا اور بے انتہا

فرشتے جن کی گنتی خدا ہی کو معلوم ہے۔ اس کے ساتھ نازل ہوتے اور ملائکہ کا ایمان بڑھ گیا۔ اور افلاک نے حرکت کی اور اس کی عظمت سے آگے سلاطین ذلیل ہوئے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ آدم علیہ السلام کی پیشانی پر لکھی ہوئی تھی۔ جب ان کی پیدائش کسے بھی پانچسو برس پہلے اور جبرائیل علیہ السلام کی پیشانی پر لکھی ہوئی تھی۔ اور جب وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واسطے آگ گلزار بنانے آئے تھے اور آگ سے انہوں نے کہا بسم اللہ۔ اے آگ تو ابراہیم علیہ السلام پر ٹھنڈی اور سلامتی ہو۔ اور بسم اللہ ہی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے عصا پر سریانی زبان میں لکھی ہوئی تھی۔ کیونکہ اگر بسم اللہ نہ ہوتی تو دریائے نیل عصا مارنے سے نہ پھٹ جاتا۔ اور بسم اللہ ہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان پر لکھی ہوئی تھی۔ جبکہ یہ انہوں نے پیدا ہوتے ہی کلام کیا اور مردہ پر پڑھتے تھے۔ تو زندہ ہو جاتا تھا۔ اور بسم اللہ ہی حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی پر لکھی ہوئی تھی۔ اور بسم اللہ کے ساتھ ہی مخصوص ہے کہ ہر صورت پر لکھی ہوئی ہے۔ اس کے خواص یہ ہیں۔ جو شخص اس کے عدد حروف کے موافق اس کو سات سو چھیاسی مرتبہ سات روز برابر پڑھے جو کچھ نیت رکھتا ہو۔ وہ پوری ہوگی بھلائی کے حاصل کرنے یا برائی کے دفعہ کرنے یا کسی تجارت کے چلنے وغیرہ کی اور جو شخص سوتے وقت اس کو اکیس[۲۱] بار پڑھے اس رات میں شیطان سے محفوظ رہے چوری اور ناگہانی موت اور ہر ایک بلا سے محفوظ رہے اور جب کسی ظالم کے سامنے پچاس مرتبہ بسم اللہ کو پڑھے اس ظالم کے دلمیں اسکی ہیبت پیدا ہو اور اس کے شر سے محفوظ رہے اور اگر طلوع آفتاب کے وقت آفتاب کے مقابل ہو کر تین سو مرتبہ بسم اللہ اور اسی قدر درود

شریف پڑھے۔خدا اس کو ایسی جگہ سے رزق دیگا جہاں سے اسکا گمان
بھی نہ ہوگا۔ اور ایک سال گزرنے نہ پائے کہ امیر کبیر ہو جائے محبت کے
واسطے جس شخص کو سات سو چھیاسی بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے
وہ دوست ہو جائے اور اسی پانی کو اگر کند ذہن نہار منہ پیوے تو ذہن
اس کا بہت تیز ہو جائے اور جو بات سنے اسے یاد ہو جائے اگر باران طلبی کی
نیت سے اکسٹھ مرتبہ پڑھی جائے تو اللہ تعالےٰ بارش نازل کرے۔ جو
شخص صبح کے وقت دل اور صحیح نیت سے ڈھائی ہزار مرتبہ چالیس روز تک
پڑھے۔ اللہ تعالےٰ اس پر عجائب اسرار منکشف کرے اور عالم میں
جو کچھ بات ہونے والی ہو وہ اسے خواب میں پہلے ہی معلوم ہو جائے
مگر اس کے واسطے ریاضت اور راز داری شرط ہے تاکہ کامیابی
نصیب ہو۔ اگر کسی کو حاکم یا بادشاہ کے پاس جانا ہو تو جمعرات کو روزہ
رکھ کر کھجور اور روغن زیتون سے افطار کرے۔ اور مغرب کی نماز کے
بعد ایک سو اکیس ۱۲۱ مرتبہ گن کر بسم اللہ پڑھے اور پھر بے گنتی پڑھتا
جائے۔ یہاں تک کہ اس کو نیند آ جائے پھر جمعہ کو صبح کے وقت اٹھ کر
نماز کے بعد ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے۔ اور مشک و زعفران وگلاب
سے ایک کاغذ پر ایک سو اکیس مرتبہ لکھے اور عود اور عنبر کی خوشبو روشن
کرے۔ پس قسم ہے خدا کی جو شخص اس کو اپنے پاس رکھے گا وہ لوگوں
کی نگاہوں میں ایسا ہوگا جیسے چودہویں رات کا چاند ہر ایک اس کی عزت
اور اشاعت کرے گا۔ اور اس کی ہیبت میں آ جائے گا۔ اور جس کی
اس پر نگاہ پڑیگی وہی اس سے محبت کرے گا۔ اس کے لکھنے کی
صورت یہ ہے۔

ب اس م ل ل ہ ال رح م ن ال رح ی م:۔

اور اگر تنگ معاش آدمی اس کو ایک سو اکیس بار ہرن کی جھلی پر مشک و

زعفران وگلاب سے لکھے اور قسط صیعہ سائلا لوبان جاوتری کی دہونی روشن
کرے تو اللہ تعالےٰ اسپر رزق کشادہ کرے۔ اگر قرضدار اس کو اپنے
پاس رکھے اللہ تعالےٰ اس کا قرض ادا کرے اور ہر ایک برائی سے محفوظ رہے
اور اگر اس کو شیشے کے گلاس میں لکھکر آب زمزم یا کنوئیں کے میٹھے
پانی سے دھوکر جس مریض کو پلائیں اس کو شفا ہوگی۔ اور اگر عورت درد زہ
میں مبتلا ہو۔ اس کو پلائیں۔ فوراً بچہ پیدا ہو۔ اور اگر ایک کاغذ پر پینتیس ۳۵
مرتبہ لکھکر گھر میں لٹکائیں تو شیطان کا گزر نہ ہو۔ اور برکت کی زیادتی ہو
اور اگر اس کاغذ کو دوکان پر لگائیں۔ تو نفع بہت ہو۔ اور اگر خریداروں کی
نگاہیں اندھی ہوجائیں گی اور جو شخص پہلی محرم کو ایک سو تینتیس ۱۳۳ مرتبہ لکھکر اپنے
پاس رکھیں تمام عمر اس کو یا اس کے گھر میں کوئی برائی نہ پہنچے۔ اور جس عورت
کے بچے نہ جیتے ہوں یا اس کو حمل نہ رہتا ہو۔ تو لازم ہے کہ ایک سو دس
مرتبہ بسم اللہ لکھ کر حیض سے پاک ہونے کے تین بعد اس کی کمر کے
باندھے۔ اور صحبت کرے۔ حکم الٰہی سے ضرور حاملہ ہوگی۔ اور نیک
بخت صاحب عمر بچہ پیدا ہوگا۔ اور حمل کا کچھ دکھ درد اس کو معلوم نہ ہوگا
اور پھر دو مہینے گے بعد اس تعویذ کو کھول کر رکھ دیں۔ اور جس کی اولاد نہ جیتی
ہو وہ اس کو اکسٹھ مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ اولاد اس کی
زندہ رہے گی۔ اس کا تجربہ کیا اور درست پایا اور اگر اس کو ایک سو مرتبہ
لکھ کر کھیتی میں دفن کریں تو کھیتی خوب پھلے پھولے اور کل آفات سے
محفوظ رہے۔ اور اگر ستر مرتبہ لکھ کر مردہ کے ساتھ کفن میں رکھ دیں
تو منکر نکیر کی تکلیف سے محفوظ رہے۔ اور قیامت
میں اس کے لئے نور ہو۔ اور اگر سیسے پر لکھ کر کانٹے میں باندھیں
اور مچھلی کا شکار کریں۔ شکار بہت آئے۔ اگر ایک بار لکھ کر
انگوٹھی کے نگ کے نیچے رکھ دیں اور پھر اس انگوٹھی کو دودھ میں

دھو کر جس زہریلے جانور نے کاٹا ہو اس کو پلائیں تو سب زہر خارج ہو جائے اور اگر
اس کے حروف جدا جدا لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو بڑی بزرگی نصیب ہو۔
کیونکہ ب سے بہاء اور س سے اس کی سناء اور مَ سے مجد اور ملکوت اور
الف سے ازلیت اور ل سے لطف اور ہا سے ہدایت اور الف سے اسرار
اور لؔ سے ملک اور رؔ سے رحمت اور ہ سے حکمت اور میم سے ملک اور
نؔ سے نعمت مراد ہے۔ اگر بسم اللہ کی تؔ کو اکیس ۲۱ بار لکھ کر اس آیت
کے حروف بڑھ جائے۔ اس طرح س ل ا م ع ل ی ن و ح ف ی ا ل ع ا ل
م ی ن اور زہر جانور کے کاٹے ہوئے کو پلائیں فوراً اچھا ہو اور جو کوئی بسم اللہ
کو لکھ کر ہر روز چالیس بار اس کے میم کو دیکھتا رہے۔ قُلِ اللّٰھُمَّ مَالِکَ
الْمُلْکِ آخر تک پڑھتا جائے۔ اس کو تو خیال سے باہر اس کو خیر و برکت
نصیب ہو۔ اور جو کچھ اس کے پاس ہو اس میں برتری ہو۔ اگر الرحمٰن الرحیم
کو لکھ کر پچاس مرتبہ لکھ کر اور ڈیڑھ سو مرتبہ بسم اللہ اس پر دم کر کے
اس کے پاس رکھیں اور بادشاہ یا کسی ظالم حاکم کے پاس جائے تو ان
کے شر سے محفوظ رہے اور بسم اللہ کو ہر روز سچی نیت اور روزہ و ریاضت
کے ساتھ چودہ روز تک ایک ہزار بار پڑھے اور ایک روایت میں ہے کہ ہر
نماز کے بعد ایکہزار بار پڑھے تو ملائکہ اس کو نظر آویں۔ اور ان سے گفتگو کریں
اور جو کوئی اس کے حروف کو اس طرح لکھے م ی ح ا ل ر اور جس شخص سے
کچھ حاجت ہو۔ اس کا نام اس کی ماں کا نام لکھے پھر اس کے پاس جائے اور
جو کام ہو وہ پورا ہو جائے۔ اور جس کا غلام بھاگ گیا ہو وہ ا ل ر ح م ن کو سات
مرتبہ معہ نام اس غلام کے لکھ کر اپنے گھر میں دفن کرے اور اوپر سے ایک پتھر رکھ
دیں غلام آجائیگا اور یہ دعا بھی پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
بِحَقِّ اِسْمِکَ الرَّحْمٰنِ اَنْ تَرُدَّ ھٰذَا الْعَبْدَ الْاٰبِقَ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ پھر وہ غلام کبھی نہ بھاگے گا اور جو
شخص فولاد کی چھری پر جس کا دستہ بھی فولادی ہو بسم اللہ لکھیں اور تین سو اکتیس ۳۳۱ بار پڑھ کر

دم کرے اور پھر اس سے ایک مرغ ذبح کرے اور سر کاٹ کر مرغ کو چھوڑ دے
جب مرغ بے سر کا راستہ چلے اسوقت سر کو اٹھا کر جس مکان کے دروازے میں
دفن کریگا۔ تمام حشرات اور جنات اس میں سے بھاگ جائیں گے اور اگر اس مرغ کے
سر کو غوطہ دیکر روغن میں زیتون میں بیماری والا اپنے بدن پر ملے بیماری اس کی دور ہوگی
اور جس عورت کا خون بہتا ہو اس کو بھی نفع کریگا۔ اور جو شخص الرحیم کو ایک سو
نوے مرتبہ جھنڈے پر لکھ کر معرکہ حرب میں جائے ہتھیار اسپر اثر نہ کرے اور
کوئی مرض اس کو ہو اور اگر ایک کاغذ کو اکیس ۲۱ مرتبہ کاغذ پر لکھ کر سر پر باندھے تو
درد کا آرام ہوگا۔ اور اگر پیتل کی سوئی سے سات بادامول پر اس اسم کو لکھکر کسی
شخص کو دکھلائے تو وہ اس سے بہت محبت کرے مگر جمعہ کے روز زہرہ کی ساعت
میں لکھنا چاہیئے اور موافق اس کے اعداد کے اس اسم کو پڑھ کر بادامول پر دم
کرے اور پہر کے روز طلوع آفتاب کے وقت اسطرح م ر ی ر خ نئے آئینے پر
لکھکر دیکھتا رہے تو لقوے سے آرام ہو۔ اور اگر چاندی کی انگوٹھی پر جسکا وزن دو
دو درہم ہو۔ اس طرح لکھ کر ا ل ر ح ی م اپنے پاس رکھیں تو اللہ تعالےٰ اس
کو ہیبت اور طاقت عنایت کرے اور اگر کسی ظالم کو ہلاک کرنا ہو تو وفق
بسم اللہ کو ایک شیشے کی تختی پر نقش کرے اور اس کا نام بھی اس میں نقش
کرے اور سرخ لہسن اور ہینگ کی دہوتی دیکر ایسی جگہ دفن کرے جہاں ہمیشہ آگ
جلتی ہو مگر اس تختی کو آگ لگے اس قدر نزدیک دفن نہ کیا جائے کہ وہ پگھل جائے
کیونکہ اس کے پگھلنے سے ہی وہ شخص ہلاک ہو جائے گا اور خدا کے ہاں تجھ سے مطالبہ
ہوگا اور وہ وفق یہ ہے
اور اس دعا کو پڑھ کر اس
پر دم کرے۔ دعا یہ ہے
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
بسم الحی القیوم الذی لا

٣	٥	١١	٧	٩
٩	١١	٧	٥	٣
٣	٧	٥	١١	٩
٩	٥	٧	٩	١١
٣	١١	٥	٧	٩

ولہ الوجوہ وخشعت لہ الاصوات ووجلت القلوب من خشیتہ اسئلک ان
تصلی وتسلم علی سیدنا محمد وعلی آلہ واصحابہ وسلم وان تقضی حاجتی فلان
اللھم انک تعلم انہ ان کان یرجع عما ھو فیہ فاھدہ ووفقہ وان کنت
تعلم انہ لا یرجع فانزل علیہ بلائک وسخطک وغضبک واھلکہ یا قاھر
یا قھار یا قادر یا مقتدر یا اللہ سات بار اور اس دعا کو سات سو بار پڑھے پھر
یا تو وہ ظالم اپنے ظلم سے باز آجائے گا۔ اور یا ہلاک ہو جائے گا۔

جو شخص بسم اللہ کو آٹھ بار دائرہ کے اندر لکھے اور محمد رسول اللہ والذین امنوا
آخر سورہ فتح تک کو اس کے گرد لکھے اور خوشبو روشن کرے نیک وقت میں ہیبت
والا اور معظم ہوگا اور جو اس کو دیکھے گا خود بخود محبت کریگا۔ اور کل مقصد حکم الٰہی سے
پورے ہو ہوسکے پوری بسم اللہ کو جبکہ قمر برج حوت میں ہو اور طالع نیک ہو
ہرن کی کھال پر موافق اس کے اعداد کے لکھ کر اپنے سر پر باندھے تو اچھی زندگانی
بسر کرے اور شہادت نصیب ہو اور اپنے جان و مال متعلقین میں کوئی برائی
نہ دیکھے ؛



لوٹ :- عملیات ذیل میں سے اگر کوئی عمل ناجائز اور ناروا فعل کے لئے کیا جائیگا، تو علاوہ وبال اخروی کے لئے دنیا میں بھی نقصان ہوگا۔ البتہ جائز محبت کے لئے کرنے کی اجازت ہے۔

۱ :- ایک ایسا بادام لیکر جس میں دو گریاں ہوں عروج ماہ میں گیارہ مرتبہ سورۃ یٰسین تلاوت کر کے اس بادام پر دم کرو۔ اور بادام مذکورہ کو انار شیریں کی ٹہنی کے ساتھ ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر باندھ دو۔ اور پھر تین دن تک متواتر اسی ٹہنی کے نیچے سورۃ یٰسین کی تلاوت کرو۔ انشاءاللہ مطلوب طالب اور طالب مطلوب بن جائیگا۔ مطلوب کا تصور ہر وقت رکھیں۔

۲ :- اگر دو آدمیوں یا خاوند عورت یا عاشق معشوق میں محبت کرانا مقصود ہو تو صبح کی نماز کے بعد کچھ پھولوں پر سورۃ مبارک لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ اکیس[۲۱] مرتبہ دم کر کے ان پھولوں کو طالب و مطلوب کے پاس بھیجدو۔ تاکہ وہ ان کو سونگھیں انشاءاللہ پھولوں کے سونگھتے ہی ان میں محبت قائم ہو جائیگی۔

۳ :- ذیل کا تعویذ اتوار یا منگل یا جمعرات کے دن صبح کے وقت لکھکر خوشبودار تیل ڈالکر جلائے اور چراغ کا منہ خانہ مطلوب کی طرف کرے مطلوب مطیع ہوگا۔ اور محبت میں بیقرار ہوکر حاضر ہوگا۔ تعویذ یہ ہے :-

سلح	ہو	مسلح	مسجل
امو	مسلح	ملاسح	سمح
طلس	مسح	سلح	اسلح
فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں			

ط ۱۵۱۱۶ ۵ ۱۱۴۸ ۱۱۱ ۹

ط ۹۱۱۱۹۶۹۱۷۸۳۴۹۱۹۱۰۱

ط ۱۱۱ ۸ ۱۹۱ ۵۵

۴ :- مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے پر اس طلسم کو لکھیں اور بتی بنا کر چراغ میں جلائیں چراغ کا منہ خانہ مطلوب کی طرف کریں مطلوب بیقرار ہوکر حاضر ہوگا۔

بع ۱۱۹۰ ۱۱ ۱۳ ۱۶ ۱۱ ۱۹ م ع د ع ع

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

۵:- عروج ماہ میں شب جمعہ کو آدھی رات کے وقت شروع کرے اور ایک چلہ برابر بلا ناغہ پڑھتا رہے پڑھنے کے وقت مطلوب کا تصور رکھے انشاء اللہ ایک چلہ کے اندر اندر مطلوب مطیع ہوگا۔ اور تابعداری کرے گا۔ عمل یہ ہے:- اول گیارہ مرتبہ درود شریف پھر تین مرتبہ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ (آخر سورہ توبہ) اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّبُّ (نام اپنا اور اپنی ماں کا لے مطلوب اور اس کی ماں کا لے) اَعْطِفْ قَلْبَہٗ اَوْ قَلْبَھَا عَلَیَّ وَذَالِلْہُ اَوْذِلْھَا اِلَیَّ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے انشاء اللہ ایک ہی چلے کے اندر اندر کامیاب ہوگا۔ گر مطلوب کی ماں کا نام یاد نہ ہو تو مطلوب کا نام لے کر بنت حوا کا لفظ کہہ دے کیونکہ اکثر ایسا عامل ایسا کرتے ہیں۔

سوموار کو عمل شروع کرے اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف منہ جانب شمال کرکے گیارہ شب پڑھے مسجد میں ہرگز نہ پڑھے اس کے بعد ذیل کا نقش زعفران کے ساتھ لکھ کر کسی بوجھ کے نیچے دبا دے مطلوب فوراً حاضر ہوگا۔ ہرگز توقف نہ کرے گا۔ مجرب ہے لکھنے اور پڑھنے کا عمل یہ ہے اس کو ایک تسبیح روزانہ بشرائط بالا پڑھے اور گیارہویں شب کو سب عمل ختم کرے لکھ کر دبا دے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یُحِبُّوْنَھُمْ یَا جِبْرَائِیْلُ مغراك كَحُبِّ اللّٰہِ یَا مِیْکَائِیْلُ تَبَارَكَ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اسرافیل اَسْرِكَ اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ یَا جِبْرَائِیْلُ فلاں بن فلاں حاضر کر حاضر کر۔

ذیل کے اسم مبارک کو قند یا مصری یا کسی اور شیریں چیز پر دم کرکے کھلائے مطلوب تابعدار ہوگا۔

اسم مبارک یہ ہیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

یہ نقش عروج ماہ میں سوموار یا جمعہ کے دن لکھ کر بازو پر باندھے مطلوب مطیع ہو نقش یہ ہے

٢	١	ط	٢	١	۴م	٦	ح
ا	ب	ی	ح	ی	۲۱	دح	مر

ذیل کا نقش عروج ماہ میں لکھکر کسی کھانیکی چیز میں ملاکر کھلائے مطلوب فریفتہ ہوگا۔
نقش یہ ہے

۷۸۶

۴	۱۵	۱۰	۵
۹	۶	۳	۱۶
۷	۱۲	۱۳	۲
۱۴	۱	۸	۱۱

یہ نقش کسی چینی کے برتن پر لکھکر دھوکر پلانے سے مطلوب بے قرار ہوگا
نقش یہ ہے......

۶	..۹	..۲	..۷	۸
۷	..۶	..۳	..۸	۵
۲	..۵	..۱۰	..۳	۲

ذیل کے نقش کو عروج ماہ میں لکھکر کسی انار شیریں یا امرود کے درخت کے ساتھ باندھیں جوں جوں ہوا کے ساتھ تعویذ ہلے گا مطلوب بیقرار ہوگا اور بغیر حاضر ہونے کے کوئی چارہ نہ دیکھے گا۔
نقش یہ ھے....

۱۵الاالاالا له لدله له له له له

المحب فلاں بن فلاں

۱۱ ۱۹۱ ۹۱۱۱ع ۱۱ ی

المحب فلاں بن فلاں

ذیل کا تعویذ لکھکر آگ میں جلائے فوراً فائدہ دیکھیے تعویذ یہ ھے

ذیل کی آیت عروج ماہ میں اتوار کے دن لکھکر اگر مرد ہو تو دائیں بازو پر اگر عورت ہو تو بائیں بازو پر باندھے تو مطلوب تابعدار ہوگا آیت شریف یہ ہے یٰسین والقرآن الحکیم انک لمن المرسلین علی صراط مستقیم تنزیل العزیز الرحیم ط

ایک پیتل کے پتے پر ایک طرف سورہ کوثر اور دوسری طرف سامنے کا تعویذ لکھکر کنوئیں میں ڈالدے پھر مطلوب کی بیقراری دیکھے
تعویذ یہ ھے.....


۷۸۶


۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

معشوق فوراً حاضر ہو ذیل کا طلسم گائے کے شانے پر لکھکر آگ میں ڈالے۔ اور تماشہ دیکھے۔ طلسم یہ ہے۔

۱۴=۱۰۱۹ ط ا ز ا ،، ۱۱ ۲۱ ھ ۹۰ ۹

معشوق کے پہنے ہوئے کپڑے کے سات ٹکڑے لیکر ان پر تعویذ لکھے اور ہفتے کے روز سے ان کو جلانا شروع کرے سات دن کے اندر مطلوب حاضر ہوگا مجرب ہوگا تعویذ مکرم یہ ہے






جمعرات کے دن عروج ماہ میں ذیل کا تعویذ لکھکر مسجد یا کسی ویران جگہ میں دفن کردے اور اثر دیکھے۔ کہ مطلوب کس طرح بیقرار ہوکر حاضر ہوتا ہے مجرب ہے

تعویذ یہ ہے۔

فلاں بن فلاں لسنیم خواب فلاں بنت فلاں علی حب لستنغ گردد

ذیل کا طلسم معشوق کے پرانے کپڑے پر لکھکر نئے چراغ میں تل کا تیل ڈالکر جلائے اور جلاتے وقت معشوق کا تصور کرے ایک ہفتہ تک یہ عمل کرنا چاہیئے اس اثناء میں محبوب حاضر ہوگا۔ اگر محبوب ہفتے کے اندر اندر آجائے تو بھی تعویذ کو جلانا بند نہ کرے بلکہ پورے سات دن متواتر تعویذ کو جلائے اگر چھوڑ دے گا تو مطلوب برگشتہ ہوجائے گا۔ اور پھر کوئی علاج نہ ہوسکے گا۔

نقش یہ ہے



عروج ماہ میں اتوار کے دن ایک چڑیا پکڑ کر ذبح کرے اور اس کے خون سے یہ نقش لکھکر اسیوقت سرخ ریشم کے کپڑے میں باندھکر درخت سے لٹکا دیں انشاءاللہ محبوب فوراً حاضر ہو کر عاجزی کریگا اور معافی مانگے گا نقش مکرم یہ ہے



اس تعویذ کو بکری کے شانے پر اگر مطلوب مرد ہو تو بکرے کے دائیں شانے پر اگر مطلوب عورت ہے تو بکری کے بائیں شانے پر لکھکر شہد مل دیں اور آگ میں دفن کرے تاکہ ہر وقت حرارت پہنچتی رہے مطلوب دیوانہ وار اپنے طلب کرنے والے تک پہنچ جائے گا ذرا توقف نہ کرے گا۔

۷۸۶

۱۱ ۱۸ ۱۸ ھ۱۸ ۱۸ ۱۱ ۸
ک ۱۱ ۹ ع ۱۸ ۱۱ ☐
۱۱۱ ۱۹ اللہ ۱۹۱ ع ۱۱۱ ھ ۱
۱۱ ۲۱ ۱۱ لاد ھ ۱۱۸ ع ۱۱
۵۵ ۹۱ لا ع ھ ۱۱ ع ۹ ۹۳ ۲
۱۸ لا ع ۱۱ ع ۱ ۸ ۸
۵۴ الساعتہ

فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

جب آفتاب برج سرطان میں ہو تو ہفتے کے دن دس بجے کے قریب ایک چاندی کی تختی لیکر لوہے کے قلم سے ذیل کا نقش کندہ کرے اور کنوئیں یا دریا میں ڈال دیں فوراً محبت ہوگی پانی میں ڈالتے وقت محبوب کا نام لیکر پکارے اور خیال کرے کہ وہ مجھکو جواب دے رہا ہے ۔ نقش یہ ہے ۔۔۔۔۔۔

یا سبلجو ث ا

کری ذ سن ل خ ی ا و ف ا لف کم

۷۸۶			۷۸۶
۶۰۸	۶۰۳	۶۰۶	۱
۶۰۵	۲	۷	۶۰۴
۳	۶۰۸	۶۱	۶
۶۰۲	۵	۴	۶۰۷

علی حب فلاں بن فلاں — عاشق کا نام

باسم فلاں بنت فلاں — معشوق کا نام

ابجد کا حساب

ابجد کے حسب ذیل نے آٹھ الفاظ ہیں اور ا ب کا مجموعہ ہیں ان میں سے ایک حرف کے واسطے عدد مقرر ہیں یہ طریق ذیل میں یا ہیں۔

ابجد، ہوز، حطی، کلمن، سعفص، قرشت، ثخذ، ضظغ

"ا ب ا ج د ہ و ز، ح ط ی، ک ل م ن

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۲۰ ۳۰ ۴۰ ۵۰

س ع ف ص، ق ر ش ت ث خ ذ ض ظ غ

۶۰ ۷۰ ۸۰ ۹۰ ۱۰۰ ۲۰۰ ۳۰۰ ۴۰۰ ۵۰۰ ۶۰۰ ۷۰۰ ۸۰۰ ۹۰۰ ۱۰۰۰

اس طریق سے نام اعداد لگائے جاتے ہیں مثلاً لفظ میں مطلوب کے نام لکھنے کی ضرورت ہے اور اس کا نام زہرہ ہے تو اس کے عدد اس طرح نکالیں گے

ز = ۷

ہ = ۵

ر = ۲۰۰

ہ = ۵

۲۱۷

پس زہرہ کے بجائے ۲۱۷ کا ہندسہ لکھا جائے یا دشمن کا نام زید ہے تو اس کے نام کے عدد حسب ذیل ہونگے۔ ز = ۷

ی = ۱۰

د = ۴

۲۱

زید کی بجائے ۲۱ کا ہندسہ لکھنا چاہیئے علی ہذالقیاس تعویذ لکھتے وقت یا عمل پڑھتے یہ خیال کر لینا چاہیئے کہ تمہارے محبوب کے پہلے حرف کا نام اگر آتشی ہوگا تو اثر بہت جلد کریگا۔ حرف کے آتشی یا بادی معلوم کرنے کا طریقہ حسب ذیل ہے۔

آتشی حروف ا۔ ہ۔ ط۔ م۔ ف۔ ش۔ ذ = حروف بادی۔ ب۔ و۔ ی۔ ن۔ ص۔ ت۔ ض

آبی حروف = ج ۔ ز ۔ ک ۔ س ۔ ق ۔ ث ۔ ظ
خاکی حروف = و ۔ ہ ۔ ل ۔ ع ۔ ر ۔ خ ۔ غ

رنگ اور مؤکل

خاکی حروف کا رنگ زرد ہے اور ان کا مؤکل حضرت جبرائیل ہے۔
بادی حروف کا رنگ سبز ہے اور ان کا مؤکل حضرت اسرافیل ہیں۔
آبی حروف کا رنگ نیلا ہے اور ان کا مؤکل حضرت میکائیل ہیں۔
آتشی حروف کا رنگ سفید و زرد ہے اور مؤکل حضرت عزرائیل ہیں

نورانی حروف ا ۔ ل ۔ ر ۔ ک ۔ و ۔ ی ۔ ح ۔ ص ۔ ط ۔ س ۔ ع ۔ م ۔ ق ۔ ن

طلسماتی حروف :۔ ب ۔ ج ۔ د ۔ ز ۔ ف ۔ ت ۔ ث ۔ ز ۔ خ ۔ ض ۔ ظ ۔ غ ۔ د ۔ ش

حروف ناطقہ :۔ ب ۔ ت ۔ ث ۔ ج ۔ خ ۔ ذ ۔ ز ۔ ش ۔ ض ۔ ظ ۔ غ ۔ ف ۔ ق ۔ ن ۔ ی

حروف صوالقہ :۔ ا ۔ ح ۔ ہ ۔ ر ۔ س ۔ ص ۔ ظ ۔ ع ۔ ک ۔ ل ۔ م ۔ و ۔ لا

حروف بنیات :۔ ا ۔ و ۔ د ۔ ی ۔ ل ۔ م ۔ ن ۔ ف

حروف خواتیم :۔ ا ۔ ف ۔ ک ۔ ق ۔ ل ۔ م ۔ ن ۔ و ۔ ہ ۔ ی

حروف محبت :۔ ج ۔ ح ۔ خ ۔ د ۔ ذ ۔ ر ۔ ز ۔ س ۔ ش ۔ ص ۔ ض ۔ ع ۔ غ

حروف دافع عات :۔ ا ۔ ب ۔ ت ۔ ث ۔ ط ۔ ظ ۔ ف ۔ ق ۔ ل ۔ ی

نحس و سعد حروف :۔ آتشی حروف میں سے د ۔ ہ ۔ ط ۔ م سعد ہیں ۔ اور سینے میں حرارت عشق پیدا کرنے کی تاثیر رکھتے ہیں ۔ ف ۔ ش ۔ ز نحس ہیں ۔ جو غضب و غصہ اور قتل و خونریزی کا اثر رکھتے ہیں

بادی حروف کے خواص :۔ بادی حروف ذہن کی ترقی ۔ قوت حافظہ بڑھانے خوش کلامی کا اثر رکھتے ہیں۔

آبی حروف کے خواص :۔ آبی حروف حرارت کو دفع اور آتش عشق کو سرد کرتے ہیں۔

خاکی حروف کے خواص :۔ خاکی حروف زمین کے معاملات سے تعلق رکھنے

ہیں - زراعت - دفینہ - قوت مسیحائی وغیرہ

حروف کا تعلق ستاروں سے

زحل کا تعلق حروف ا - ب - ج - د سے ہے (ابجد)
مشتری کا حروف - و - ہ - و - ز - ح سے ہے -
مریخ کا تعلق حروف - ط - ی - ک اور ل سے ہے -
شمس کا تعلق حروف - م - ن - س - ع - ر سے ہے -
زہرہ کا تعلق حروف - ف - ص - ک - ش ار خ سے ہے -
عطارد کا تعلق حروف - ش - ت - ث - خ سے ہے -
قمر کا تعلق حروف - ذ - ض - ظ - غ سے ہے -

بخور کا تعلق ستاروں سے

جو نقش جس ستارہ کی ساعت میں لکھا جائے اس کے مطابق اسے دھونی دیں جس کی تفصیل حسب ذیل ہے -
زحل - لوبان - نخود اور دال کی دھونی -
مشتری - کافور - عود - مشک - صندل سرخ اور شکر کی دھونی -
مریخ - لوبان - عود - کالی مرچ کی دھونی -
شمس - دارچینی عود اور مشک کی دھونی -
زہرہ - کافور صندل سفید مشک عنبر عود اور سپند کی دھونی -
عطارد - لونگ کافور عود اور صندل کی دھونی -
قمر - شہمار کافور اور خود کی دھونی -

سعد و نحس

ذیل کی تفصیل سے ستاروں کا سعد یا نحس ہونا ظاہر ہوگا - عمل پڑھے

وقت یا تعویذ لکھتے وقت اس کا خیال رکھیں۔

زحل۔ یہ ستارہ نحس اکبر ہے۔ اس لئے اسکی ساعت میں صرف ہلاکی دشمن ہی کے تعویذ لکھے جائیں اور ایسے ہی عمل پڑھے جائیں۔ بغض و جدائی کے لئے بھی موزوں ہے۔ حب عمل اس میں باطل ہوگا۔

مشتری:۔ سعد اکبر نہایت مبارک ہے۔ حب، ترقی، درجہ، دفع بیماری وغیرہ کے تعویذات اور عمل اس میں لکھے جائیں۔ ہلاکی و بغض کے باطل ہونگے۔

مریخ۔ نحس اصغر ہے اس میں عداوت اور ہلاکی دشمن کے تعویذات لکھے جائیں۔

آفتاب۔ سعد ہے۔ اس کی ساعت میں محبت اور شفا، مرض کے عمل کرنے چاہئیں۔

زہرہ:۔ سعد اصغر ہے۔ اس لئے خواب بندی۔ زبان بندی وغیرہ کے عملیات اس میں کرنے چاہئیں۔

عطارد:۔ عطارد مشترک ہے۔ سعادت و نحوست ہیں۔ پس اس کی ساعت میں۔ تیغ بندی۔ زبان بندی وغیرہ کے تعویذ پڑکئے جائیں۔

قمر۔ سعد ہے۔ اس واسطے اس کی ساعت میں محبت کے تعویذ لکھے جائیں۔ اور عمل پڑھے جائیں۔ شفا، بیماروں کے لئے بھی اس میں عمل پڑھنے چاہئیں۔

نقشہ ساعات سیارگاں آگے صفحہ ۴۵ پر ہے۔

نقشہ ساعات سیارگان

دن	پاس اول			پاس دوم			پاس سوم			پاس چہارم		
اور	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
رات	ساعت	ساعت	ساعت	ساعت	ساعت	ساعت	ساعت	ساعت	ساعت	ساعت	ساعت	ساعت
سفتہ رات	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
" دن	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
اتوار رات	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
" دن	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
پیر رات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	مشتری	زہرہ	عطارد
" دن	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
منگل رات	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
" دن	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
بدھ رات	زحل	مشتری	مریخ	شمش	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
" دن	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمش	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
جمعرات رات	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
" دن	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
جمعہ رات	قمر	عطارد	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
" دن	زہرہ	شمش	قمر	زحل	قمر	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری

تعویذات برائے دافع دردسر و دیگرہ

۷۸۶

۴۱	۳۶	۴۳
۴۲	۴۰	۳۸
۳۷	۴۴	۳۹

یہ تعویذ کاغذ پر لکھکر سر پر باندھے
انشاء اللہ درد سر دور ہو جائے گا۔
تعویذ یہ ہے . . . .

دیگر

۷۸۶

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
لعنہ ۱۲ الحیہ ۱۲ اھیہ السھم
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
لعنہ ۱۲ الحیہ ۱۲ اھیہ السھم

یہ تعویذ بسم اللہ کا برائے دردسر
نہایت مجرب ہے اسے لکھکر پیشانی پر باندھے
انشاء اللہ فوراً آرام ہو جائے گا۔
تعویذ یہ ہے۔ . . .

اگر کسی شخص کو دردسر ہو جائے تو درد والی جگہ پکڑ کر یہ آیت پڑھکر دم کرے۔ انشاء اللہ فوراً آرام آجائے گا۔ پانچ بار دم کرے آیت شریف یہ ہے۔ وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖۤ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ۔

دیگر: درد کیلئے یہ آیت کریمہ لکھکر سر پر باندھے اور اپنی توفیق کے مطابق خیرات کرے
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا اَللّٰهُمَّ اسْكُنْ هٰذَا الْوَجَعَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ؕ
یہ نقش روٹی پر لکھکر کتے کے آگے ڈالے کتا جوں جوں روٹی کھائیگا آرام دانتوں کو آتا جائیگا نقش یہ ہے . . .

۷۸۶

۵۳	۵۲	۳۱
۵۶	۵۵	۵۱
یادافع رفع	الرحیم	ھوالرحمٰن

برائے دفع درد گوش

یہ تعویذ عرق انارسے لکھکر جس کان میں درد ہو اس کے اوپر باندھے

درد کان دور ہو جائے گا نہائت مجرب اور آزمودہ ہے۔

تعویذ یہ ہے......

۷۸۶

۵	۱۶	۲	۱۱
۱۰	۳	۱۳	۸
۱۵	۶	۱۲	۱
۴	۹	۷	۱۴

برائے دافع درد پستان


ان حروف کو سات بار پڑھ کر پستان پر دم کرے درد کو آرام ہوگا یا مارُ ویا مُری

برائے درد شقیقہ

حسب ترکیب دانت درد کے یہ لفظ کاغذ پر لکھکر کیل لگائے درد شقیقہ دور ہو جائے گا۔ لفظ یہ ہے۔ قلمقیات۔

برائے درد کمر

اگر کسی کو درد کمر ہو تو یہ تعویذ لکھکر کمر میں باندھے یہ تعویذ بروز سوموار قبل از طلوع آفتاب لکھے۔



برائے ناف

یہ تعویذ بروز سوموار ناف کے اوپر باندھے انشاء اللہ درد ناف دور ہو جائیگا بہت مفید ہے تعویذ یہ ہے

۷۸۶

۸	۵۷۹	۵۸۲	۱
۵۸۱	۲	۷	۵۸۰
۳	۵۷۴	۵۷۷	۶
۵۷۸	۵	۴	۵۸۳

دیگر

یہ تعویذ لکھ کر کچے سوت کی گیاراں تاریں لیکر اس میں باندھے اور کمر میں باندھ

۱۱۰ ح ۱۱۱ ھ ۹

۱	۷۷	۷۴	۸
۷۵	۷	۲	۷۶
۶	۷۲	۷۹	۳
۷۸	۴	۵	۷۳

دیں اور یاد رہے کہ سوت نابالغہ
کنواری لڑکی کے ہاتھ کا کاتا ہوا ہو۔
نقش یہ ہے۔۔۔۔۔۔

ادائے قرض کیلئے وظیفہ

ہر نماز کے بعد پانچسو مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالےٰ قرض کے عذاب سے نجات دے دیتا ہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الَّذِیْنَ وَقَھْرِ الدَّجَّالِ ؕ

پانی کے سفر کا وظیفہ۔ جب کشتی یا جہاز میں سوار ہو تو حسب ذیل وظیفہ شروع کرے بِسْمِ اللّٰہِ مَجْرٖھَا وَمُرْسٰھَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ الرَّحِیْمٌ ط وَمَا قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ وَالْاَرْضُ جَمِیْعًا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِیّٰتٌۢ بِیَمِیْنِہٖ سُبْحٰنَہٗ وَتَعَالٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ط اور تاحد سفر پڑھتا رہے انشاء اللہ پانی کا سفر بخیر و خوبی طے ہوگا۔

مصیبت یا اندیشہ کے وقت حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ عَلَی اللّٰہِ کا ورد رکھے محفوظ رہے گا۔

برائے دفعہ بھوت پریت۔ جب کہیں بھوت پریت نظر آویں تو بہ آواز بلند پڑھے بھوت دفع ہو جائینگے انشاء اللہ تعالےٰ اور کسی طرح کی تکلیف نہ پہنچے گی۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ۔ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا الرَّسُوْلُ اللّٰہِ، اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا الرَّسُوْلُ اللّٰہِ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط

بارش کیلئے:۔ جب بارش نہ ہوتی ہو تو اپنے عمل سے تین بار پڑھے:۔

اَللّٰھُمَّ اسقنا۔ اَللّٰھُمَّ اسقنا اَللّٰھُمَّ اسقنا ط پڑھا جاتا ہے اسی لئے تین جگہ لکھا گیا ہے۔ اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا ط
تین بار پڑھے اسی لئے تین جگہ لکھا گیا ہے۔

جب بارش آتی دیکھے تو پڑھے۔
اَللّٰھُمَّ صَیِّبًا ط اَللّٰھُمَّ صَیِّبًا نَافِعًا اَللّٰھُمَّ صَیِّبًا نَافِعًا ط
اللہ تعالےٰ مفید بارش برسائے گا۔

جب بارش زیادہ ہوجائے :۔ اگر خدانخواستہ کہیں زیادہ بارش ہوجائے اور نقصان کا اندیشہ ہو تو یہ دعا پڑھے۔
اَللّٰھُمَّ حَوَالَیْنَا وَلَا عَلَیْنَا اَللّٰھُمَّ عَلَی الْاٰکَامِ وَالْاٰجَامِ وَالظِّرَابِ وَالْاَوْدِیَۃِ وَمَنَابِتِ الشَّجَرِ ط

آندھی اور اندھیری کے وقت :۔ جب سخت اندھیری چلے یا اندھیری ہو تو یہ پڑھے اللہ تعالےٰ رحم فرمائے گا۔
اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ ھٰذِہِ الرِّیْحِ وَخَیْرِ مَا فِیْھَا وَمَا اُمِرَتْ بِہٖ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ ھٰذِہِ الرِّیْحِ وَشَرِّ مَا اُمِرَتْ بِہٖ ط آندھی اور اندھیری دور ہوجائیگی۔

مرض مہلک کے لئے وظیفہ :۔ حضرت سید امام شاہ نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلہ میں خطرناک بیماریوں کو دور کرنے کے لئے حسب ذیل وظیفہ مجرب ہے جب کوئی شخص سخت بیماری میں مبتلا ہو اور اطباء اس کے علاج سے عاجز آکر نا امید ہوگئے ہوں تو چاہئیے کہ مریض کے تیماردار اس کے قریب پاک صاف جگہ پر بیٹھ کر پڑھیں۔

یَا سَلَامُ ،، تعداد ایک لاکھ پچیس ہزار ۱۲۵۰۰۰

وظیفہ الحمد شریف :۔ قدوۃ العارفین۔ حضرت سید امام شاہ نقشبندی قدس اللہ العزیز نے مسلسل چالیس سال تک اس وظیفہ کی مداومت فرمائی ہے

اور کبھی قضا نہیں کیا یہ وظیفہ حضرت کے خلفاء و مریدان باصفا میں اب تک جاری ہے۔ اور اس کے پڑھنے سے متلاشیان حق کو بے بہا فوائد حاصل ہوئے ہیں۔

وظیفہ یہ ہے: کہ ہر درد، ہر مرض اور ہر حاجت کے لئے سورۂ الحمد شریف نماز مغرب کے بعد اکیانوے مرتبہ پڑھے۔ جب "نستعین" پر آئے تو دل میں اپنے مطلب کا خیال رکھے اس وظیفہ کی پابندی سے ایمان قوی ہوتا ہے اور بحکم خدا امراض بھی لاحق نہیں ہوتے۔

وظیفہ مجددیہ:۔ حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی قدس اللہ العزیز کے سلسلہ میں اکثر اکابر اس متبرک وظیفہ کی پابندی کی ہے۔ اور عظیم الشان فوائد حاصل کئے ہیں۔

روزانہ تین سو مرتبہ "یا اللہُ، یا سَلَامُ یا قَوِیُّ"

اس کے پڑھنے سے دل ودماغ کو تقویت حاصل ہوتی ہے۔ کمزوری دور ہوتی ہے۔ اور پڑھنے والا بحکم خدا امراض سے محفوظ رہتا ہے۔

وظیفہ غوثیہ:۔ سیدنا حضرت سید ابو العلا اکبر آبادی قدس اللہ سرہٗ العزیز کے سلسلہ عالیہ میں یہ وظیفہ تمام دینی و دنیاوی مقاصد کے حصول اور ترقی مدارج کے لئے مجرب ہے۔ اور اکابر سلسلہ نے اسکی پابندی فرمائی ہے۔ المحیط الرّقیب الشہید الغیب الفعال الخالق البارئُ المصوّر گیارہ مرتبہ اول اور آخر درود شریف۔

غصہ فرو کرنے کی دعا:۔ جب غصہ آئے تو حسب ذیل دعا پڑھے غصہ فرو ہو جائیگا۔ دعا یہ ہے۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

مفلسی اور قرض سے نجات کے لئے:۔ یَا کَرِیْمُ یَا وَھَّابُ یَا ذِی الطَّوْلِ

یہ عمل ہر روز ایک ہزار ستر (۱۰۷۰) مرتبہ روزانہ پڑھا کریں بحکم خدا غیب سے سامان فراغت پیدا ہوگا۔ افلاس دور ہوگا۔ قرض سے نجات ملیگی یہ عمل عجیب الاثر ہے۔

شراب کی عادت توڑنے کیلئے:۔ جو شخص شراب کا عادی ہو۔ اور نہ چھوڑ

سکتا ہو تو یہ مرتبہ تین دفعہ پانی پر دم کر کے شرابی کو پلا دیا کریں بحکم خدا شراب کی عادت جاتی رہے گی عمل یہ ہے - الٰہی بحق خطیب شہر گنجد شراب نوشی ترک سود،،

ترقی رزق کے لئے :- اسم اعظم یَا وَاسِعُ ، روزانہ بعد نماز عشاء ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھا کریں اول و آخر تین مرتبہ درود شریف مجرب ہے -

نقوش خاص

ان نقوش میں کسی خاص پرہیز یا ترکیب کی ضرورت نہیں . نیک ساعات میں لکھکر اپنے پاس رکھیں تو بحکم خدا فائدہ عظیم ہوگا جس مقصود کے واسطے جو نقش ھے

برائے حفظ و تسخیر ۷۸۶ وہ یہ ہے

ح۷۰	۴و	ل۳۰	X
۱۳	۸۹	۲۹	۵۴
۶	۷۰	۷	۳۱
۱۵	۳۲	۳۸	۱۹

برائے مہربانی حاکم ۷۸۶

۲۱	۲	۳۸	۷
۳۰	ح۸	ک۲۰	۳
۹	م۴۰	X	۱۹
۱	۱۸	۱۰	۳۹

برائے دفع غفلت و مہربانی حاکم نقش یہ ہے ......

۷۸۶

۶	۲۹	۸۱	۱۳
۸۲	۱۲	۷	۲۸
۱۱	۷۹	۳۱	۸
ل۳۰	ط۹	ی۱۰	ق۸۰

حصول کیمیا

میں نے اعمال کیمیا اور کشائش رزق کی بیسیوں کتب کا مطالعہ کیا مگر اس عمل سے زیادہ کسی عمل کو مفید اور مجرب نہ پایا لہٰذا شائقین کے لئے ہدیۃً حاضر ہے -

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ کُنُوْزَ الذَّھَبِ وَالفِضَّۃِ تا عروج ماہ میں شروع کریں - اور اکتالیس روز تک ہر روز بعد نماز فجر ایک ہزار ایک سو گیارہ (۱۱۱۱)

مرتبہ پڑھیں ابجد زکوٰۃ ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ لازمی پڑھا کریں۔ تھوڑے ہی عرصہ میں حکومت الٰہیہ پر تصرف حاصل ہو جائیگا۔ اگر دوران زکوٰۃ میں عمل مذکورہ کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ زلزال پڑھی جائے تو بہتر ہے۔

تسخیر خلائق:- اولاد آدم و بنات حوا علیہ السلام کے لئے اور وجوہات ہر خاص و عام کے لئے یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنْ تُسَخِّرْ لِیْ اَوْلَادَ اٰدَمَ وَبَنَاتَ وَحَوَّا بِحَقِّ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ الرَّسُوْلُ اللّٰہِ ط عروج ماہ میں شروع کریں اور اکتالیس روز تک بعد ہر روز نماز عشا بلا ناغہ گیارہ سو مرتبہ پڑھا کریں بعد زکوٰۃ ۱۱ یا ۲۱ یا ۴۱ مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ رجوع خلائق کے لئے اکسیر ہے۔

برائے حُب:- ذیل کے نقش کو مطلوب کے پارچہ مستعمل پر لکھکر اس پر مطلوب کے سر کے بال لپیٹ کر فتیلہ بناؤ اور چراغ میں تل کا تیل ڈالکر منہ چراغ کا خانہ مطلوب کی طرف کرکے جلاؤ تیل خوشبودار ہو تو بہتر ہے اسات دن روزانہ ایک فتیلہ لکھکر جلاؤ مطلوب بے قرار ہوگا۔

نقش یہ ہے:- ۱۰۰ ۱۱۱ھ ۵ ۸ ط ۱۱ ۱۴ ۱۷ ۰۰ ع ۰ ط ۱۵ ۸ م م ۳

الحب فلاں بن فلاں (نام مطلوب معہ والدہ) علی حب فلاں بن فلانہ (نام طلوب معہ والدہ)


دعائے معظم:- اگر کسی کو پیٹ میں درد ہو یا بیمار ہو یہ دعائے معظم سات بار پڑھ کر دم کرے بفضلہ الٰہی چنگا بھلا ہو جاوے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا شَفَاعَۃَ الْمُصْطَفٰی وَرَحْمَۃَ الْمُصْطَفٰی وَاَمَانَۃَ الْمُصْطَفٰی وَاِعَانَۃَ الْمُصْطَفٰی وَاِیْمَانَ الْمُصْطَفٰی وَاِسْلَامَ الْمُصْطَفٰی وَدُعَاءَ الْمُصْطَفٰی وَبَقَاءَ الْمُصْطَفٰی وَاَخْلَاصَ الْمُصْطَفٰی وَبُرْھَانَ الْمُصْطَفٰی وَحُجَّۃَ الْمُصْطَفٰی وَتَوْبَۃَ الْمُصْطَفٰی وَنَفَسَ الْمُصْطَفٰی وَبَرَکَاتَ الْمُصْطَفٰی وَاَجْرَ الْمُصْطَفٰی اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا قُوَّۃَ الْمُصْطَفٰی وَنُصْرَۃَ الْمُصْطَفٰی وَتَوَکُّلَ الْمُصْطَفٰی وَشُکْرَ الْمُصْطَفٰی وَحَشْرَ الْمُصْطَفٰی وَثَوَابَ الْمُصْطَفٰی اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا ٭

جمیل المصطفیٰ و جمال المصطفیٰ و جنۃ المصطفیٰ و صلوٰۃ المصطفیٰ و صلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ محمد و آلہٖ و اصحابہٖ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین ط

تعویذ اسم اعظم:- خاص خاندانی مجرب تحفہ ہے یہ ایک ایسا مجرب نقش ہے جس میں کئی کام کئے جا سکتے ہیں ترکیب زکوٰۃ یہ ہے۔

نوچندی جمعرات کے روز ظہر کی نماز پڑھ کر شروع کریں دو بجے سے ساڑھے تین بجے تک روزانہ ۴۱ مرتبہ لکھیں ۴۰ روز تک آٹے میں گولیاں بنا کر ۔ دریا میں ڈالیں پرہیز کچھ نہیں



(۱) اگر بچہ نیند میں ڈرتا ہو تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں

(۲) اگر کسی عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو تو حیض کے بعد یہ تعویذ زعفران سے لکھ کر دونوں میاں بیوی پیتے رہیں اور ہمبستر ہوویں انشاء اللہ حمل قرار پائیگا۔

(۳) اگر کسی کے اولاد ہو کر مر جاتی ہو تو ایام حمل میں ہر ماہ میں تعویذ ۲۱ روز پانی سے پیتے رہیں۔ اور پھر عمل کا کرشمہ دیکھیں۔

مفارقت:- جن دو ذاتوں میں خلاف شرع مفارقت ہو یا کسی دو شخصوں کی وجہ سے آپ کو ناجائز طریق پر نقصان ہو رہا ہو تو آپ یہ عمل کریں بحکم خدا تیرہ دن عمل کر لینے سے دونوں میں باہمی جدائی ہوگی۔ اکثر دفعہ اس سے اپنا اثر دکھایا ہے تیرہ کانٹے ببول (کیکر) کے درخت کے جنگل سے لا کر اپنے پاس رکھے اور چاند کی چودہ تاریخ کو ذیل کا نقش خالی الوسط تحریر کرو۔ خالی خانہ

ہیں دونوں کا نام لکھو اگر پیر دو کی والدہ کا نام معلوم ہو کہ نام معہ والدہ کے لکھو اور ان ناموں میں کسی جگہ ایک کانٹا چبھو دو یعنی خالی خانہ میں جس میں نام لکھے ہیں اور چولھا جس پر کھانا پکتا ہے۔ اس قدر گہرا دفن کرو کہ آنچ نہ پہنچے۔ اس طرح روزانہ کرو۔ اور اسی چولھے میں دفن کر دیا کرو۔ نقش دوپہر کو لکھا کرو کوئی پرہیز اس میں نہیں ہے۔

یعنی روزانہ ایک نقش لکھ کر اور ایک کانٹا چبھو کر چولھے میں دفن کر دیا کرو ۸ تاریخ تک روزانہ عمل کرو انشاء اللہ تعالےٰ سخت مفارقت ہو گی۔

۷۸	۲۱۳	۲۶
۱۸۷	دونوں کے نام معہ والدہ	۱۳۰
۵۲	۱۹۴	۱۶۱

نقش یہ ہے

نقص ہوتا ہے اس لئے جو صاحب اولاد سے محروم ہیں اگر خود میں کوئی نقص پائیں تو سب سے پہلے اپنا علاج کرائیں اگر بیوی میں کوئی نقص ہے۔ مثلاً اگر شادی کم سنی میں کر دی گئی ہو تو اس وجہ سے بھی اولاد نہیں ہوتی یا رحم میں گوشت زیادہ پیدا ہو گیا ہو یا رحم میں گرمی زیادہ ہو گئی ہو یا سردی زیادہ ہے یا کرتب شیطانی ہے۔ ان وجہ سے اولاد نہیں ہوتی۔ ہر ایک مرض کی پہچان یہ ہے۔ اگر عورت کے سر میں درد ہو تو کم سنی کی شادی کی وجہ ہے اس کا علاج یہ ہے کہ بنبہ دانہ (روئی کا دانہ ہولہ بیج) اور بلغ کا پتہ ہر دو کو ملا کر بعد طہارت شافہ کیا جائے اگر تمام جسم میں درد ہو تو بادی ہے۔ علاج یہ ہے کہ ہلینگ خالص کو روغن کنجد میں ملا کر بعد طہارت شافہ کریں اگر سینہ میں درد ہو تو سردی ہے علاج یہ ہے کہ مرغی کے پتہ میں فلفل دراز جلا کر اور قدرے مشک ملا کر شافہ کریں اگر کمر میں درد ہو یا سر میں درد ہو تو گوشت زائد ہے علاج یہ ہے زاختن فیل اور زیرہ سفید روغن زرد میں پکا کر شافہ کریں اگر نیند لیوں

میں درد ہو تو کپڑے میں علاج یہ ہے ۔ کہ بلیلہ اور بلیلہ صابن کے پانی میں پیسکر شافہ کریں ۔ اگر رحم میں درد ہو تو گرمی ہے علاج یہ ہے کہ گھروں کی چڑیا کا پتہ اصلی شہد میں ملا کر شافہ کریں ۔ اگر ان جگہوں کے علاوہ کسی جگہ درد ہو تو آسیب ہے لہٰذا ذیل کے نقش کو گلاب مشک زعفران کافوران چاروں چیزوں کو ملا کر لکھیں اور اپنے گلے میں ڈالیں بحکم خدا آسیب کا اثر دور ہو گا ۔ بہت ہی مجرب ہے ۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

ا	ر	د	و	و	ل	و
عو	ر	و	م	لود	و	د
و	۲	مو	و	لا	٦	و
ر	لا	بالا	و	ربیع	در	برن

خاص عمل :-

چاند دیکھنے پر پہلا اتوار آئے صبح کی نماز کے بعد اس عمل کو اس طرح شروع کریں یعنی الحمد شریف کی پہلی آیت پڑھ کر ایک سو مرتبہ یَا مُقَلِّبُ الْقُلُوْب پڑھیں دوسرے دن دوسری آیت پڑھ کر ایک سو مرتبہ یہی پڑھیں ۔ سات دن میں سات آیات ختم ہو جائیں گی ۔ یہ عمل ہر مشکل کے وقت پڑھیں اور اپنے مطلب کا تصور اپنے دل میں رکھیں بحکم خدا سات یوم میں کامیابی ہو گی ۔

بھوت چڑیل اور آسیب سے مکان محفوظ رہنے کیلئے

اگر آپ کو یہ خیال ہو کہ اس مکان میں بھوت چڑیل اور کوئی خلل ہے تو اس نقش کو لکھ کر آپ اس مکان کے دروازے یا دالان یا کمرے میں دیوار پر لگا دینگے اگر کوئی خلل ہو گا تو فوراً بھاگ جائیگا اور پھر کبھی بھی اسطرف رخ نہ کریگا مکان پاک صاف ہو جائیگا ۔ نقش یہ ہے ۔

۷۸۶   یَا سُبُّوْحُ   یَا قَیُّوْمُ

	ن	د	ن	د	ن	علی
	د	ن	د	ن	د	علی
	ن	د	ن	د	ن	علی
علی	۲۲۷	۲۲۷	۲۲۷	۲۲۷	۲۲۷	علی
	ت	ت	ت	ت	ت	

بچوں کو خلل مساں سے محفوظ رکھنے کیلئے

اس نقش کو جب تک بچہ بارہ برس کا نہ ہو جائے اس کے گلے سے دور نہ کریں بچہ آسیب سے محفوظ رہے گا نقش یہ ہے ...

وہ	وہ	وہ	وہ	وہ	وہ
ج	ج	ج	ج	ج	ج
۲۳۴	ک	ک	ک	ک	ک
وہ	وہ	وہ	۶۷۸۳	ی	عما

تعویذ برائے چیچک

اگر بچے کو چیچک نکل آئے اور سخت تکلیف ہو تو اس نقش کو جنگلی کبوتر کے خون سے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالدیں۔ انشاء اللہ بہت جلد صحت ہو گی۔

م	ل	م	ل
م	ل	م	ل
م	ل	م	ل

زہریلے جانور کے لئے

اگر کسی شخص کو بچھو یا سانپ کاٹ کھائے تو فوراً اس نقش کو لکھ کر زخم پر جہاں کاٹا ہو باندھ دو۔ انشاء اللہ زہر اثر نہ کرے گا نقش یہ ہے ...

یا حیُّ — ۷۸۶ — یا قیّومُ

یا علی م	یا علی م	یا علی م	یا علی م
یا حیدر م	یا حیدر م	یا حیدر م	یا حیدر م
یا حیدر م	یا حیدر م	یا حیدر م	یا حیدر م
یا اللہ م	یا اللہ م	یا اللہ م	یا اللہ م

برائے زہر باد

اس نقش کو لکھ کر پینا اور ایک نقش لکھ کر گلے میں ڈالنا چاہیئے انشاء اللہ ایک دو یوم کے اندر اندر ہی زہر باد کا نشان تک بھی نہ رہے گا۔ کہو انشاء اللہ بہت ہی مجرب نقش ہے صفحہ ۵۷ پر

اور یہ بھی کہے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ۔ یا اللہ اپنے حبیب کی طفیل آرام دے

نقش یہ ہے

یَا حَیُّ — یَا قَیُّوْمُ

یا محمدؐ	یا اللہ	یا اللہ	یا رحیم	یا رحیم	یا رحیم
یا علی	یا محمدؐ	یا اللہ	یا اللہ	یا رحیم	یا رحیم
یا علی	یا علی	یا محمدؐ	یا اللہ	یا اللہ	یا رحیم
یا عثمان	یا علیؓ	یا علیؓ	یا محمدؐ	یا اللہ	یا اللہ
یا حفیظ	یا حفیظ	یا عثمان	یا علی	یا علی	یا محمدؐ
یا حفیظ	یا حفیظ	یا عثمان	یا علی	یا علی	یا محمدؐ

نیند سے حسب منشا بیدار ہونے کے لئے:- اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا سے آخر سورہ کہف تک پڑھکر یہ کہکر سو رہو۔ کہ فلاں وقت مجھے جگا دینا — انشاء اللہ اسی وقت آنکھ کھلے گی۔

نادِ علی:- خوف کے وقت پڑھنے سے طبیعت کو اطمینان حاصل ہوتا ہے۔ خطرہ کے وقت غیبی امداد حاصل ہوتی ہے مشائخ کا معمول ہے۔
نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِی النَّوَائِبِ كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِیْ بِوِلَايَتِكَ يَا عَلِیُّ يَا عَلِیُّ:-

برائے امساک:- یہ طلسم لکھ کر کمر سے باندھو جب تک نہ کھولو گے امساک ہوگا۔ سورۃ لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ زعفران سے لکھ کر دھو کر پینے سے بھی یہی فائدہ دیتی ہے کمر سے باندھنے کا نقش یہ ہے:-

عـ ۱۱۱و ۱۱۱واط ۱۱ ۱۱عک ۱۱

صـ ۱۱ ط ۱۱ واط ۱۱ ک ۱۱

چھوٹے گمشدہ بچوں کیلئے:- اکثر بچے کھیلتے کھیلتے گم ہو جاتے ہیں یہ نقش ان کے لئے بڑا زود اثر ہے نقش لکھکر بیچ کے نقطہ میں سوئی چبھو کر کسی برتن میں ڈھک دو کچھ بھی وقفہ نہیں گزریگا۔ جو پتہ لگ جائے گا

جب بتپہ لگ جائے تو حضرت خضر کی نیاز دلا کر بچوں کو تقسیم کردو نقش یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

فَالُوْا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ

فَالُوْا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ

فَالُوْا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ

فَالُوْا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ

آگ بجھانے کیلئے

سات کنکروں پر سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ پڑھ کر جہاں آگ لگ رہی ہو ڈال دو۔ پھر قدرت ایزدی دیکھو کہ کتنی جلدی آگ پر قابو حاصل ہوتا ہے ساتھ ہی اَلَمْ نَشْرَحْ کے یہ بھی پڑھے لا صحبت فی اَمَانِ اللّٰہ و صحبت فی اجوار اللّٰہ و صحبت فی اَمَانِ اللّٰہ و صحبتا فی جوار اللّٰہ۔

کھٹملوں کیلئے :-

اگر ایک مٹھی خاک پر یوس۔ ابوس اندروسن دربار بالکیف والرقیم باسر الملک العظیم ام رج بہا بحق ہذا اسماء پڑھ کر چارپائی پر چھڑک دے تو کھٹملوں کا نام و نشان نہ رہیگا۔

ایک ہفتہ میں درست عیب ہو جائے

صرف ایک اناج ایک ترکاری سات دن تک کھائے اور نماز صبح کے بعد جمعرات عروج ماہ سے ۱۰۰ بار روزانہ پڑھے۔ یَا فَرِیْدُ۔ یَا خَبِیْرُ یَا شَہِیْدُ یَا وَلِیُّ یَا لَطِیْفُ یَا غَالِبُ یَا جَبَّارُ۔ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ یَا خَلَّاقُ یَا حَافِظُ آٹھویں دن یہ نقش لکھ کر زیر جائے نماز رکھ کر ایک ہزار بار یَا مُتَعَالُ لِّمَا یُرِیْدُ یَا خَلَّاقُ پڑھے پھر جائے نماز اٹھائے جو کچھ ملے ہتھیلی میں رکھ لیں جب کچھ نکالیں یَا وَهَّابُ فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ پڑھ کر نکالے سب نہ نکالے عمر بھر انشاء اللہ کسی کی محتاجی نہ ہوگی۔ نقش درج ذیل ہے۔

۳	۳	۱۰	۱	بحق یا وہاب	۵	۲	۴	۸

*

بربادی دشمن کے انڈے

ایک انڈے پر نحس ساعت میں معمول کا نام لکھواور ذیل کا نقش لکھواور نیلے ڈورے میں لپیٹ کر آگ میں ڈالدو۔ اور قدرت کا تماشہ دیکھو مگر پھر گذارش ہے کہ ایسے عمل کرنے نہیں چاہئیں ؛ مولف

افل ربك وانحر ا
اعطینٰك الكوثر انا
الكوثر فصل لربك وانحر
فصل

موت کا فرشتہ:- یہ نقش بکری کا دل چیر کر اس میں رکھو ایک سوئی چبھودو کہ وہ شگاف بند ہو جائے اور کسی پرانی قبر میں ڈال دو۔ دشمن بیمار ہو جائے گا ذلیل ہوگا ابتر ہوگا۔ جب تعویذ نکال لوگے تو پھر صحت ہو جائے گی۔ اس میں فرشتگان مقرب کو فاتحہ کا ثواب نذر کیا جاتا ہے۔ نقش یہ ہے

یا عزرائیل ۷۸۶

۳۲۴	۳۱۷	۳۲۲
۳۱۹	۳۲۱	۳۲۳
۳۲۰	۳۲۵	۳۸

یا عزرائیل (بائیں) — یا عزرائیل (دائیں)

یا عزرائیل

ہلاکی دشمن کے لئے:- ۱۰۰۰ نمک کی ڈلیاں لو ان پر بغیر بسم اللہ کے ۱۰۰۰ بار سورہ تبت یدا پوری پڑھو۔ اور صدقہ سورہ پاک کا دیکر یہ دعا جس کے لئے کروگے پوری ہوگی۔ پھر نمک دریا میں ڈال دو۔ دیکھو تیر چھٹنے کے بعد واپس نہیں ہوتا اس لئے جو کچھ کرو۔ سوچ سمجھ کر کرو۔

دیگر:- سیہہ (ایک جانور) کے کانٹے پر گیارہ بار سورہ اذا زلزلہ پوری پڑھ کر کانٹا قبر میں دفن کردو۔ اور سنیچر کے دن بکری کی سری منگوائیے۔ دشمن کے نام کے نقطے والے حروف الگ کر لو۔ بے نقطہ کے الگ بے نقطہ کے حروف پر ایک ایک کیکر کا کانٹا چبھودو۔ اور اوپر کے دانتوں میں باندھ دو۔ نیچے کے دانتوں میں نقطے والے حروف باندھ دو ساتھ ہی حرفوں کے اپنے

دشمن کا نام بھی لکھ دو۔ اور اس سب سامان کو کسی کپڑے میں باندھ کر کسی پرانی قبر میں ڈال دو۔ پھر نہاؤ اور کھیر پکوا کر حضرت خضر کو ایصال ثواب کرو اور مسکینوں کو کھلا دو۔ اور خود بھی کھا سکتے ہو۔

افتراق اور جدائی کا عمل

بعد نماز عشاء اتوار کے دن ۱۲ رکعت تین دفعہ نیت باندھ کر پڑھو۔ ہر رکعت میں ۴۱۔ ۴۱ بار آیت الکرسی اور قُل اَعُوذُ بِرَبِّ الفَلَقِ اور قُل اَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھو اور بسم اللہ شریف عدد سطحی یعنی ۷۰۰ ۱۵ بار پڑھو۔ اور دشمنوں کے مابین جدائی کی بددعا مانگو۔ پھر وتر پڑھو۔ سات دن تک ایسے ہی کرو۔ آخری دن ختم کرنے وقت یہ کہو۔

مَا حُرِّمَ هٰذَا لا الاسماء حَبِيْبُوْ وَ يُكِلِّ الْبِتْرُ هٰاءُ لاعۃ اور انگلی سے اشارہ کرو۔ انشاء اللہ تین دن کے اندر دشمنوں میں جدائی ہو جائے گی۔ مسجد میں نیاز کے نام کی صفیں بھجوا دو۔ بغیر اشد ضرورت کے یہ عمل نہ کرو۔

برائے ویرانی مکان:- سورہ نمل لکھ کر کسی جگہ رکھ دو۔ چند روز میں مکان وغیرہ میں خاک اڑ جائے گی۔

بددعائے خاص:- اس عمل کے کرنے سے دیکھا گیا ہے کہ بددعا پوری ہونے دیر نہیں لگتی۔ کیونکہ زبردست مشائخ کی ترتیب دادہ ہے۔ اس لئے ہم بری الذمہ ہیں۔ جو کرے گا وہ عاقبت کے نتیجہ کا ذمہ دار ہوگا بسم اللہ ۱۰۰۰ بار الحمد اللہ ۱۰۰۰ بار کلمہ شریف ۱۰۰۰ بار درود شریف ۱۰۰۰ بار کلمات بددعا ۱۰۰۰ بار پھر سجدہ کرے۔

ایک تیر ہے جو کمان سے نکلتے ہی نشانے پر پہنچا ہے خطا نہیں کرتا۔

جدائی و بربادی دشمن کا عمل: كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۱۲ ؁

کنکروں پر ۱۲، ۱۶ مرتبہ ۱۲ دن تک پڑھو۔ اور ۱۲ دفعہ دشمنوں کا نام لے کر دیوار پر زور سے مارو۔ ادھر دیوار پر کنکریں لگیں گی۔ اور ادھر دشمنوں پر اثر ہو گا۔ تجربہ شرط ہے۔ بعد کامیابی حضرت بابا فرید شکر گنج کی نیاز دلا دو۔

زوال محبت کا چٹکلہ:۔ ہر وہ نام الٰہی جس کے آخر میں ی ہو۔ لکھ کر ایک ہفتہ دھو کر پلاؤ یا حروف لکھ کر چٹاؤ محبت کا نشان بھی نہیں رہے گا۔ ا ب ا ق ا ل ہ د ل د ر ک م ہ

عداوت کیلئے:۔ وَاَلْقَیْنَا بَیْنَھُمُ الْعَدَاوَۃَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ نیچے لکھ کر یہ نقش لکھو ور محمد اللہ محمد اللہ اس جگہ دونوں کا نام لکھو اور کسی پرانی قبر میں دفن کر دو۔

تباہی مخالف کیلئے:۔ قبل از طلوع مسجد غیر آباد قبرستان مکان خالی حمام پھر ادہ جس مکان میں میت ہو۔ چوراہے کی مٹی اٹھا کر وا خرب لہم سے ہنر انک ۱۵/۷ ۱۷۶ پڑھ کر کسی ایک دشمن کے گھر میں ڈلوا دو۔ اور قدرت کا تماشہ دیکھو۔

دشمن کی خواب بندی کا عمل

بارہ بجے کی کسی منحوس ساعت میں مٹی کے پیالے میں پانی بھر کر سات مرتبہ قُلْ یٰاَیُّھَا ایک مرتبہ واللیل ایک دفعہ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ پڑھو اور کہو بستم خواب اور خوار یہاں نام لو۔ بحق یہاں اپنا نام لو۔ تا من نہ کشائم نہ کشائیہ بحق ایں سورۂ ہائے بزرگ" اور پانی پر دم کر کے خود پی لو۔ پیالے پر ایک کچی اینٹ رکھ کر سرہانے رکھ کر سو جاؤ۔ صبح کو اینٹ مع پیالے کفنا کر دفن کر دو۔ سات دن متواتر ایسا کرو۔ دشمن سونے کے لئے ترس جائیگا۔ جب اینٹ نکالو گے تب نیند آئے گی۔ اس عمل میں یہ شرط لازمی ہے کہ ایک قرآن پاک خرید کر کسی غریب کو صدقہ کرو۔ یا مسجد میں رکھوا دو۔

خواب بندی کا نقش: بر سر اعداد نا معمول ۰۰۲۶ کا اضافہ کرو۔ جمعہ کے دن بعت لبسا عطارد لکھو۔ لکھتے وقت کہو "بستم خواب فلاں بن فلاں بحق فلاں بن فلاں اور لکھنے کے بعد کسی سے بات نہ کرو۔ اور سر کے نیچے رکھ کر سو جاؤ۔

رفتار نقش ۷۸۶

۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰
۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳

نقش یہ ہے

ہلاکی دشمن کے لئے مجرب عمل

دشمن کے کپڑے پر اس کا نام معہ ماں کے نام کے لکھے اور ایک دائرہ کھینچے دائرہ کے باہر یہ آیت لکھے اُولٰئِكَ الَّذِیْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ بِالْهُدٰى فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِیْنَ ط پھر دشمن کا نام لکھکر دائرہ کھینچو۔ پھر آبخورہ گلی میں دشمن کی چوکھٹ کے نیچے گاڑ دے کہ وہ اس پر آتا جاتا رہے۔ مگر بغیر اشد ضرورت کے یہ عمل نہ کرو۔

برائے استحاضہ و کبیر: بڑا مجرب عمل ہے وَمَا مُحَمَّدٌ سے افقلبتم تک لکھکر اگلی طرف ران میں دوسری میں پچھلی طرف باندھ دو اور ایک زیر ناف باندھ دو فوراً شفا ہوگی۔

درد کمر اور پنڈلی کے درد کیلئے اِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ یُعْلَمُوْنَ تک پارہ ۲۱ تا ایک مٹی کی رکابی پر لکھکر تیل سے دھو کر مالش کرو۔ اور تین دن میں درد کا نام نہیں رہے گا۔

تپ لرزہ کیلئے کھٰیٰعٓصٓ۔ حٰمٓعٓسٓقٓ تین پتوں پر لکھکر چٹاؤ صحت ہوگی یَا نَارُ كُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا ط لکھ کر بازو پر باندھو یا محیط کا مربع لتو یار لکھکر گلے میں باندھو پھر بخار نہیں آئیگا۔ یا روئی پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دائیں اور بائیں کان پہ رکھ دو۔

خون حیض کی زیادتی بند کرنے کے لئے

جامن کے پتوں پر یہ تعویذ لکھ کر نوش دے کر پلاؤ خون فوراً بند ہوگا۔

تعویذ یہ ہے

۶۹۵	۶۹۸	۷۰۱	۶۸۸
۷۰۰	۶۸۹	۶۹۴	۶۹۹
۱۹۰	۷۰۲	۶۹۶	۶۹۳
۶۹۷	۶۹۲	۶۹۱	۷۰۱

نقش عجیب:-

جس کی برکت سے چور مال نہ لے جا سکیں گے اور عورت اسے باندھ لے گی۔ قمر در عقرب جنتری سے معلوم کر لو کب ہوگا۔ سیاہی سے لکھو مند مکان میں اور ہر قمر در عقرب میں لکھیں اور سوا لاکھ لکھیں پھر ہر در قمر در عقرب میں ۹۹ نقش لکھیں اور آگ میں جلائے۔ پھر حرف ص ۹۰ دفعہ لکھے اور پڑھے اس محنت کے بعد یہ عمل مندرجہ بالا اثرات دکھائے گا۔

نقش یہ ہے۔۔۔۔

۷۸۶

۲۶۲	۲۵۴	۲۵۹
۲۵۶	۲۵۸	۲۶۱
۲۵۷	۳۶۳	۲۵۵

کند ذہنی دور کرنے کیلئے

بچہ پڑھنے سے جی چراتا ہو اس کا دل لگانے کے لئے یہ نقش لکھ کر آپ گلے میں ڈال دیں مگر ہر جمعرات کو لوبان کی دھونی دیتے رہیں اور بچوں کو بتاشے تقسیم کرتے رہیں۔ انشاء اللہ ذہن کھل جائیگا اور پڑھنے میں دل لگیگا

نقش یہ ہے۔۔۔۔

عطارد   ۷۸۶   عطارد

ینظرون	وما	والقلم	ن
ن	ینظرون	وما	والقلم
والقلم	ن	ینظرون	وما
ینظرون	وما	والقلم	ن

جبرائیل   جبرائیل



پنجتنی پنجہ

یہ نقش ہر بیماری میں کام آتا ہے گھر میں آویزاں کرنا باعث برکات ہے بازو پر باندھنا حل المشکلات ہے اسے زعفران سے لکھ کر پینے سے صحت حاصل ہوتی ہے کمر میں باندھنے سے ہمت بلند ہوتی ہے

پڑبال چشم کا عجیب و غریب عمل

چاندنی رات کو چاند کے سامنے کھڑا ہو کر گیارہ بار الحمد شریف اور گیارہ بار قل ھو اللہ پڑھے اور ہاتھوں پر دم کر کرکے آنکھوں پر پھیرے تین دن برابر یہ عمل کرے چوتھے روز ایک کھٹمل کا خون سلائی سے لگائے شفا ہوگی۔

مسافر کو واپس بلانے کا عجیب عمل

حلقہ ہے جیم کا اور موتی ہے لولاک کا ٭ فلاں شخص آجائے صدقہ رسول پاک کا

فلاں کی جگہ مسافر کا نام لو اور گیارہ دن اس عمل کو کرو گیارہ گیارہ بار پڑھو۔ یا ایک سو گیارہ بار ایک ہی دن پڑھو۔ اور حضرت علی کی نیاز دلاؤ۔ انشاء اللہ تعالےٰ مسافر جلد سے جلد آجائے گا۔

احتیاطاً تین دن ضرور ایک سو گیارہ گیارہ بار پڑھ لو پڑھنا بیکار نہیں جائیگا نیاز کا تبرک بچوں کو بانٹ دو۔

مفرور عورت کے متعلق

اگر وہ ہفتہ کے دن گئی ہے تو جانب جنوب ایک ماہ میں لے گی٭

اگر اتوار کے دن بھاگی ہے تو جانب مشرق یقین ہے۔ کہ ایک ہفتہ میں پتہ لگ جائے گا۔

اگر وہ پیر کے دن گئی ہے۔ تو شمال کی طرف دیکھے۔ جلدی مل جانے کی امید ہے انشاء اللہ۔

اگر وہ منگل کے دن گئی ہے۔ تو مغرب کی طرف دیکھے۔ کہا نہیں جا سکتا۔ کہ کب ملے۔

اگر وہ بدھ کے دن گئی ہے تو شمال مغرب کی طرف دیکھے تین چار دن میں پتہ چل جائیگا۔

اگر وہ جمعرات کے دن گئی ہے تو جنوب مغرب کے گوشہ کی طرف دیکھے دس گیارہ روز میں خبر ملے گی۔

اگر وہ جمعہ کے دن گئی ہے تو ممکن ہے کہ تلاش کرنے پر مل جائے ورنہ ملنا محال ہے۔

واللہ اعلم بالصواب

میٹھا پھل کھانیکی ترکیب

خربوزہ یا آم وغیرہ جو کچھ آپ خریدیں اگر اسے :- بسم اللہ پڑھ کر فذبحوھا وما کادوا یفعلون کہکر تراشوگے تو انشاء اللہ شیریں اور لذیذ نکلے گا۔

مال چوری سے محفوظ رہے :-

اگر صاحب مال آمن الرسول آخر سورہ بقر پڑھکر سوئیگا تو اپنے مال کو ہمیشہ چوری سے محفوظ پائیگا۔ کچھ نقصان چوری سے نہ ہوگا۔

خاص شب برات کو پڑھنے کا عمل

اس عمل کو پڑھنے والا کبھی محتاج و فقیر نہیں ہوتا۔ پہلے غسل کرے۔ تین مرتبہ یٰسین پڑھے۔ اور پہلی دفعہ درازی عمر کی دعا کرے۔ دوسری دفعہ فراخی رزق کی تیسری دفعہ عافیت بدن کی خاطر دعا کرے۔ عشاء کے بعد ایک بار سورۂ

دخان پڑھے - اور ستر مرتبہ یہ دعا پڑھے - یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ انشاء اللہ مقصد پورا ہوگا -

عشرہ کے روز کا عمل:- حضرت مولا علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ عشرہ محرم کے دن ہزار مرتبہ سورہ اخلاص پڑھنے والے خدا تعالیٰ اپنی نظر کرم فرماتا ہے - اور کبھی نہیں ہٹاتا -

عرفہ کے دن کا عمل:- حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم فرماتے ہیں کہ جو شخص لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَهُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِهِ الْخَیْرُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ سو مرتبہ اور سو مرتبہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھکر دعا مانگتا ہے علاوہ قطع رحم کی دعا کے ہر دعا اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے - یہ قول حدیث منبہمات ابن حجر سے نقل کیا گیا ہے -

وظیفہ غوثیہ:- مرادی ، یا مرادی ، یا مرادی ، مرادی یا شیخ محی الدین مرادی رح یہ شعر ایک سو گیارہ بار بعد نماز مغرب ، گیارہ دن تک پڑھے عروج ماہ میں اور گیارہ تاریخ کو گیارہویں شریف کی نیاز دلائیں - اور دعا مانگیں - کامیابی مقدمات کے لئے ترقی کاروبار کے لئے حصول ملازمت کے لئے امتحان میں پاس ہونے کے لئے یہ عمل عجیب اثرات دکھاتا ہے - خطا ہی نہیں کرتا -

یہ عمل جس کے خلاف کرنا ہو:- پہلے سوچ سمجھ لو - اس لئے کہ کسی کو تکلیف دینا بہتر نہیں ترکیب یہ ہے - کہ شیشہ کی ایک لوح پر آیت وَهِیَ تَجْرِیْ بِهِمْ سے کھریں تک (پ ۱۲ ع ۴) اور مع نام والدہ کے لکھے لوح کو آب رواں میں ڈال دیں خون جاری ہوجائے گا - جب لوح پانی سے نکال لی جائیگی تندرست ہوجائیگا -

نقش یا عزیز

یہ نقش لکھ کر ۱۱۱ بار یا عزیز پڑھے - جب کسی حاکم کے سامنے جانا ہو

اسے بازو پر باندھے اور عطر لگا کر کچہری میں جائے۔ تو انگوٹھے اور چھنگلیا سے دبائے۔ حاکم مہربان ہوگا۔ نقش یہ ہے......

٧٨٦

ر	ی	ز	ع
ع	ز	ی	ز
ی	ز	ع	ز
ز	ع	ز	ی

رباعی دست غیب: بعض بزرگوں سے بھی یہ سنا ہے۔ کہ اس رباعی کے پڑھنے والوں کو بھی غیب سے روزی عطا ہوتی ہے اور یہ صحیح بھی معلوم ہوتا ہے اس لئے کہ اس کے عاملین کو کہیں محتاج نہیں دیکھا کیوں نہ ہو۔ آخر ایک بزرگ کا فرمودہ ہے۔ ترکیب پڑھنے کی یہ ہے۔ کہ روزانہ صبح کو گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کرے ؎

اے کریمے کہ از خزانہ غیب — گبر و ترسا وظیفہ خود داری
دوستاں را کجا کنی محروم — تو کہ با دشمناں نظر داری

درد سر کا مجرب عمل: حضرت مولانا گنج مراد آبادی رحمتہ اللہ علیہ کا فرمودہ کہ کتھہ پر تین مرتبہ صلی اللہ علی النبی الامی و الیہ واصحابہ پڑھ کر لگا لو۔ فوراً آرام ہو جائے گا۔

تنگی رزق کیلئے: اگر تنگی رزق سے حد درجہ پریشانی ہو تو بعد عصر روزانہ ۳۱۳ بار اِنَّ اللّٰہَ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ط مگر تنہائی اور خالی کمرہ میں بیٹھ کر پڑھے۔ اور دعا کرے عمل تو ایک ہفتہ کا ہے لیکن تجربہ شاہد ہے۔ کہ ایک ہی دن میں عمل اپنا رنگ دکھاتا ہے۔

ارشاد جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم

حضور کا قول مبارک ہے۔ کہ جب کوئی پریشانی ہو نفلیں پڑھا کرو۔ ہر قسم کی پریشانیاں دور ہوں گی چنانچہ بارہا کا تجربہ ہے۔ کہ یہ عمل پریشانی کھو دینے

کے لئے اکسیر ہے۔

پندرہ کا نقش

حب کیلئے انار کی لکڑی سے لکھا جاتا ہے بیمار کو پلانے کیلئے زعفران سے لکھا جاتا ہے۔ سر میں باندھنے کے لئے کالی روشنائی سے لکھا جاتا ہے۔ اور پہلے اس نقش کی زکوٰۃ ادا کی جاتی ہے۔ وہ یہ کہ پندرہ دن تک پندرہ نقش لکھکر آٹے میں گولیاں بنا کر ڈالے اور پندرہ آنے کی مٹھائی پر نیاز دلا کر اللہ کے واسطے تقسیم کر دے۔ پھر یہ عمل الی مقاصد کے لئے لکھے خدا چاہے گا تو حسب منشا اثرات ظاہر ہوں گے اور کبھی خطا نہ کرے گا۔ نقش یہ ہے......

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

شناخت چور کے عملیات

اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو اور کسی شخص پر شبہ ہو۔ یا بہت سے شخصوں پر ہو تو ذیل کی آیات کاغذ پر لکھکر بچھڑے کے گلے میں باندھے اور مشتبہ شخص یا اشخاص کا ہاتھ باری باری بچھڑے پر لگائے جو چور ہوگا اس کا ہاتھ رکھنے پر بچھڑا بولے گا۔ آیت یہ ہے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ہ اِنَّ الَّذِیۡنَ اتَّخَذُوا الۡعِجۡلَ سَیَنَالُہُمۡ غَضَبٌ مِّنۡ رَّبِّہِمۡ وَ ذِلَّۃٌ فِی الۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا ؕ وَ کَذٰلِکَ نَجۡزِی الۡمُفۡتَرِیۡنَ ہ (الاعراف ۱۵۲)

حسن اعتقاد کے سات رات کو سوتے وقت آیات ذیل پڑھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ خواب میں کل حال روشن ہو جائیگا۔ کہ کون چور ہے اس کا نام کیا ہے۔ کیا کام کرتا ہے۔ مال کہاں ہے ملے گا یا نہیں۔ اگر سات دن تک متواتر ایسا کرے گا۔ تو چور خود بخود حاضر ہوگا۔ سات دفعہ روزانہ رات کو سوتے وقت پڑھو۔

سَیَقُوۡلُ لَکَ الۡمُخَلَّفُوۡنَ مِنَ الۡاَعۡرَابِ شَغَلَتۡنَاۤ اَمۡوَالُنَا وَ اَہۡلُوۡنَا فَاسۡتَغۡفِرۡ لَنَا

يَقُوْلُوْنَ بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْئًا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ۝ بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ وَكُنْتُمْ قَوْمًا بُوْرًا ۝ سورہ فتح آیت ۱۲ ع۱۲۔

یہ تصور کرکے کہ چور واپس آکر مجھ سے معافی مانگ رہا ہے ہر نماز کے بعد پانچ مرتبہ روزانہ یہ آیت پڑھو۔ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۱۵ (فتح ۱۴)

انشاء اللہ ایک ہفتہ کے اندر اندر یا تو چور تمہارے پاس آجائے گا۔ یا خواب میں یا الہامی طور پر اس کا نام و نشان اور مکمل پتہ مل جائیگا۔ مجرب ہے۔

دیگر:۔ ذیل کا نقش لکھکر اور چاول پکا کر اس میں رکھ دیں اور مشتبہ لوگوں کو کھانے کے لئے دیں۔ جو شخص چور ہوگا۔ اس کے حلق سے نوالا نہ اترے گا اور نہ کھا سکے گا۔ نقش یہ ہے۔

ط ااا ـــس ـــس
ردبہ سمہل ردجہا ہے ہ
حالدوح ظ ـــح نمیس

دیگر:۔ اگر اس نقش کی زکوٰۃ پہلے ادا کریں تو آئندہ کے لئے عمل قابو میں رہیگا اور فائدہ دے گا۔ نہ صرف چور کی شناخت اور متعلقہ حالات معلوم ہونگے بلکہ دنیا کے کاروبار میں بھی نفع و نقصان نیکی، و بدی قبل از وقت معلوم ہو جاتی ہے۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے۔ کہ ترک حیوانات جلالی و جمالی کے ساتھ سوا لاکھ نقش لکھ کر آٹے میں گولیاں

۳۸۸۸۹	۳۸۸۹۱	۳۸۸۹۴	۳۸۸۸۴
۳۸۸۹۶	۳۸۸۹۷	۳۸۸۹۰	۳۸۸۹۵
۳۸۸۸۶	۳۸۸۹۹	۳۸۸۹۲	۳۸۸۲۸
۳۸۸۹۳	۳۸۸۸۱	۳۸۸۸۱	۳۸۸۹۸

بنا کر دریا میں ڈالے اور جتنے دنوں میں چاہے۔ تعداد پوری کر دے لیکن اگر چلے کے اندر اندر ختم کرے گا۔ تو بہتر ہوگا۔ لیکن زکوٰۃ کے بعد جب چور


یا کسی اور امر کا حال معلوم کرنا ہو تو دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر یہ نقش لکھکر سر کے نیچے رکھ کر سو جاؤ۔ معاملہ معلومہ کے متعلق پورا پورا علم رات کو خواب میں ہو جائیگا مجرب اور آزمودہ ہے۔

دیگر:- ذیل کا نقش ایک کاغذ پر لکھیں سولہویں خانے میں جہاں ہم نے سیاہی کا داغ لگا دیا ہے۔ سیاہی بھر کر تھوڑا عطر لگائیں اور ایک نابالغ بچے کو تعویذ دے کر اس کو کہو کہ وہ سولہویں خانے پر نظر رکھے۔ اور جس شخص کی شکل اس میں نظر آئیگی۔ وہی چور ہوگا۔ بچے کو جو شکل نظر آئیگی اس سے دریافت کر لیں کہ کون شخص ہے وہ سب مفصل بتا دیگی۔ وہ نقش یہ ہے۔۔۔۔۔۔

٧٨٦

٢٤٢	٢٤٥	٢٤٨	٢٣٥
٢٤٧	٢٣٦	٢٤١	٢٤٦
٢٣٧		٢٤٣	٢٤٠
٢٤٤	٢٣٩	٢٣٨	٢٤٩

مفرور کیلئے:- یہ نقش بھاری پتھر کے لئے نیچے رکھ دو مفرور واپس آئیگا مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔۔۔۔۔۔



دیگر:- یہ طلسم لکھ کر چرخے سے باندھے کر چرخہ الٹا گھماؤ مفرور واپس آکر تابعداری کرے گا اور پھر کبھی نہ بھاگے گا۔ طلسم یہ ہے۔۔۔۔۔۔

ب	ع	ی
ال	ح	ال
ی	ی	ی

نقش بسم اللہ:- ذیل کا تعویذ بچے کے گلے میں ڈالدو انشاءاللہ ہر آفت اور بیماری سے محفوظ رہے گا۔ چاندی کی تختی پر کندہ کروا کر گلے میں ڈالیں۔

برائے شفا بیماری:- ذیل کی چھ آیات شریف سات دفعہ اور سورہ الحمد شریف ایک مرتبہ اور ایک مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھ کر جس بچے پر روزانہ دم کر دیا جائے۔ وہ انشاءاللہ ہر بیماری اور بلا سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی بچہ آدمی یا عورت بیمار ہو جائے تو چینی کی طشتری میں ان آیات کو لکھ کر سات دن نہار منہ پلاؤ انشاءاللہ تندرستی حاصل ہوگی۔ آیات شریف یہ ہیں۔ ویشف صدور قوم مومنین یاایہاالناس قد جاءتکم موعظۃ من ربکم شفاء لما فی الصدور یخرج من بطونہا شراب مختلف الوانہ فیہ شفاء للناس وننزل من القرآن ما ہو شفاء ورحمۃ للمومنین واذا مرضت فہو یشفین بل ہو للذین آمنوا ہدی وشفاء!

تعویذ مکرم یہ ہے ۔ ۔ ۔

۷۸۶

الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ	۷۸۶
الرحیم	الرحمٰن	بسم اللہ
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	الرحیم	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیگر شفا کیلئے: ذیل کا نقش کسی پرہیزگار آدمی سے لکھوا کر گلے میں باندھو انشاءاللہ ہر بیماری سے امن رہیگا۔

نقش یہ ہے ۔ ۔ ۔

۸	۶۷۸م	۶۷۸م	۱
۶۷۷م	۲	۷	۶۷۵م
۳	۶۸۰م	۶۷۲م	۶
۶۷۳م	۵	۴	۶۷۹م

برائے نظر بد:- نظر بد سے بچنے کے لئے ذیل کا تعویذ نہایت سریع التاثیر اور زود اثر ہے۔ زعفران اور کیوڑے سے لکھ کر گلے میں ڈالنے سے نظر بد اثر نہیں کریگی۔ اگر نظر لگ گئی ہوگی تو اس کا اثر باطل ہوگا۔ تعویذ یہ ہے ۔ ۔ ۔

رب العالمین	الحمد للہ	الرحمٰن الرحیم	بسم اللہ	بسم اللہ
وایاک نستعین	ایاک نعبد	یوم الدین	مالک	الرحمٰن الرحیم
علیہم	انعمت	صراط الذین	المستقیم	اہدنا الصراط
آمین	الضالین	ولا	علیہم	غیر المغضوب

بچوں کا مسان:- ذیل کا تعویذ بچوں کا مسان کی بیماری کے لئے بہترین اور مجرب ہے معطر کر کے بچے کے گلے میں باندھ دو انشاءاللہ آرام ہوگا۔ نقش یہ ہے۔ . . . . . .

۷۸۶

۳۱۵۵	۳۱۵۰	۳۱۵۷
۳۱۵۶	۳۱۵۴	۳۱۵۲
۳۱۵۱	۳۱۵۸	۳۱۵۳

سوکھا پن کیلئے

بچوں کے سوکھے پن کے لئے یہ تعویذ مبارک ہے دائیں بازو پر باندھو۔ انشاءاللہ بچے کی مرض دور ہوگی۔ اور وہ تندرست اور فربہ ہو جائیگا۔ تعویذ یہ ہے۔ . . .

یا شافی	یا مومن	یا حفیظ	یا سلام
۱۵۵۸	۱۴۳	۴۵۱	۱۴۰
۱۴۴	۱۱۵۱	۱۳۷	۵۵
۱۴۶	۳۹۹	۱۴۶	۵۱۵

بچہ آسانی سے پیدا ہو:- نابالغ کنواری لڑکی کے ہاتھ کے کاتے ہوئے سوت کے دھاگوں میں یہ تعویذ باندھ کر حاملہ عورت کی کمر میں باندھ دو دردزہ کی تکلیف اور مصیبت سے امن میں رہے گی۔ بچہ آسانی سے ہوگا

نقش یہ ہے۔ . . . . .

یا جبرائیل ۷۸۶

یا عزرائیل			یا اسرافیل
	۶	۱	۸
	۷	۵	۳
	۲	۹	۴

یا میکائیل

اسقاط حمل کیلئے

یہ تعویذ ابتدائے حمل میں چالیس دن متواتر بلا ناغہ پانی میں گھول کر پلائیں۔ بعد ازاں ہر مہینے میں سات مرتبہ ہر چوتھے دن وضع حمل تک پلانے چاہئیں انشاءاللہ حمل ساقط نہیں ہوگا۔

تعویذ یہ ہے۔ . . . . . .

ع

ص

۳ ھ ط

طط

برائے آسیب

آسیب زدہ مرد اور عورت دونوں کے لئے یہ تعویذ نہایت

بابرکت اور مفید ہے۔ آسیب اس تعویذ کو دیکھتے ہی خود بخود باطل ہوجائے گا۔ بار ہا کا مجرب اور آزمودہ ہے۔

نقش یہ ہے۔

۱۰۶۶۲	۱۰۰۱۶۵	۱۰۶۶۸	۱۰۶۵۴
۱۰۶۶۷	۱۰۶۵۵	۱۰۶۶۱	۱۰۶۶۶
۱۰۶۵۶	۱۰۶۷۰	۱۰۶۶۳	۱۰۶۶۰
۱۰۶۶۴	۱۰۶۵۹	۱۰۶۵۷	۱۰۶۶۹

برائے امراض وبائی

تمام وبائی امراض چیچک طاعون ہیضہ وغیرہ کے دور کرنے کے لئے اکسیر ہے خوشبودار مکان میں کمال طہارت اور پاکیزگی کے ساتھ لکھو۔ اور ایک تعویذ مکان میں کسی جگہ چھپا کر دو۔ دوسرا مریض کے گلے میں ڈالو۔ مریض صحتیاب ہوگا۔ دوسرے محفوظ رہے گا۔ انشاءاللہ مجرب ہے۔ تعویذ یہ ہے:


بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۳۰۱ ۴۰۳۷ ۱۸۳۱ ۱۲۳ ۸۳ ۱۱۱
۳۰۱ ۱۱ ۷ ۱۱ ۳۰۹ ۳۷ ۱ ۳۱۰ ۱۲۰ ۴۰ ۳۰ ۱۱۱ ع
۳۰۳۱ ل ۳۰ ۸ ۴ ۱۱۶ ۷۱ ۱۱ ۱۱ ۱۱ ۳۱ ۱۱ ۴ ۲ ۷۱ ۱۱ ۴ ۱۱ ع
۱۱۳۱۱۶ رم ۱۲۱۱۲ رم ۳۰۲ ل ع ۴ ۷۱ ۲ ۴ ۱۱ ع
۱۸۱ ۱۹ ۴ ۱۲۱ ۳۱۰ ۱۱۱ ۱۸ ۱۱ غ ہ
۱۲۱ ۱۲۶ ۱۱ ۴ ۱ ۳۰۱ وس ۵ ماہ ۱۲ ۴۱ ۴۱ ۴۱ ع
۱۲۱ ۱۱ ۱۱ ۱۲۴ ۱۱ ۱۱ ۴ ۱۱ ع ہ ۱۱

برائے آسیب

اگر کسی مکان میں اینٹ یا پتھر برستے ہوں۔ اور آسیب کا خیال ہو۔ تو یہ نقش لکھ کر منہ قبلہ کی طرف کر کے دیوار پر لگا دو۔ پتھروں کا برسنا بند ہوجائیگا

نقش یہ ہے



سو	۸	۶	۴
۶	۲	۱۲	۶
۶	۲	۱۲	۶
۶	۳	۱۸	۶


دیگر اینٹ پتھر: برائے اینٹ پتھر وغیرہ برسنے کے اس نقش کو لکھ کر پانی میں دھو کر اور اس پانی کو تمام مکان میں چھڑک دے۔ انشاء اللہ اینٹوں کا برسنا بند ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

نقش یہ ہے . . . .

ف	ال م ا ع	ع	دی
ف	ل	لک	ے
ک	د	م	ق
لا ح و	ے	بدوح	بدوح

دیگر عمل: اینٹ اور پتھر برسنے کے وقت وضو کر کے قبلہ رو کھڑے ہو جاؤ۔ اور یہ آیت جتنی دفعہ ہو سکے بلا شمار پڑھو فوراً پتھروں کا برسنا بند ہو گا۔ مجرب ہے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ اِنَّہُمۡ یَکِیۡدُوۡنَ کَیۡدًا ۝ وَّ اَکِیۡدُ کَیۡدًا ۝ فَمَہِّلِ الۡکٰفِرِیۡنَ اَمۡہِلۡہُمۡ رُوَیۡدًا ۝ (سورہ طارق ۶ (۵) ۱۶-۱۷)


برائے آسیب و جادو: آسیب اور جادو کے مریض کے لئے سب سے زیادہ زبردست اور پرتاثیر نقش یہ ہے۔



اول نقش کو لکھ کر مریض کو حکم دیں کہ وہ دائیں طرف داڑھ کے نیچے تعویذ کو رکھے۔ اور دبائے۔ آسیب فوراً حاضر ہوگا۔ اور اس سے قول و اقرار او عہد لیکر چھوڑ دیں۔ لیکن اگر دائیں طرف رکھنے سے آسیب حاضر ہو کر کلام نہ کرے تو پھر مریض کو حکم دیں۔ کہ نقش کو بائیں طرف داڑھ کے نیچے رکھے اور دبائے۔ انشاء اللہ بلا شک و شبہ حاضر ہو کر کلام کرے گا۔ مریض جوں جوں نقش کو دبائے گا آسیب توں توں پریشان ہوگا۔ اور منت کرے گا۔ قول و اقرار لے کر چھوڑ دو۔ اگر وہ مریض کو چھوڑنے میں حیل و حجت کرے۔ اور نہ جائے تو فوراً ذیل کا فتیلہ لکھ کر

روشن کریں۔ بیشک آسیب جل کر فناہ ہو جائے گا۔ اور مریض تندرست ہو گا۔ آزمودہ ہے بار بار تجربے ہیں آیا کبھی خطا نہیں ہو گا

جلانے والا فتیلہ یہ ہے۔



چند خاص اعمال جو ہر ایک مطلب کے لئے کارآمد ہیں

اگرچہ ہر ایک آیت یا سورہ کے کئی طرح پر مختلف اعمال ہیں مگر ہم اپنے ناظرین کے لئے سب سے آسان ترین طریقہ ہائے عمل بیان کرتے ہیں زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد عامل جس طرح چاہے۔ اپنے مقاصد کے لئے عمل کرے۔ انشاء اللہ العزیز کامیابی یقینی اور فوراً ہو گی۔ چونکہ ایسے اعمال میں اکثر عامل کو جان کا خطرہ درپیش رہتا ہے۔ کیونکہ موکلات کا واسطہ ہے۔ اس لئے لازم ہے۔ کہ عمل شروع کرنے سے پیشتر اپنے گرد حصار کھینچ لے۔ جس کا طریق ہم سب سے پہلے بیان کریں گے۔ کیونکہ ذرا سی غلطی پر ہی عامل کی گردن مروڑ سکتے ہیں۔ یا اس کو کسی دیوانگی یا پاگل پن کی رجعت میں پھینک سکتے ہیں۔ اس لئے کمال صفائی۔ پاکیزگی۔ طہارت اور خلوص نیت کے علاوہ دل کو بھی زبردست طور پر دلیر رکھنا پڑتا ہے۔ حصار کھینچ کر دم کر لینے کی صورت میں اگر خدانخواستہ کوئی غلطی ہو جائے۔ تو موکل نزدیک نہ آسکنے کی صورت میں عامل کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے اور عامل محفوظ رہتا ہے۔ چونکہ موکل طرح طرح کی مہیب شکلوں میں سامنے آتے ہیں۔ تاکہ عامل عمل چھوڑ دیں لیکن عامل کو ایک زبردست اور لوہے سے بھی زیادہ سخت اور مضبوط حوصلے کی ضرورت ہے۔ اگر عامل نے ڈر کر عمل چھوڑ دیا تو اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے گا۔ علاوہ ازیں یہ بھی ضروری ہے۔ کہ عامل موکلات کی

ناجائز اور فضول تکلیف نہ دے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔ خوب سوچ سمجھ کر احتیاط کے ساتھ اور دلیر بن کر عمل کرے۔ ورنہ خواہ مخواہ مول نہ لے۔

"وَمَا عَلَیْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ"

حصار:۔ حصار کرنے کی بہت سی دعائیں ہیں۔ گو ان میں کچھ معتبر اور کچھ غیر معتبر ہیں۔ اس لئے ہم سب کو نظر انداز کر کے ایک سب سے بڑے اور سب سے اچھے حصار کا طریق لکھتے ہیں۔ جو کسی حال میں خطا نہیں کرتا ہے۔ اور وہ سورۃ جن کا عمل ہے۔ عامل کو لازم ہے۔ کہ وہ کوئی اعمال کرنے سے پہلے ایک چلے میں سورۃ جن کا عمل کر کے اس کی زکوٰۃ ادا کر دے اور ہمیشہ کے لئے ہر قسم کے حصاروں کی احتیاج سے بے نیاز ہو جائے سورہ جن کی زکوٰۃ میں موکلات کے نام لینے کی ضرورت نہیں۔ اللہ تعالےٰ نے اپنی رحمت کاملہ سے اس میں سب جنوں اور اسی قسم کی دیگر مخلوق کو اگر کوئی ہے۔ مخاطب کر لیا ہے۔ زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد جب کوئی عمل جلالی کرو تو پہلے ایک دفعہ سورۂ جن اور پھر معوذ تین تین بار پڑھ کر اپنے اردگرد انگلی سے کسی قدر جگہ میں دائرہ کھینچ لو۔ اور اس دائرے کے اندر بیٹھ کر عمل کرو۔ اس دائرے کے اندر کوئی چیز خواہ کتنی ہیبت ناک کیوں نہ ہو نہ آ سکے گی۔ اور نہ عامل کوئی نقصان دے سکے گی۔ ادائے زکوٰۃ کا طریق یہ ہے۔ کسی خلوت کی جگہ پر مکان یا جنگل میں بعد نماز عشاء غسل کر کے ایک دفعہ سورۃ جن اور معوذ تین مرتبہ اور آیتہ الکرسی ایک ایک دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ اور کچھ جگہ پر اپنے اوپر لکیر کھینچ دو۔ پھر اس دائرے کے اندر بیٹھ کر چند مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اثنائے عمل میں ایک ہی لباس رکھیں۔ ایک ہی چادر میں تمام جسم کو لپٹائیں۔ کعبہ کی طرف منہ رکھیں۔ قبل از دعوت ہر روز غسل ضروری ہے۔ ترک حیوانات جلالی و جمالی بھی لازم ہے۔ اگر ہو سکے

تو روزہ بھی رکھو۔ چالیس دن کے بعد زکوٰۃ ہو جائے گی۔ اکتالیسویں دن کچھ نیاز تقسیم کر دو۔ اب تم عامل ہو جاؤ گے۔ روزانہ کسی وقت ایک دفعہ پڑھ لیا کرو۔ اور جب کوئی جلالی عمل شروع کرنا ہو تو ہر روز ایک دفعہ سورہ جن معوذتین اور آیتہ الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دم کرو۔ اور ارد گرد لکیر کھینچ کر اس کے اندر بیٹھ کر عمل کرو۔ پھر کوئی گزند نہ پہنچے گی۔ اگر تم نے غلطی کی۔ تو پھر سخت نقصان اٹھاؤ گے۔ جان کا بھی خطرہ ہے بعض دفعہ دیوانہ پن بھی ہو جاتا ہے۔ جس کو رجعت کہتے ہیں۔ پھر اس کو صاحب کمال اور ولی اللہ ہی درست کر سکتا ہے۔ یا خود ذات باری تعالےٰ تاہم اگر کوئی شخص رجعت میں مبتلا ہو جائے تو لازم ہے کہ روزانہ ایک ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس پر دم کرے۔ اور درود شریف کا دم کیا ہوا پانی پلاؤ۔ اور سورہ فاتحہ اور آیتہ الکرسی کسی پاک برتن میں لکھ کر دھو کر پلاؤ۔ انشاء اللہ رجعت واپس ہو جائے گی۔ اور عامل بچ جائیگا۔ مگر جب تک عامل کی رجعت واپس نہ ہو۔ اس عمل کو بدستور جاری رکھنا چاہیئے۔ بلا ناغہ درود شریف کا دم کیا ہوا پانی اور آیتہ الکرسی اور الحمد کا پانی پلاؤ اور دم کرتے رہو۔

۱۔ دعوت بسم اللہ شریف:۔ عروج ماہ میں عمل کی جگہ منتخب کرکے بعد نماز عشاء غسل کرکے بیٹھو ترک حیوانات جلالی اور جمالی لازم سمجھو۔ اور ارد گرد حصار ضرور کھینچ لو۔ لباس احرامی پہنو۔ اور جب تک دعوت ختم نہ ہو۔ وہی لباس بوقت عمل پہن لیا کرو۔ وقت اور جگہ کی پابندی اور روزانہ حصار کر ضروری سمجھو۔ اور حصار کے اندر دلیر ہو کر بیٹھو۔ اور دن تک دس ہزار بار روزانہ بسم شریف کی تلاوت کرو۔ گیارہویں دن سے لیکر تیسویں دن تک روزانہ ہزار بار پڑھو۔ آخری دس دن میں روزانہ پانچ سو بار پڑھیں۔ چالیسویں دن سوا لاکھ کی تعداد

پوری ہو جائیگی۔ زکوٰۃ ختم ہوئی۔ اور دوران عمل میں اگر کوئی خوفناک چیز دکھائی دے تو ہرگز نہ ڈرو۔ اکتالیسویں دن حسب توفیق نیاز تقسیم کرو۔ اب تم عامل ہو روزانہ کسی وقت سو مرتبہ پڑھ لیا کرو۔ اول و آخر چند مرتبہ درود شریف پڑھ لینا چاہیئے۔ بعد ازاں جس مطلب کے لئے جس طرح چاہو کام لے سکتے ہو۔ فوراً موکلات کام کریں۔ موکل چالیسویں دن سے پہلے حاضر ہونگے۔ مگر کلام نہ کریں۔ البتہ چالیسویں دن ان کے سوال کا جواب دے سکتا ہے مگر کسی دنیاوی غرض کے لئے زکوٰۃ نہ دے۔ چالیس دنوں کے اندر دوران عمل میں موکلات کے سلام کا جواب دل ہی دل میں دیا کریں۔ کلام نہ کریں۔

۲۔ دعوت سورہ فاتحہ:۔ ترک حیوانات جلالی و جمالی اور علاوہ ازیں روزہ اختیار کریں۔ عروج ماہ میں مقررہ وقت پر مقررہ لباس میں خلوت میں بیٹھکر اول حصار کھینچے۔ بعد ازاں عمل شروع کرے۔ چالیس دن میں سوا لاکھ کی تعداد پوری کرے۔ اثنائے عمل میں عجائبات سے نہ ڈرے اور نہ موکلات سے کلام کرے۔ صرف سلام کا جواب دل ہی میں دے۔ چالیسویں دن اس سے کلام کرے۔ وہ مطیع ہونے کا اقرار کرے گا۔ کسی دنیاوی غرض سے چلہ یعنی زکوٰۃ دے۔ زکوٰۃ کے بعد موکلات سے حسب مرضی کام لے۔ روزانہ ستر بار کسی وقت پڑھ لیا کرو۔ ضرورت کے وقت اول و آخر چند بار درود شریف پڑھ کر خلوت میں ایک ہزار بار پڑھے۔ موکل حاضر ہونگے۔ جو حاجت ہو ان سے کہہ دے۔ فوراً پوری ہوگی۔

۳۔ آیۃ الکرسی:۔ بطریق مذکور جگہ، وقت لباس اور تعداد مقرر کرکے حصار کھینچ کر اول و آخر درود شریف پڑھ کر گیارہ یا اکیس یا چالیس دن میں سوا لاکھ کی تعداد پوری کرے۔ بعد ازاں حسب توفیق نیاز دے موکلات حاضر ہوں گے۔ ان سے حسب مرضی کام لے سکتا ہے۔ زکوٰۃ کے بعد روزانہ پانچ سو مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھ لیا کرے عمل قابو میں

رہے گا۔ بوقت ضرورت ایکہزار ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر موکل کو طلب کرے۔ اور ضرورت کہہ دے۔ فوراً پوری ہوگی۔ دوران عمل میں ترک حیوانات جلالی وجمالی ضروری ہے۔

۴۔ آیتہ کریمہ:- شرائط مقررہ جگہ، وقت، کمال طہارت اور خلوص نیت پاک صاف لباس اور حصار کیا تھا ترک حیوانات جلالی اور جمالی کرکے عروج ماہ میں پنجشنبہ سے روزہ رکھ کر شروع کرے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اندھیرے میں بیٹھ کر تین ہزار دو سو مرتبہ روزانہ پڑھے۔ چونکہ یہ عمل نہایت گرم ہے۔ اس لئے لازم ہے کہ پانی کا ایک پیالہ پاس رکھ لیں۔ اور ہر سو بار پڑھ چکنے کے بعد ہاتھ میں پانی میں تر کرکے منہ پر پھیرے اور ایک دفعہ درود شریف پڑھے۔ اس اثنائے عمل میں جو کی روٹی کے علاوہ اور جو کچھ کھائے۔ اور نہ ہی عمل میں اشکال مختلفہ اور ہیبتناک نظر آنے سے ڈرے۔ دل کو مضبوط رکھے۔ موکلات اگر آئیں تو ان سے کلام نہ کرے۔ البتہ چالیسویں دن بعد اختتام عمل اجازت ہے۔ موکلات مطیع ہوں گے۔ ضرورت کے وقت صرف ایک سو ایک مرتبہ اول و آخر چند مرتبہ درود شریف پڑھ کر موکل کو طلب کرو۔ اور اپنا کام پورا کرو۔ بعد ختم عمل نیاز دو۔ کسی ناجائز کام کے لئے موکل کو تکلیف نہ دو۔ ورنہ اثر برا ہوگا۔ آیت کریمہ کو اس طرح پڑھو۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ط بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ۔ دعوت کے بعد سو مرتبہ روزانہ پڑھو۔

۵۔ سورۃ مزمل:- شرائط مقررہ کے بعد بالخصوص جو ایک جلالی چلے کے لئے لازمی ہے ایسے مہینے کی پہلی تاریخ کو شروع کریں۔ جس کی پہلی تاریخ اتوار کو آئے۔ بعد نماز عشاء غسل کرکے چلے کی جگہ حصار کھینچکر بیٹھ جائے۔ اور کھانے پینے کی یا نقدی وغیرہ کی کوئی چیز کسی قدر اپنے پاس رکھ لے۔ پہلے دن سورۃ

دس بار پڑھے - دوسرے دن گیارہ تیسرے دن بارہ چوتھے دن تیرہ غرض روز
ایک دفعہ بڑھاتا جائے - حتیٰ کہ دسویں دن بیس مرتبہ پڑھے - گیارہویں
پھر ایک ایک مرتبہ کم کرتا جائے - یہاں تک کہ بیسویں دن دس بار پڑھے
ایک چلہ ختم ہوا کچھ ہی دن کا وقفہ دے کر یا اس سے اگلے دن دوسرا چلہ
شروع کرے - اور پہلے دن اکیس بار اور دوسرے دن بائیس بار تیسرے
روز تیئیس بار علیٰ ہذا القیاس ایک ایک بار زیادہ کرتا جائے - اور دس دن کے بعد
پھر ایک ایک کم کرنا چاہیئے - حتیٰ کہ بیسویں دن اکیس بار پڑھے - اور اکیسویں
اور بائیسویں دن اکیس اکیس بار پڑھے - دو چلے ہو گئے - اب پھر کچھ دن کا وقفہ
دیکر یا اس سے اگلے دن تیسرا چلہ شروع کریں - پہلے دن اکتالیس بار
علیٰ ہذا القیاس ایک ایک بار روز بڑھائیں - یہاں تک کہ دسویں دن اکیاون
بار اور پھر حسب دستور ایک ایک بار کم کرتا جائے - یعنے بیسویں دن اکتالیس
اکتالیس بار - پس چلہ ختم ہوا - اب روزانہ ایک بار پڑھ لیا کرے اور بوقت
ضرورت گیارہ مرتبہ اول اور آخر چند مرتبہ خلوت میں درود شریف پڑھ کر
پڑھے - فوراً موکل حاضر ہوگا - جو کام چاہو - اس سے لو -

اس عمل یہ احتیاط خاص طور پر مد نظر رکھنا چاہیئے - کہ دوران عمل میں صرف
جو کی روٹی پر قناعت کرے - دل کو خاص طور پر دلیر رکھے - مختلف اشکال سے
بالکل نہ ڈرے - اور نہ کسی سے کلام کرے - دوران عمل میں اگر کوئی شخص
حصار کے اندر یا حصار کے باہر عامل کو کچھ دے تو ہرگز نہ لے - خواہ عامل
کی بیوی یا بیٹا یا ماں یا باپ یا دوست ہی کیوں نہ ہوں - کیونکہ موکل
عامل کے عزیزوں کی شکل میں ہر وقت اس کو کچھ نہ کچھ دینے کی کوشش
کرے گا - مگر عامل کو ان چھیاسٹھ دنوں میں کسی سے کوئی چیز خواہ وہ کیسی
ہی قیمتی یا حقیر کیوں نہ ہو - ہرگز ہرگز نہ لینی چاہیئے - ممکن ہے موکل
ہی اس صورت میں دے رہا ہو - دوسرے سخت پابندی اس امر کی

کرنی چاہیئے۔ کہ دوران عمل اگر کوئی اس سے کچھ مانگے تو فوراً دیدے کیونکہ بعض
اوقات موکل ہی مانگنے آیا کرتا ہے۔ تیسری پابندی اس عمل میں بالخصوص یہ رکھنی
پڑیگی۔ کہ دوران عمل میں حصار کے اندر اگر کوئی اس سے کوئی چیز مانگے تو فوراً بدستور
پڑھتا ہوا دیدے۔ یا اگر وہ منہ کھولے تو منہ میں ڈالدے اور منہ میں ڈالتے وقت
نہ تو اپنی جگہ سے ہلے اور نہ ہی پڑھنا چھوڑے اور نہ ہی کسی سے کوئی کلام کرے
خواہ کیسی ہی مجبوری کیوں نہ ہو۔ اور نہ ہی ڈرنا چاہیئے۔ ورنہ نقصان ہوگا۔
آخری شرط یہ ہے کہ کوئی نماز قضا نہ ہونی چاہیئے۔ وقت پر سب کی سب
نمازیں ادا ہوں۔

۶۔ اللہ الصمد: بعض بزرگوں کا خیال ہے کہ اللہ الصمد اسکی زکوٰۃ ادا کرنیکا طریقہ پہلے کسی جگہ اس کتاب میں دیا جا چکا ہے۔ سوا چھ لاکھ بار اسکی
زکوٰۃ ہے۔ پابندی و شرائط مذکور بالا ہیں۔

نوٹ: ہم نے اس کتاب میں صرف وہی اعمال دیئے ہیں جن میں کسی رجعت یا
مصیبت کا اندیشہ نہیں روزانہ ہی کسی اجازت کی ضرورت ہے اور عامل اپنے
قوت بازو سے انکو قابو میں لا سکتا ہے۔ اور دنیا و دین میں فائدہ اٹھا سکتا
ہے۔ اگر عامل ان اعمال میں کسی بزرگ صاحب بصیرت کی مدد حاصل کرے گا
تو فوراً علیٰ نور کا مستوجب ہوگا۔ اور مزید فائدہ اٹھائیگا۔ کیونکہ خطرہ تو کسی قسم
کا ہے نہیں۔ بزرگ کی توجہ سونے پر سہاگہ کا کام دیگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔
وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فتیلہ برائے دفع جن: اگر کسی شخص کا جن پر دخل ہو تو اس فتیلہ کو کاغذ پر لکھکر اس کے ناک میں دھواں دیں۔ انشاء اللہ جن کا دخل
دور ہو جائیگا فتیلہ یہ ہے۔ ۵ ۹۰۶۶۸۶۵ یے

ع ۷۸۲ ۲۳۴ ام ج دو د

برائے دفع جن: دریا یا نہر سے پانی لیکر اس پر یہ پڑھیں عُلَیقَا مُلَیقَا نُت تَعلَمُ مَا فِی قُلُوبِہِم مُلَیقَا طُلَیقَا ہ یا اس عبارت کو کاغذ پر لکھکر سرسوں کا تیل چراغ میں ڈالکر اس کاغذ کی بتی بنا کر جلائیں۔ جیسے ہی بتی جلنے لگی جن فوراً بھاگ جائیگا۔

دیگر فتیلہ جن:۔ فتیلہ جن کا نقش درج ذیل ہے۔ جن و پری و دیو کے آسیب کے لئے اس قدر زود اثر ہے کہ جہاں یہ فتیلہ دکھایا گیا۔ جن وغیرہ مریض کو چھوڑ کر مریض کو بھاگ گیا۔

ترکیب یہ ہے کہ ایک سفید کاغذ لیکر مریض کے تمام جسم پر ملیں کہ جسم کا کوئی حصہ باقی نہ رہے اور پھر اس کاغذ پر لکھکر یہ بتی وغیرہ بنالیں اور سرسوں کا تیل چراغ میں ڈال کر اس بتی کو جلائیں۔ فتیلہ یہ ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

اور مریض کو کہہ دیں کہ وہ بتی کو دیکھے انشاء اللہ چند منٹ کے بعد جن یا سایہ جو کچھ ہوگا۔ نکل جائیگا۔

فرعون علیہ اللعنت۔ نمرود علیہ اللعنت۔ شداد علیہ اللعنت قارون علیہ اللعنت ابلیس علیہ اللعنت۔ ابوجہل علیہ اللعنت آنچہ در وجود فلاں ابن فلاں داخل شدہ است در رنجش مے رسانند در یں فتیلہ حاضر شود۔

کثرت احتلام: جس شخص کو خواب میں شیطان تنگ کرے وہ سوتے وقت سورۃ والسماء والطارق کو پڑھ کر سویا کرے۔ انشاء اللہ کبھی احتلام نہ ہوگا۔

برائے زیادتی مکھن:۔ اگر کسی کی گائے بھینس یا بکری کے دودھ سے مکھن کم نکلتا ہو تو یہ تعویذ لکھ کر اس برتن کے گلے پر باندھ دے جس میں کہ دودھ ڈالکر مکھن نکالا جاتا ہے۔ انشاء اللہ بے اندازہ مکھن

نکلے گا۔ تعویذ یہ ہے:۔

یا میکائیل	۶	۱	۸	یا جبرائیل
	۷	۵	۳	
یا عزرائیل	۲	۹	۴	یا اسرافیل

حضرت غوث الاعظم جیلانی وگیلانی محبوب حقانی روغن ایں خانہ افزوں گردانی

برائے زیادتی دودھ:۔ اگر کسی کی گائے یا بھینس یا بکری دودھ دیتے وقت خراب کرے یا دودھ کم دے تو اس آیت کو کسی ایسی چیز پر جو وہ کھائے دم کرکے اسے کھلائے۔ انشاء اللہ تعالےٰ دودھ نہایت آرام سے دے گی۔ آیت کریم یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَہَ عَلَیْنَا وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰہُ لَمُھْتَدُوْنَ ولبقرءا وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

برائے پیٹ درد مویشی:۔ اگر کسی پالتو جانور کے پیٹ میں درد ہو تو سورۃ تَبَّتْ یَدَاۤ سات بار پانی پر دم کرکے پلاوے۔ انشاء اللہ آرام آجائے گا۔

برائے دوکانداری:۔ اگر کسی کی دوکان پر گاہک کم آئیں تو اس تعویذ کو لکھ کر اور روئی میں لپیٹ کر بتی بنائیں۔ اور چراغ میں تلوں کا تیل ڈال کر روزانہ جلائے انشاء اللہ گاہک اس قدر آئیں گے کہ فرصت نہ ہوگی۔

نقش یہ ہے۔۔۔

۷۸۶

۸۰۲۳	۸۰۲۷	۸۰۳۰	۸۰۱۶
۸۰۲۹	۸۰۱۷	۸۰۳۳	۸۰۳۸
۸۰۱۸	۸۰۳۲	۸۰۲۵	۸۰۲۱
۸۰۳۶	۸۰۲۰	۸۰۱۹	۸۰۳۱

دیوار نہ گرے

اگر کسی کے مکان کی دیوار گرنے والی ہو تو یہ دیوار پر لکھ کر

دے۔ انشاء اللہ دیوار نہ گرے گی۔

الٰہی بحروف معروف کرخی بما ند سالہا دیوار باقی

ختم رسولی: یعنے ختم حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جو قضائی حاجات اور حل مشکل کے حل کے لئے بے نظیر ہے اس ختم کے ہمیشہ پڑھنے سے تمام دینی و دنیوی مشکلات حل ہو جائیں گی۔ طریقہ یہ ہے۔

کہ چند آدمی جو کہ باوضو اور پاکیزہ لباس اور خوشبو لگائے ہوئے ہوں۔ ایک مجلس منعقد کریں۔ اور اس طرح پڑھیں۔ بسم اللہ شریف ۱۰۰ بار درود شریف ۱۰۰ بار سورہ فاتحہ سنو بار۔ کلمہ طیبہ سنو بار کلمہ شہادت سنو بار آمنت باللہ سنو بار۔ استغفار سنو بار۔ آیتہ الکرسی سنو بار آلٓمّٓ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ سنو بار یُسَبِّحُ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ سنو بار۔ سنو بار سورۂ اخلاص۔ سنو بار کلمہ تمجید سنو بار اَللّٰہُ عَلِیْمٌ سنو بار یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ سنو بار یہ پڑھ کر سجدہ نہایت عاجزی سے بدرگاہ رب العالمین میں دعا مانگے۔ انشاء اللہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طفیل تمام حاجتیں پوری ہو جائیں گی۔

صلوٰۃ الحاجات:- حضرت شاہ ولی اللہ صاحب فرماتے ہیں کہ جس کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو یا کوئی مشکل پیش آئے تو اسے چار رکعت نماز بہ نیت قضائے حاجات اس طرح ادا کرے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ اور لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط سنو بار اور دوسری رکعت میں رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ہ سنو بار اور تیسری میں وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ سنو بار اور چوتھی میں حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ط سنو بار پڑھے اور بعد سلام کے رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سنو بار پڑھ کر کہ حق تعالےٰ سے اپنی حاجت نہایت عاجزی سے طلب کرے۔

صلوٰۃ القلب: جب کسی کا دل سیاہ ہو چکا ہو اور وہ نیکی کی طرف رغبت نہ کرتا ہو تو اسے چاہیے کہ دو رکعت نماز بہ نیت صلوٰۃ القلب ادا کرے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ایک ایک بار پڑھے لیکن نیت سے آخر تک دل ہی دل میں پڑھے۔ زبان سے حرف نہ نکالیں۔ بعد سلام کے بخلوص دل ستر بار استغفار پڑھے اور اپنے مرشد کا تصور کرے۔

نجات آخرت: بسم اللہ شریف کے انیس حروف ہیں یہی تعداد دوزخ کے ملائکہ موکلین کی ہے۔ بزرگان دین نے لکھا ہے کہ جو شخص اس کا ورد رکھے دوزخ کا اندیشہ نہ ہوگا۔

حصول مطالب: اگر بسم اللہ شریف کو اس کے حروف کے اعداد بحساب ابجد کے مطابق یعنے سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر چھ رکعت دو دو رکعت کے بعد سلام پھیر کر پڑھیں اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد اَلَمْ نَشْرَحْ پندرہ مرتبہ پڑھیں پھر دعا مانگیں۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِفَضْلِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَسْئَلُكَ بِعَظَمَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَاَسْئَلُكَ بِجَلَاءِ وَسَنَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَاَسْئَلُكَ بِهَيْبَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَبِحُرْمَةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَبِجَبَرُوْتِ وَمَلَكُوْتِ وَكِبْرِيَاءِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَبِعِزَّةِ وَقُوَّةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اِرْفَعْ قَدْرِیْ وَيَسِّرْ اَمْرِیْ وَاجْبُرْ كَسْرِیْ وَغْنِ فَقْرِیْ وَاَطِلْ عُمْرِیْ بِفَضْلِكَ وَكَرَامِكَ وَاحْسَانِكَ يَا مَنْ هُوَ كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ الٓمٓ الٓمٓرٰ اِسْمُ اللّٰهِ الْاَعْظَمِ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ الْعَظِيْمُ الْاَكْرَامُ وَاَسْئَلُكَ بِجَلَالِ الْهَيْبَةِ وَبِعِزَّةِ وَاَسْئَلُكَ بِكِبْرِيَاءِ الْعَظَمَةِ وَبِجَبَرُوْتِ الْقُدْرَةِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ مِنَ الَّذِيْنَ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ وَاَسْئَلُكَ بِدَوَامِ الْبَقَاءِ وَالضِّيَاءِ وَالنُّوْرِ اَنْ تُدْخِلَنِیْ بِرَحْمَتِكَ

فی جنّاتِ النّعیمِ یاربّ العالمین وصلّی اللّٰہ علیٰ سیّدنا محمّدٍ و علیٰ آلہٖ و اصحابہٖ وسلّم - تو ہر مراد و مقصد پورا ہو سکتا ہے۔

دفع بلیات :- جو شخص سوتے وقت اکیس مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ لیں اللہ تعالےٰ اس کو رات بھر شیطان کے شر سے محفوظ اس کے مال کو چوروں سے مامون رکھے گا۔ اور اس کو مرگ مفاجات اور ہر بلا سے بچائے گا۔

تذلیل ظالم :- کسی ظالم یا ستمگر کے سامنے پچاس مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھی جائے تو اللہ تعالےٰ اس کو ذلیل کر دیتا ہے۔

ہر قسم کا درد :- اگر جسم کے کسی مقام پر ریحی عصبی یا التہابی درد کسی قسم کا ہو ایک سو مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کرو اور اسی طرح دن تک دم کرتے رہو اللہ تعالےٰ کے فضل سے شفا ہو جائے گی۔

حُب :- جو شخص پانی کے پیالے پر سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کرے اور یہ پیالہ کسی کو پلا دے تو اس سے محبت و الفت کرنے لگے گا۔

حصول مرادات :- جو شخص سات روز تک روزانہ سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ شریف کا ورد جس نیّت سے کرے گا خواہ کسی نفع حاصل کرنے کی نیت سے ہو یا کسی شر کا دفع کرنا مقصود ہو یا دوکان یا تجارت کا چلانا مطلوب ہو۔ اللہ تعالیٰ اس کی مراد بر لائے گا۔

تیزیٔ ذہن کیلئے :- قدح آب پر سات سو چھیاسی مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر دم کیا جائے اور اس پانی میں سے قدرے کسی کند ذہن کو طلوع آفتاب کے وقت پلا دیا جائے تو سات روز تک ایسا کرنے سے وہ ذہین ہوشیار اور قوی الحفظ ہو جائے گا۔

تسخیر خلق :- یہ بسم اللہ شریف کا عجیب عمل ہے صاحب عمل کہتے ہیں کہ قسم ہے اس ذات واحد کی جس کا کوئی شریک نہیں۔ کہ جو شخص اس

کو کرے گا۔ وہ لوگوں کی نظروں میں ماہ چہارہ کی طرح مقبول و محبوب ہو جائے گا۔
ہر شخص اسکی عزت کرے گا۔ اس کا وقار مانے گا۔ اس کی ہر بات کے آگے
سر تسلیم خم کرے گا۔ حکام اس کا ادب کرینگے عوام اسکو سر آنکھوں پر بٹھائیں گے وہ عمل
یہ ہے۔ کہ جمعرات کے روز روزہ رکھیں اور بعد غروب آفتاب سونگی یا چھوہارے
سے افطار کریں۔ مغرب کی نماز کے بعد ایک سو اکیس ۱۲۱ مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھے
پھر نماز عشاء ادا کر کے حسب معمول خوابگاہ میں لیٹ جائے اور بلا لحاظ تعداد بسم اللہ
پڑھتا جائے۔ حتیٰ کہ نیند آجائے جب جمعہ کی صبح کو جاگے تو نماز فجر پڑھ کر ایک سو
اکیس مرتبہ بسم اللہ شریف کا ورد کرے اس کو حروف مقطعات کی صورت میں ایک
کاغذ پر لکھیں یعنی:- ب س م ل ہ ل ر ح م ن ل ر ح ی م اور اس کاغذ کو اپنے
پاس رکھکر جس کام کو جس مقصد کے لئے جس دعا کے لئے جانا چاہیں جائیں
خود و فلاح اور فتح و نصرت استقبال کرے گی۔

سرسبزی زراعت:- ایک کاغذ پر بسم اللہ شریف ایک سو ایک مرتبہ لکھ کر وہ کاغذ
لکھکر وہ کسی کھیتی میں دفن کیا جائے تو فصل خوب ہری بھری
ہوگی۔ پیداوار کافی ہوگی اور تمام ارضی و سماوی امراض سے محفوظ رہے گی۔

سلامتی اولاد:- جس عورت کے بچے مر جاتے ہوں اس کو ایک کاغذ پر بسم اللہ
شریف اکسٹھ مرتبہ لکھکر دی جائے کہ وہ اپنے پاس بطور
تعویذ رکھے۔ انشاء اللہ اس کی اولاد ہر آفت سے محفوظ اور زندہ سلامت رہیگی۔

صید ماہی:- لکھا ہے کہ اگر ایک شیشے کی تختی پر بسم اللہ شریف لکھکر اُسے ماہی
گیر کے جال میں رکھ دیا جائے تو مچھلیاں بکثرت آئیں۔

شرکت جنگ و جدال:- اگر ایک کاغذ پر ایک سو نوے مرتبہ حرف الرّحیم
لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو خواہ گھمسان کی لڑائی میں
جانا پڑے دشمن کے اسلحہ کا کچھ اثر نہ ہوگا۔

علاج سر درد:- اگر بسم اللہ شریف ایک کاغذ پر لکھکر اکیس ۲۱ مرتبہ سر درد کے مریض

کے سر سے باندھ دیں تو انشاء اللہ شفا پائے۔

درد چشم وغیرہ کیلئے: فجر کی سنت اور فرض نماز کے درمیان اکتالیس بار سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ فی الفور صحت ہوگی۔ دوسرے ہر قسم کے دردوں کے لئے بھی یہ عمل شافی ہے۔

سلامتی مسافر: جو شخص سفر جا رہا ہو اس کے لئے اگر آغاز سفر میں اکتالیس بار سورہ فاتحہ پڑھ کر دعا کی جائے تو بحکم تعالےٰ سفر میں ہر قسم کی آفت سے مامون رہے۔

حل مشکلات: ہر صبح کو اکتالیس بار سورہ فاتحہ پڑھتے رہیں اللہ تعالےٰ کے فضل سے بلا تعب ومشقت اس کی مشکلات رفع اور دروازہ رزق کشادہ ہو جائیگا۔


دفع عطش: اگر سفر میں یا قلت آب میں یا کسی مرض میں پیاس کا اندیشہ ہو۔ تو صبح کے وقت فاتحہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کریں۔ اور منہ اور پیٹ پر پھیر لیں۔ باذنہ تعالیٰ اس روز پیاس نہ لگے گی۔

زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم: جو شخص جمعرات کو ہزار مرتبہ سورۃ کوثر شریف پڑھ کر درود شریف پڑھ کر سو جائے اللہ تعالےٰ اس کو جمال پاک رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرف ہوگا۔

بیدار ہونیکی دعا: جو شخص بوقت خواب یہ آیت اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا آخر سورہ کہف اور قولہ تعالےٰ۔ قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ پوری آیت پڑھ کر اللہ سے دعا کرے کہ میں فلاں وقت فلاں میں بیدار ہو جاؤں۔ تو اسی وقت جاگ اٹھے گا۔ بہت مجرب ہے اور آزمودہ ہے۔

طلسم بخار: ذیل کا طلسم بخار کے لئے مجرب ونافع ہے۔ اس کو لکھ کر مریض کے سرہانے کے نیچے رکھ دیا جائے انشاء اللہ تعالےٰ

جلدی صحت ہو جائے گی طلسم یہ ہے ....



برائے استرخائے اطفال: جو بچہ ٹانگوں کی کمزوری اور اعصابی نقص سے کھڑا نہ ہو سکے نہ چل سکے اس کے لئے یہ "اسم متین" کا نقش مفید ہے

ہرن کی جھلی پر لکھا جائے اور اس کو عود کی دھونی دی جائے۔ پھر بچے کے گلے میں پہنایا جائے۔ تو بفضل تعالیٰ بچہ چلنے پھرنے لگے گا۔

نقش یہ ہے ......

۷۸۶

ن	ی	ت	م
۵۰	۱۰	۴۰۰	۴۰
۴۰	۵۰	۱۰	۴۰۰
۴۰۰	۴۰	۵۰	۱۰
۱۰	۴۰۰	۴۰	۵۰

پاؤں کا سُن ہو جانا: ابن انس رضؓ سے مروی ہے۔ کہ جب کسی کا پاؤں سن ہو جائے تو اس شخص کو یاد کرے۔ جو اس کو تمام لوگوں میں سے محبوب اور پیارا ہے۔

دیگر برائے جنون دیوانگی: آنحضرت صلعم نے ایک دیوانہ اعرابی کو اپنے سامنے بٹھا کر یہ آیات پڑھیں وَاِلٰـهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ تا يَعْقِلُوْنَ ۝ آل عمران ۱۵ پھر آیۃ الکرسی اور لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ تا آخر بقرہ وَشَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ تک آخر آیات اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الآیۃ تا الْمُحْسِنِيْنَ (آل عمران ۱۸) ایک سورہ اعراف

یٰس ہے ۔فَتَعَالَ اللّٰہُ تا آخر مومنین پھر آیات اول صافات کی تا لازب اور تین آیات آخر سورہ حشر کی اور اِنَّہٗ تَعٰلٰے جَدُّ ربنا الایۃ سورہ جن سے اور قل ھُوَ اللّٰہُ اَحَد اور معوذتین کہتے ہیں ۔ کہ وہ شخص بالکل جنون وغیرہ سے تندرست ہو گیا ہے۔

برائے چیچک! یہ نقش لکھکر مریض جلدی کے گلے میں معلق کیلئے ہے انشاءاللہ صحتیاب ہوگا و اس کے عوارض موذیہ سے محفوظ رہیگا۔

١٠	١٤	١	٨
٥	٣	١٥	١٠
١٦	٩	٦	٢
٣	٧	١١	١٣

نقش یہ ہے . . . . . .

برائے تسہیل ولادت:- ان کلمات کو ایک کاغذ پر لکھکر عورت کے گلے میں باندھ دیا جاوے انشاءاللہ تعالیٰ کوئی تکلیف نہ ہوگی۔

د	ط	ب
ج	لا	ش
ج	و	د

وہ کلمات یہ ہیں . . . . . .

برائے زیارت رسول صلعم: جو شخص سورہ کوثر کو جمعہ کی رات میں ہزار بار پڑھ کر حضرت پر درود بھیجے گا وہ حضرت صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کو خواب میں دیکھے گا۔

ایضاً:- جو کوئی سورہ قریش کو ہزار بار پڑھ کر باوضو سوئے گا۔ وہ حضرت صلعم کو خواب میں دیکھے گا۔ اور اس کا ہر مقصود حل ہوگا۔

برائے دفع خواب پریشان: سوتے وقت یہ کلام پڑھ لینا چاہیئے۔ نُؤْمِنُ بِاللّٰہِ اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط۔ انشاءاللہ کوئی خواب پریشان کن نہ آئے گا۔

دعا بوقت مصیبت: حضرت ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم

مصائب کے وقت یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْکَرِیْمِ ط اسی دعا کی تاثیر تھی۔ کہ جب ابراہیم علیہ السلام آگ میں ڈالے گئے تو آپ نے اسے ورد کرنا شروع کیا تھا۔ جس کی وجہ سے آپ شر نار سے محفوظ رہے۔

دعا بوقت نزول آفات: حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ جبرائیل نے انسانی صورت میں آ کر مجھے یہ دعا پڑھائی۔ جس سے ہر قسم کی مصیبت و بلایئں دور ہو جاتی ہیں۔ تَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّہٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْہُ تَکْبِیْرًا ط۔

(آخری نبی اسرائیل)

بوقت نزول مصائب: ابن مسعودؓ سے روایت ہے۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو جب کوئی رنج والم پیش آتا تو یہ دعا کیا کرتے تھے۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ ۔

حضرت کرم اللہ وجہٗ فرماتے فرماتے ہیں۔ کہ جنگ بدر میں میں نے آنحضرت کو بار بار یہی دعا۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ۔ بحالت سجدہ پڑھتے دیکھا۔ یہاں تک کہ جنگ بدر میں مسلمانوں کو فتح ہوئی اور کافروں کو شکست ملی۔

دیگر: سعد ابن ابی وقاصؓ سے مروی ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ حضرت یونس علیہ السلام کو جب مچھلی نے زندہ نگل لیا تھا۔ تو آپ اس کے پیٹ میں یہ دعا پڑھا کرتے تھے جس سے آپکو نجات حاصل ہوئی۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط

سفر میں تھکان نہ ہو: اگر پیادہ پا سفر کرنے کا اتفاق ہو۔ اور تھک جانے کا اندیشہ ہو۔ تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں باندھ لے۔ تو انشاء اللہ تھکان سے امن میں رہیگا۔

نقش یہ ہے ۔۔۔۔

۷۸۶

۱۴	۱۱	۸	۱
۷	۲	۱۳	۱۲
۶	۱۶	۳	۹
۴	ح	۱	۱۵

۷۸۶

دیگر برائے محبت:۔ بسم اللہ شریف کو سات سو چھیاسی پڑھ کر قدح آب پر دم کرے اور محبوب کو پلا دے اسے محبت شدید پیدا ہو جائیگی ۔

برائے تسخیر:۔ جو کوئی اس آیت کو ایک ہزار مرتبہ روغن چنبیلی پر دم کرکے اپنے سر میں لگائے اور بدن و منہ پر مل کر جس کے سامنے جائے ۔ تابعدار ہو جائے ۔

آیت یہ ہے :۔ وَاللّٰہُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوْنَ ط

یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ

برائے حصول محبت:۔ لِحُبِّ (نام محبوب مع ولدیت) عَلٰی حُبِّ (نام محب مع ولدیت) اس عمل کو معشوق کا تصور کرکے گیارہ سو دفعہ پڑھیں ۔ انشاء اللہ معشوق تابعدار ہو جائے گا ۔

برائے صلح بین الزوجین:۔ اگر میاں بیوی میں اَن بن ہو گئی ہو اور کوئی صورت صلح و صفائی کی نہ آئے تو ان میں جو فریق مائل بہ صلح ہو اس کو یہ تعویذ لکھ کر دیا جائے ۔ کہ اپنے پاس رکھے وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَیْنِھِمَا فَابْعَثُوْا حَکَمًا مِّنْ اَھْلِہٖ وَحَکَمًا مِّنْ اَھْلِھَا اِنْ یُّرِیْدَآ اِصْلَاحًا یُّوَفِّقِ اللّٰہُ بَیْنَھُمَا الصُّلْحُ اُعْمَالُکُمْ وَاِنِ امْرَاَۃٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِھَا نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَیْھِمَآ اَنْ یُّصْلِحَا بَیْنَھُمَا صُلْحًا وَالصُّلْحُ خَیْرٌ عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْھُمْ مَّوَدَّۃً ط

برائے زوال محبت:۔ جو شخص کسی ایسے انسان کی محبت میں مبتلا ہو جائے جس کی ملاقات شرعاً ناجائز ہو ۔ مگر وہ غلبہ عشق سے اپنے مائل بہ

عشق ہونے سے ڈرتا ہو۔ اس کو چاہیئے کہ صبح سویرے اللہ تعالیٰ کے وہ نام جن میں یائے تحتانیہ آتی ہو۔ مثلاً حلیمؔ۔ قدیرؔ۔ علیمؔ۔ علیؔ، عظیمؔ، کریمؔ۔ رقیبؔ، عزیزؔ وغیرہ کو پاک صاف برتن پر لکھ کر نہار منہ پی لیا کرے سات روز پیتا رہے۔ انشاءاللہ جوش الفت سرد پڑ جائے گا۔

غضب حاکم کیلئے:- غضب حاکم کو ٹھنڈا کرنے کیلئے اس کی پیشی میں جاتے وقت۔ پڑھیں۔ وَلَمَّا سَکَتَ عَنْ مُّوْسَے الْغَضَبُ وَمَا یُرْهِبُوْنَ (الاعراف ۱۵۴) اُطْفَاءُتْ غَضَبَ (یہاں سلطان کا نام لیں) بِلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہَ وَسُتَجُبَتْ مَوَدَّتُہٗ بِاسَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الرَّسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ط

کوئی جانور گزند نہ پہنچائے:- اگر کسی خطرناک جانور سے پالا پڑنے کا خوف ہو تو گھر سے نکلتے وقت خاتمۃ الکتاب آیۃ الکرسی سورہ قدر سورہ قریش۔ سورہ فلق۔ سورہ والناس پڑھنی شروع کر دے۔ اور راستہ بھر پڑھتا چلا جائے اور بار بار خدا کو یاد کرے۔ انشاء اللہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ اور فائز المرام ہو کر واپس لوٹے گا۔

دیگر ہتھیار اثر نہ کرے:- سورہ ہود لکھ کر جس کا کوئی حرف مٹا ہوا نہ ہو۔ اپنے پاس رکھنے سے دشمن کا کوئی ہتھیار کارگر نہ ہو گا بلکہ اس پر فتح و ظفر حاصل ہو گی۔ دشمن شکست کھا کر فرور ہو جائیگا۔

دشمن کی تدابیر درہم برہم کرنا:- اگر کسی دشمن کے مقابلے میں اس کے مقابلہ اور مکاریوں کے منصوبے توڑنا اور اس کے مقابلے کی مشکلات سے نجات پانا مقصود ہو تو ایک ہزار ایک سو تریپن مرتبہ یہ آیت پڑھیں لَیْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ کَاشِفَةٌ اور ہر تسبیح کے بعد کہیں۔ اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ ھٰذِہٖ الْاٰیَۃِ الشَّرِیْفَۃِ وَمَا حَوَتْہُ وَمِنْ اَسْرَارِ الْمُنِیْفَۃِ اَنْ تَصْرِفَ عَنِّیْ کَیْدَ (فلاں یہاں دشمن کا نام لے) وَشَرِّہٖ اَللّٰھُمَّ اَرْدُدْ کَیْدَہٗ فِیْ نَحْرِہٖ اَللّٰھُمَّ اشْغَلْہُ عَنِّیْ بِشَاغِلٍ لَا یَسْتَطِیْعُ رَدَّہٗ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ یَا اللّٰہُ پھر سارے وظیفہ کے بعد

آٹھ سو اٹھارہ مرتبہ کہے۔ سَلَامٌ قَوْلًا مِّن رَّبٍّ الرَّحِيْمِ ط

دشمن کی تذلیل شکست اور ہلاکت کیلئے:-

ایام بیض یعنی تیرہویں چودہویں و پندرہویں تاریخ میں آدھی رات
کے وقت اٹھ کر کامل وضو کریں اور دو رکعت نماز پڑھیں جس کی پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے
بعد اَلَمْ تَرَ كَيْفَ چالیس مرتبہ اور دوسری رکعت میں فاتحہ کے بعد قُلْ يٰاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ
چالیس بار پڑھیں سلام کے بعد سجدہ کریں - اور بحالت سجود سو مرتبہ پڑھیں یَا قَادِرُ
یَا مُقْتَدِرُ یَا عَزِیْزُ۔ یَا عَلِیْمُ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ پھر سر اٹھائیں (اور ذیل کا نقش
جو پہلے سے لکھ کر مصلے کے نیچے رکھا ہوا ہو) اور یہ دعا پڑھیں اَللّٰھُمَّ خُذْ لِیْ
حَقِّیْ مِنْ (فلاں یہاں دشمن اور اس کی ماں کا نام لیں - وَجْعَلْهُ عِبْرَةً لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ
یَا شَدِیْدُ یَا شَدِیْدُ یَا شَدِیْدُ اَللّٰھُمَّ اَھْلِکْہُ کَمَا اَھْلَکْتَ قَوْمَ فِرْعَوْنَ
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ نقش مذکورہ بالا یہ ہے۔



قہار	ق	ا	د	ر	م	ق	ت	د	ر	رحیم
احد	ا	د	ر	م	ق	ت	د	ر	د	دیان
دیان	د	ر	م	ق	ت	د	ر	د	ث	تواب
رزاق	ر	م	ق	ت	د	ر	د	ت	ق	قادر
متین	م	ق	ت	د	ر	د	ت	ق	م	متین
قادر	ق	ت	د	ر	د	ت	ق	م	ر	رزاق
تواب	ت	د	ا	د	ت	ق	م	ر	د	دیان
دیان	د	ر	د	ت	ق	م	ر	د	ا	احد
رحیم	ر	د	ت	ق	م	ر	د	ا	ق	قہار



یہ عمل سیف الاولیاء والصالحین کہلاتا ہے - تاکہ ظالم اور ہلاک فاجر کے لئے

سیف مسلول اور تیغ بران ہے۔ عوام الناس کو بتلانے سکھلانے کا نہیں ہے خود بھی اس کا استعمال بموقع اضطرار و محل مناسب کرنا چاہیئے۔

فالنامہ غوث الاعظم رح

۸	۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
۱۶	۱۵	۱۴	۱۳	۱۲	۱۱	۱۰	۹
۲۴	۲۳	۲۲	۲۱	۲۰	۱۹	۱۸	۱۷
۳۲	۳۱	۳۰	۲۹	۲۸	۲۷	۲۶	۲۵
۴۰	۳۹	۳۸	۳۷	۳۶	۳۵	۳۴	۳۳
۴۸	۴۷	۴۶	۴۵	۴۴	۴۳	۴۲	۴۱
۵۶	۵۵	۵۴	۵۳	۵۲	۵۲	۵۰	۴۹
۶۴	۶۳	۶۲	۶۱	۶۰	۵۹	۵۸	۵۷
۷۲	۷۱	۷۰	۶۹	۶۸	۶۷	۶۶	۶۵

ترتیب وار جوابات یہ ہیں

۱ چند روز صبر و استقلال سے گزارا اور خدا پر بھروسہ رکھ اگرچہ ابتداء میں کچھ رکاوٹیں ہیں مگر چند روز کے بعد مقصود حل ہو جائیگا۔

۲ فال نیک ہے دلی مراد حاصل ہو جائے گی۔

۳ ارادہ نیک نہیں۔ اس کے انجام میں ناکامی کا خطرہ ہے۔ اس سے کنارا کشی کرو۔

۴ کام ہو ہی جائے گا۔ استقامت شرط ہے۔

۵ مبارک خیال ہے فضل الٰہی شامل حال ہوگا۔

۶ شروع میں اگرچہ ناامیدی ہوتی ہے مگر انجام اچھا ہے۔

۷ دلی مقاصد حل ہونگے بارگاہ الٰہی میں دعا کیا کرو۔

۸ اللہ تعالیٰ پر توکل کرو۔ ارادہ نیک ہے۔

۹ فکر نہ کرو حسب خواہش کام ہو جائے گا۔

۱۰ تمہارا مقصد حسب مرضی پورا ہوگا۔

۱۱ نیک کام ہے اس میں کامیابی یقینی ہے۔

۱۲ کچھ دن صبر کی ضرورت ہے۔ انجام اس کا تمہارے حق میں بہتر ہوگا۔ فوراً ہونا ناممکن ہے۔

۱۳ تمہارا ارادہ درست نہیں اس سے باز آ جاؤ۔

۱۴ نہایت عمدہ اور مبارک فال ہے۔

۱۵ مخالف پریشان ہونگے اور تم مقصد مند ہونگے۔

۱۶ اگر محنت کروگے تو کامیاب ہو جاؤ گے۔

۱۷ اللہ کریم تمہاری دلی مراد پوری کرے گا۔

۱۸ اس کا انجام ناکامی ہے خیال چھوڑ دو۔

۱۹ یہ کام نہ ہی اچھا ہے اور نہ ہی ہو سکتا ہے۔ صبر کرو اور اللہ سے دعا کرو۔

۲۰ کچھ عرصہ کے لئے یہ کام ملتوی کردو۔ تو اچھا ہے۔

۲۱ نیک فال ہے اور کامیابی یقینی ہے۔

۲۲ رازق مطلق کافی رزق دیگا۔ تمہاری قسمت یاور ہے۔

۲۳ جو طلب کروگے مل جائیگا۔

۲۴ جس سے خواہش کروگے وہ پوری کریگا۔

۲۵ اس کام کا دل میں خیال تک نہ لاؤ۔ بجز شرمساری کے کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ لہٰذا اس خیال کو چھوڑ دو۔

۲۶	کوشش کرو اللہ تعالے کامیاب کرنے والا ہے۔
۲۷	یہ کام نہیں ہوگا محنت ضائع جائے گی۔
۲۸	مقصد نیک ہے اللہ کامیاب کرے گا۔
۲۹	تمہارا مقصد پورا ہوجائیگا چند سے صبر کرو۔
۳۰	فال نیک ہے مگر نیت اچھی نہیں۔
۳۱	دشمن گھات میں ہے تمہارے راستہ میں رکاوٹیں پیدا کرے گا۔
۳۲	ارادہ ترک کرو کامیابی مشکل ہے۔
۳۳	صبر سے کام لو۔ کوشش پوری نہ ہوگی۔
۳۴	توکل خدا پر رکھو اور دل سے دعا کیا کرو۔
۳۵	خیال نیک ہے کامیابی کا یقین ہے۔
۳۶	یہ کام تندرستی اور راستی دونوں سے بعید ہے۔
۳۷	بامراد اور کامران ہوگے۔
۳۸	چند لوگوں کی کوشش سے تمہارا کام بن جائے گا۔
۳۹	اپنے خیال نیک رکھو فال اچھی ہے۔
۴۰	امکان تو نیک ہے انجام کا انتظام کرو اور دعا بھی کیا کرو۔
۴۱	حسب مراد انجام ہوگا غوث پاک کی فاتحہ دیا کرو۔
۴۲	جلد مقصد حاصل ہوگا۔
۴۳	کام ہوجائیگا مگر آئندہ لبواس سے توبہ کرو۔
۴۴	تمہارا کام ہمت کرنا ہے اور کامیاب کرنا خدا کا کام ہے۔
۴۵	ارادہ ترک کرو کام اچھا نہیں۔
۴۶	رسوائی اور شرمندگی کے سوا کچھ نہ ہوگا۔ خیال چھوڑ دو۔
۴۷	اللہ تعالے کا فضل شامل حال ہوگا اور تمنا پوری ہوگی۔
۴۸	کام کرتے جاؤ۔ نتیجہ نیک ہے۔

۴۹	خالی ہاتھ کچھ نہیں ہو سکتا۔ اگر کچھ خرچ کرو تو مقصد حسب منشاء پورا ہو سکتا ہے
۵۰	خدا نے چاہا تو کام تمہاری حسب پسند ہوگا۔
۵۱	فکر نہ کرو فضل خدا تمہارے ساتھ ہی ہے۔
۵۲	کچھ دیر کے بعد سب کچھ درست ہو جائیگا۔
۵۳	یہ کام پورا نہیں ہو سکتا اس سے فائدہ کی توقع رکھنا سراسر خام خیالی اور غلطی ہے۔
۵۴	گھبراؤ مت کام عنقریب پورا ہو جائے گا۔
۵۵	نیک خیال ہے کامیابی ہوگی۔
۵۶	یہ فال اچھی نہیں اس خیال کو ترک کرو۔
۵۷	صبر کرو فی الحال تمہارا مقصد حل نہ ہوگا۔
۵۸	کام جلد ہونے والا ہے زیادہ محنت کی ضرورت نہیں۔
۵۹	کام جلد ہوگا۔ صبر کرو۔
۶۰	کامیابی تمہارے پاؤں چومے گی۔
۶۱	اس خیال کو ترک کرو۔ نقصان اٹھاؤ گے۔
۶۲	عنقریب کام ہو جائے گا۔
۶۳	اگر کچھ دن صبر کرو گے کام ہو جائے گا۔
۶۴	نیک کام کا انجام بھی نیک ہے۔ فکر نہ کرو۔
۶۵	اس میں کسی منفعت کی امید نہیں ہو سکتی۔
۶۶	فال نیک ہے نتیجہ بھی اچھا رہے گا۔
۶۷	گھبراؤ مت دلی تمنا جلد بر آئے گی۔
۶۸	اطمینان رکھو انجام اچھا ہے۔
۶۹	اپنے مقصد میں کامیاب ہوگے۔ فکر نہ کرو۔

۷۰	بدخیالات سے پرہیز لازم ہے۔ منفعت کی پوری امید ہے۔
۷۱	اگرچہ یہ کام اچھا نہیں کرنے سے نہ کرنا افضل ہے۔
۷۲	مقصد بر آئے گا۔ لیکن اللہ تعالےٰ اسے ناپسند کرتا ہے۔

فالنامہ رمل

یہ فالنامہ خاکسار کا استخراج کردہ ہے۔ اور قابل اعتماد تحفہ ہے۔ باطہارت باوضو۔ قبلہ رو بیٹھ کر فاتحہ تلاوت کر کے حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نیاز دے اور کثرت سے درود شریف پڑھیں۔ اور اپنے مقصد کا تصور کریں اور آنکھیں بند کر کے انگشت شہادت جدول ذیل کے خانوں میں سے کسی خانے میں رکھ دیں۔ لیکن انگلی رکھنے سے پیشتر اللہ تعالےٰ سے صحیح جواب کیلئے دعا کرلیں۔ پھر جس خانہ پر انگلی پڑے اس کا نمبر دیکھ کر جواب دیکھ لیں۔ جدول یہ ہے۔

جدول یہ ہے

۱	۲	۳	۴
۵	۶	۷	۸
۹	۱۰	۱۱	۱۲
۱۳	۱۴	۵	۱۶

نمبر اشکال	جوابات
۱	نیک فال ہے پورب کی طرف سفر کرو۔ جو کام کرنا چاہتے ہو اس میں بہتری کی توقع ہے۔ مرض کا خیال ہے تو وہ صفرادی ہے۔ صحت ہو جائیگی روپیہ زیادہ ملنے کی امید نہیں جلد خرچ ہو جائے گا۔

۲	سفر تو غالباً پیش ہی نہ آئیگا۔ رزق میں کشائش ہو۔ غائب بھی جلد ملنے کی امید ہے روپیہ بھی ہاتھ آئے۔ مریض کا معدہ درست نہیں صحت دیر سے ہوگی۔
۳	سفر کرنے میں روکنے والا کوئی نہیں۔ پریشانی یقینی ہے عزیز و اقارب بخیریت ہیں۔ مریض بخار یا دستوں میں مبتلا ہے ابھی دیر ہے صحت ہوگی تکلیف عام ہوگی۔ پرامن زندگی کے امکان نہیں روپیہ پیسہ ملنے کی امید نہیں۔ اللہ تعالےٰ پر بھروسہ رکھو۔ تمہارے نتائج تسلی بخش معلوم نہیں ہوتے۔
۴	درمیانی حالات رونما ہوں سفر کا ارادہ ہے تو دیر میں پیدا ہو۔ تم غالباً نجومی، شاعر، ڈاکٹر یا حکیم ہو۔ مریض کا سوال ہے تو اُسے آسیب ہے مسحور ہونے کا بھی شک ہے۔ معدہ کا بھی علاج کرنا چاہیئے۔ مگر فکر مت کرو۔ عزیز و احباب کی خیریت کی خبر عنقریب پہنچے گی۔
۵	محبوب سے وصال ہو۔ دل مالا مال ہو۔ کسی جگہ سے کچھ مل جاوے سفر مبارک ہو کامیاب رہو گے۔ مریض کو خفقان ہے جلد صحت ہو۔ عورت کے حاملہ ہونے کا یقین ہے۔ محبت کا شوق کا جواب شروع ہی میں ہے۔
۶	فال بیحد منحوس ہے۔ ہر کام کا نتیجہ الٹا نظر آتا ہے اگر سفر جانے کا ارادہ ہے تو نتیجہ سرگردانی ہوگا۔ اگر مریض کی بابت سوال ہے تو اس کی

		شکمی بیماری ہے اور مسحور بھی ہے۔ اگر سوال حاملہ کے متعلق ہے۔ تو یقین کر کہ اس کا حیض رک گیا ہے اور پیٹ میں سختی ہے غلام سیاہ رنگ بداصل ہے۔ اس کے چہرے پر چیچک کے نشان ہیں۔ راز ظاہر کر کے ہی رہیگا۔ تو اکثر غمزدہ رہتا ہے۔ رات کو پریشان خواب آتے ہیں۔ اور تو ڈرتا ہے۔
۷	— — — •	یہ فال اچھی نہیں سفر کا ارادہ ترک کر دو۔ یہ سفر فائدے سے خالی ہے قرضخواہوں سے سر دست دستکاری نہیں ہو سکتی تمہارا دوست عدم پتہ ہے تمہارا مال کسی سیاہ فام عورت نے چرایا ہے۔ مریض کی صحت کی امید نہیں یا سخت بیماری اٹھا کر وہ تندرست ہوگا مرض کے علاوہ سحر کا بھی خیال ہے۔ بیوی قابل اعتبار نہیں اور دوست بھی وفادار نہیں شادی کی آرزو پوری ہو جائے گی۔ روزگار بھی ملیگا۔ سیاہ اشیاء صدقہ میں دیا کرو۔
۸	— • — —	فال ٹھیک نہیں سفر پیش آئیگا۔ تمہارے دل میں خوف و ہراس جاگزیں ہے اور زندگی غم و غصہ میں بسر ہوتی ہے۔ بیوی سے کچھ فائدہ ہوگا۔ مال وراثت بھی ملیگا۔ مریض کو خونی دست آتے ہیں۔ یا اس کے پیٹ میں پھوڑا ہے زندگی خطرہ سے خالی نہیں کہیں درد ہے خواب میں ڈرتے ہو چیلوں کو گوشت اور سرخ اشیاء کا صدقہ دو۔
۹	— — • —	فال بہت مبارک ہے۔ شمال کیطرف سفر سے فائدہ ہے لیکن وجوہ بہتری اور سلامتی کی دلیل ہے۔ علم کے متعلق سوال ہے تو علم حاصل ہوگا۔ شادی کی آرزو ہے تو پوری ہوگی۔ اگر حصول مال کا سوال ہے۔ تو

	مل جائیگا۔ مگر دشواری سے۔ لیکن خرچ بھی جلد ہو جائے گا۔ بیمار نازک حالت میں ہے۔ مشکل سے جانبر ہو گا۔ مرض بلغمی ہے۔ عورت حاملہ نہیں ہے۔ اس کا خون حیض بند ہے۔ مریض کے لئے سفید اشیاء کا صدقہ دینا چاہئیے۔ مثلاً سفید کپڑا چاول کھیر دودھ۔ چاندی وغیرہ ابھی دس روز سختی کے باقی ہیں۔
۱۰ ث	فال بہت نیک ہے۔ مشرق سفر سے فائدہ ہو گا۔ کسی بادشاہ یا حاکم سے ملاقات کے لئے جانا ہے۔ تو اجازت ہے بیشک جلد فائدہ حاصل ہو گا والدین بخیر و خوبی عافیت سے ہیں۔ روزگار جلدی ملنے والا ہے۔ وظیفہ یا عمل کرنے کا ارادہ ہے۔ تو نفع ہو گا۔ مریض صفراوی بخار میں مبتلا ہے۔ تندرستی حاصل کر لیگا۔
۱۱ ب	سفر کرنے کی ضرورت نہیں محبوب سے ملاقات چاہتے ہو۔ تو مراد بر آئے گی۔ حاملہ لڑکی جنے گی۔ مریض ریحی اور بلغمی بیماریوں میں مبتلا ہے۔ شکم میں درد ہے دیر سے صحت ہو گی۔ تو تمہاری امیدیں خدا پوری کرے گا۔ اگر مال و زر اکٹھا کرنے کی خواہش ہے تو کامیابی ہو گی۔ سب امیدیں پوری ہونگی۔
۱۲ ⁝	فال اچھی نہیں پورب کی طرف مجبوراً سفر کرنا پڑیگا۔ مگر اس سے فائدہ کی کوئی امید نہیں قیدی رہا نہیں ہو سکتا۔ دوستوں سے نفع کی امید نہیں۔ دشمن موقعہ کے متلاشی ہیں۔ مریض تپدق میں مبتلا اور اسے اسہال جاری ہے۔ تندرستی کی امید نہیں عارضی صحت ہو جائے تو بعید نہیں۔ کسی محبوبہ سے وصال ہو۔ ناپاک حالت میں نہ رہا کرو۔ یہی

	افلاس کا سبب ہے ۔ تمہیں اکثر برے خواب دکھائی دیتے ہیں ۔ منگل اور ہفتہ کے دن سیاہ اشیاء کا صدقہ دیا کرو ۔ سختی کے ابھی اکیس دن باقی باقی ہیں صدقہ دو ۔
۱۳	فال اچھی نہیں سفر سے بھی فائدہ کی کوئی توقع نہیں ۔ مریض کو پھوڑے کی شکایت ہے ۔ چراغ سے نشتر لگواؤ اسہال کا عارضہ بھی ہے تمہارا دل مضطرب معلوم ہوتا ہے ۔ پیرانہ سالی اور ضعیف العمری کے باوجود کام میں سخت محنت کرتے ہو ۔ مطلوب سے محبت بہت ہے ۔ تم بلغم اور فساد خون کے سبب سے بیمار ہو کر مال جمع کرتے ہو ضائع جائے گا ذرا اختلاف پر لڑنے مرنے پر تیار ہو جاتے ہو ۔ فوجی ملازمت کی کوشش کرو ۔ پندرہ روز سختی کے باقی ہیں ۔ سرخ سیاہ رنگ کی اشیاء صدقہ دیا کرو ۔
۱۴	بہت مبارک فال ہے ۔ امید کی جاتی ہے کہ سفر کی ضرورت پیش ہی نہ آئے گی مریض کو کسی شکمی بیماری کا عارضہ ہے ۔ لیکن دیر سے تندرست ہو گا ۔ حاملہ عورت کے ہاں غالباً لڑکی پیدا ہو گی ۔ معشوق کے وصال سے مالا مال اور نہال ہونگے مال بھی ہاتھ آئیگا سب آرزوئیں بھر آئیں گی خبر کیلئے بیقرار ہو ۔ جلد خبریں آ جائے گا ۔ اللہ تعالےٰ پر توکل اور بھروسہ رکھ کرو اور اس عبادت میں اور اس کی عبادت میں کوتاہی نہ کرو ۔
۱۵	فال نہایت مبارک ہے ۔ بلند بختی کی دلیل ہے سفر کرنے کا ارادہ کرتے ہو ہو تو سفر در پیش ہو جائے گا ۔ یہ سفر سراسر کامرانی اور مقصد رسم مندی کی دلیل ہے ۔ شوق سے سفر کرو ۔ فائدہ حاصل کرو گے کسی کے خط یا

پیغام یا انتظار ہے۔ تو عنقریب آجائیگا۔ اگر مشغول کا سوال ہے۔ تو
جلد وصال میسر ہو۔ اگر حصول علم کا ارادہ ہے تو یہ ارادہ مبارک ہو۔
علم حاصل ہوگا مریض کو آسیب یا جادو کا اثر ہے۔ بہت مصیبتوں کے
بعد تندرستی حاصل ہوگی۔ بدھ کے روز مچھلیوں کے لئے دریا میں خوراک
ڈالا کرو۔ اور صدقہ خیرات دیا کرو۔ اور اگر روزگار کا خیال ہے۔ تو تیری
خواہش پوری ہوگی۔ اور سب کام حسب منشا پورے ہونگے۔ سات
قسم کے اناج غریبوں میں تقسیم کیا کرو۔

۱۶ ⁝ فال مبارک ہے۔ شمال کیطرف سفر کرو بہت نفع ہوگا بیمار بلغمی بیماریوں
کا شکار ہے۔ تندرستی کچھ دیر کے بعد حاصل ہوگی۔ سفید رنگ کی اشیاء
صدقہ میں دیا کرو۔ سب کام ٹھیک ہو جائیں گے تمہارے
لئے پیغام رسانی کا کام موزوں۔ مال مشکل سے ہاتھ آئے گا۔ آمدن نسبت
خرچ زیادہ ہوگا۔ محبوب سے ملاقات ہوگی۔ وصال کی خواہش پوری
ہوگی۔ مگر کچھ وقت لگے گا۔ اگر کوئی تمہارے سامنے سے جانا
چاہے تو چلا جائے اور ضرور چلا جائے۔

لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا اللّٰہ

فالنامہ لقمانی

حکیم لقمان یونان کے مشہور حکماء سے تھے۔ انہوں نے فرمایا ہے، کہ جو
شخص اپنی کوئی مراد رکھتا ہو۔ تو پہلے صدق دل سے ایک بار سورہ فاتحہ اور
تین بار سورہ اخلاص اور تین بار سورہ استغفر اللّٰہ برحمتہ من یشاء پڑھ
کر اور سانس روک کر اور آنکھیں بند کر کے نقش میں انگشت شہادت رکھے

جس خانہ میں انگلی پائے گا۔ ملاحظہ کرکے اپنا مطلب دریافت کرے:-

١ صے صا	٢ صے صے	٣ صے صٰہ	٤ صے صے صے صے
٥ صٰہ ٥	٦ صٰہ صے	٧ صے صے صے صے	٨ صے صے صے صے صے
٩ صہ صہ صٰہ	١٠ صہ صہ	١١ صہ صہ	١٢ صٰہ
١٣ صہ ٥٥	١٤ صہ	١٥ صے	١٦ ٥٥٥٥

۱- اے خداوند فال یہ تیرے واسطے نیک ہے جو نیت تو نے کی ہے برآئے اگر سفر کرے خوش و خرم رہے گا۔ اولاد پیدا ہو۔ فرزندوں سے راحت ملے ہمیشہ کو احوال نیک ہو۔ امیروں اور رئیسوں سے ملاقات ہو جائے۔ جن سے جلد مقصد حل ہو جائے۔ اور جو خواب دیکھا اس کی تعبیر اچھی ہے۔ خوشی حاصل ہوگی۔

۲- اے خداوند فال جو نیت کر تیری ہے۔ پوری ہو اگر مال کی خواہش ہے جلد ملے اگر جانب سفر کرے۔ بہت فائدہ اٹھائے اور چالیس روز میں کل مقصد تیرے پورے ہوں۔ لیکن گھوڑوں کے بیوپار میں تجھکو فائدہ نہ ہوگا۔

۳- اے صاحب فال تیرے لئے بہت نحس ہوگی۔ جس چیز کی خواہش رکھتا ہے وہ نہ حاصل ہوگی۔ بلکہ تہمت لگے گی۔ مگر جمعرات کو علی الصبح جو کوئی فقیر تیرے مکان پر آوے۔ اس کو دو ٹیاں گیہوں کی اور دو پیسے اور ایک ہلدی کی ڈلی دے دیجیو!-

۴:- یہ فال تیرے لئے اچھی نہیں ہے - اگر غائب کی خبر دریافت کرتا ہے - تو ایک سال بعد واپس آئے گا - اگر بیمار ہے تو تکلیف اٹھائے گا - تم کو ایک ماہ تک صبر کرنا ضروری ہے - تاکہ اجر ملے اور سب مرادیں بر آئیں -

۵:- یہ فال نیک ہے - جو مراد ہے بر آئے گی - اور ایسی چیز تم کو ملے - کہ طبیعت خوش ہو جائے - اور چند روز کے اندر تمام خواہشات تیری بر آئیں گی -

۶:- یہ فال تیری جلد بازی سے منع کرتی ہے - ہر کام میں توقف کر کیونکہ خوف طالع بار کا ہے - آج کل تجھ کو بہت پریشانی اور مصیبت ہے خدا تجھ پر رحمت کرے - تو پچیس دن تک صبر کر اگر پچیس دن بخیریت گذر گئے تو بہتر ہے -

۷:- اے صاحب فال یہ دن تمہارے واسطے سخت گزرتے ہیں تو سخت مصیبت میں ہے - تیرا دل بہت گھبراتا ہے - اگر ارادہ شادی کا ہے - تو ابھی نہ کرنا تجھ کو ابھی کوئی کام نہیں کرنا چاہیئے - اگر کوئی کام کرے گا - تو نقصان پائے گا - اور تہمت سے بچو - اور سر شنبہ کو اندیشہ ہے کیونکہ کسی درخت کے نیچے تو سوتا تھا - اور خواب دیکھ کر تو ڈر گیا تھا - اب تو پیر کے دن کسی فقیر کو پانچ دالیں اور ایک پاؤ گوشت کا دیجیو - تو کل بلاؤں سے بچ جائے گا - اور اکیس روز تک کوئی کام نہ کرنا کیونکہ یہ دن تجھ پر نحس ہیں -

۸:- اے صاحب فال یہ فال نحس ہے - کوئی کام نہ کیجو - اور جس چیز کی خواہش رکھتا ہے - اس میں اندیشہ فساد ہے - تو پندرہ دن تک تحمل کر -

۹:- یہ فال تجھ پر نیک ہے - خبر خوش سنئے - جس چیز کی تمنا ہے - وہ بلا وقت ملے - جس کام کا قصد کرے اور حسب دل خواہ انجام کو پہنچے - اگر سفر کرے راحت پائے - مراد دلی پائے - شادی کی تقریبات پر خوشی اور مسرت ہو -

۱۰:- یہ فال سعد ہے۔ اگر دونوں کی شادی کرے۔ تو خوشی ہو۔ کسی امیر کے
پاس جائے۔ تو فائدہ اٹھائے۔ خرید و فروخت میں کافی نفع حاصل
ہوگا۔

۱۱:- اے صاحب فال مبارک ہو تجھ کو۔ دھوم سے شادی کرے اور سودے
میں تجھ کو بہت فائدہ ہو۔ جو کام کریگا فائدہ ہوگا۔

۱۲:- یہ فال بہت نیک ہے۔ صاحب فال بہت نصیبہ ور ہے۔ جس کام پر
قصد کرے گا۔ مراد دلی پاوے گا۔ لیکن چارپایہ میں نقصان ہوگا۔

۱۳:- یہ فال تجھ پر نیک ہے۔ اگر کسی بیمار کے لئے پوچھتا ہے تو چند دن میں
میں شفا پائیگا۔ اگر قیدی کے واسطے پوچھتا ہے۔ تو عرصہ میں
رہا ہوگا۔ تیرا دشمن ضرر پائیگا۔ جب تجھ سے لڑیگا چھپ جائیگا۔

۱۴:- یہ فال تیری نیک ہے۔ طالع مشتری سے نسبت رکھتی ہے فائدہ
بہت ہوگا۔ بادشاہ وقت سے مرتبہ پاوے گا۔ اور حال بلاوقت ملے۔ غم
جہاں دور ہو۔ اور حاصل خوشی و مسرور ہو۔ معشوق سے ملاقات ہو
خوشی و راحت ہو۔

۱۵:- یہ فال نیک ہے۔ عطارد سے نسبت رکھتی ہے اہل قلم سے فائدہ ہو
اور ہر کام نیک ہو۔ ایک مہینہ میں تمام مقصد برآویں تجھ کو لازم ہے۔
کہ بدھ کے دن تین پاؤ آملہ اور ہلدی کے رنگ کا کپڑا اور پیسے کسی
غریب کو دے دو۔

۱۶:- یہ فال نیک سعد بہت کاموں میں فائدہ حاصل ہو۔ اگر شادی کرے
تو بہت فائدہ ہو۔ معشوق پری پیکر ہاتھ آوے اور اولاد نیک پیدا
ہوگی۔ یہ فال نہایت مجرب ہے۔ ہو بہو حال سائل کا بتادیگا۔ حکیم لقمان
نے اپنی عقل سے بنایا ہے۔ یہ فال موسوم بہ فالنامہ رمل ہے۔

خواب اور اس کی تعبیر

خواب	تعبیر	خواب	تعبیر	خواب	تعبیر
اناج دیکھنا	دولت ملے	بیڑی پر چڑھنا	اولاد ملے عزت ہو	پان کھاتا	زر ملے۔
آپ مرے	طویل عمر ہو	سیندر کاٹے	درباری عزت ہو	تربوز کھاتا	عزت میں ترقی
اندھیرا دیکھنا	سخت تکلیف ہو	بل کا پھل ملے	زر ملے	تیز تلوار کا ملنا	سفر پڑے
امرتا دیکھنا	آرام و خوشی ہو	بلی دیکھنا	مصیبت آئے	تیل دیکھنا	مصیبت
آم کا درخت	دولت زیادہ ہو	بلی کی سواری کرنا	مصیبت آئے	تل سیاہ دیکھنا	تکلیف
آگ دیکھنا	زر و دولت ملے	بھیڑیا کاٹے	درباری عزت	تلوار گرتے "	رنج و غم
آم کھاتا	اولاد ہو	بھینس دیکھنا	مصیبت	تارا چمکتا "	ترقی ہو۔
آملہ کا پھل کھاتا	دولت ملے	بھینس پر چڑھنا	سخت بیماری	تلوار دیکھنا	دشمن غرق ہو
آسمان پر اڑنا	ترقی دولت ہو	بھیڑیے پر چڑھنا	سخت بیماری	تالاب صاف "	آرام چین ملے
آسمان دیکھنا	روزگار بڑھے	باغ سبز دیکھنا	خوشی و فرحت ہو	تانبا دیکھنا	حیرانی ہو۔
آنکھ گرے	مصیبت آئے	بارش دیکھنا	ارزانی غلہ ہو	تلوار کا قبضہ	نقصان ہو۔
آستین جلے	زر ملے	پہاڑ پر چڑھنا	دولت ملے	ترکاری سبز "	مزاحمت ہو
آسن پھٹے	مصیبت آئے	پیپ پینا	خوشخبری دولت ملے	توپ دیکھنا	دشمن معلوم ہو
آنکھ دیکھنا	مصیبت آئے	پانی کا گھڑا ملے	جائداد ملے	یاقوت دیکھنا	دشمن پر فتح
انار ملے	دولت ملے	پرندہ کھاتا	زیادہ دولت ملے	تخت پر بیٹھنا	ترقی مراتب
اپنا بازو ٹوٹا دیکھنا	برادر فوت ہو۔	پری دیکھنا	عیش و عشرت	تخت ٹوٹنا	فرزند کی علامت
اونٹ دیکھنا	نقصان ہو	پتھر برستا	تکلیف	ٹڈیاں کو کھاتا	جماعت کی سرداری
اونٹ پیچھے لگنا	بیماری ہو	پلنگ ملے	زر ملے	ٹوٹنا کسی عضو کا	رنج پہنچے
آئینہ دیکھنا	مصیبت ہو	پاربتی دیکھنا	مراد بر آئے	ٹیلا دیکھنا	خوشی دیکھے
اڑتے ہوئے گرنا	مصیبت ہو	پہاڑ سے گرنا	بیماری آئے	تبسم ہے	زر ملے


خواب	تعبیر	خواب	تعبیر	خواب	تعبیر
الو دیکھنا	مصیبت ہو	پلنگ لوٹنا	تکلیف ہو	جوتا کھو جانا	تکلیف ہو۔
الو پر چڑھنا	مصیبت ہو	پوڑے کھانا	تکلیف ہو	جھنڈا زرد دیکھنا	بیمار ہو۔
اچھا شہر دیکھنا	دولت ملے	پانی میں بہہ جانا	تکلیف ہو	جھنڈا سبز "	سفر ہو
برہمن دیکھنا	دولت دیکھنا	پاخانہ دیکھنا	زر ملے	جواہرات "	حصول مراد ہو
بزرگ کچھ دے	عیش و عشرت	پاخانہ کھانا	زر ملے	ہنگامہ دیکھنا	خوشی ہو۔
بستر جلے	دولت ملے	پھل پھول دیکھنا	دولت ملے	جھاڑو دینا	خرچ کرنا
بچھو دیکھنا	رنج بیہودت اولاد ملے	پارہ مارنا	رنج و مصیبت	جماع کرنا	زر مال ملے
برچھی دیکھنا	دشمن مرے	پاخانہ کرنا	زر ملے	جماع کرانا	نیکی ملے
بلے پر چڑھنا	مصیبت ہو	پنجرہ دیکھنا	قید ہونا	جنگ کرنا	فرحت و خوشی
بین باجہ ملے	زمین زرخیز	پیاس لگنا	ہوس زیادہ	جنگ میں شامل ہونا	حکومت میں ترقی
بیاہ ہوتا دیکھنا	مصیبت	پانی پینا	کشائش روزگار	جوا کھیلنا	کشائش روزگار
وصل ہوئے	درباری عزت	پل پر چڑھنا	نیک کام کرے	جلاب لگنا	تکلیف ہو۔
جام پینا	خوشی ہو۔	حوض میں نہانا	زرق میں برکت ہو	قسم کھانا	مقدمہ ہو۔
چاند دیکھنا	خوبصورت عورت ملے	حج کرنا	مراد پوری ہو	عصا دیکھنا	سرداری ملے
چھینکنا	مراد پوری ہو	حلوہ کھانا	عیش و عشرت	طہارت کرنا	بیمار رہے
چابی دیکھنا	فرزند ملے	خربوزہ کھانا	کاروبار میں نفع	طلاق دینا	خطرہ ملازمت
چاول دیکھنا	خوشی حاصل ہو	خاک پر بیٹھنا	سفر میں کامیابی	طعام بدمزہ	رنج و غم
چین دیکھنا	پریشانی دیکھنا	خطبہ پڑھنا	خوشخبری ملے	طعام لذیذ	کشائش کار
حمام جانا	فکر دور ہوں	جوان دیکھنا	زرق میں برکت	صدقہ باندھنا	مرتبہ بلند ہو
حرام کھانا	ذلت و رسوائی	دریا میں تیرنا	زندگی میں سیاحت	شکار کھیلنا	مراد پوری ہو۔
حجامت بنوانا	طویل عمر ملے	دیوار گرنا	نقصان ہو	شربت پینا	درازی عمر
حوض کا پانی دیکھنا	دولت ملے	قربانی کرنا	فکر دور ہو	شیر سے بھاگنا	آفت سے نجات

خواب	تعبیر	خواب	تعبیر	خواب	تعبیر
سور دیکھنا	رنج وغم	روٹی کھانا	رزق ملے	دعوت کرنا	نقصان مال ہو
سانپ کو مارنا	دشمن پر ترقی	ریل دیکھنا	سفر درپیش ہو	دولت کا گرنا	حمل ساقط ہو
زکوٰۃ دینا	کاروبار میں ترقی	ریت پر چلنا	دشمن پر تکرار	دولت دیکھنا	بیوی حاملہ ہو
زراعت کرنا	بیمار دیکھے	رشوت لینا	ذلت ورسوائی	دہی کھانا	ملازمت ملے
سیڑھی دیکھنا	عورت سے تکلیف	دانت تراشنا	نقصان مال ہو	دوزخ دیکھنا	مصیبت آئے
رقاصہ دیکھنا	فکر وپریشانی ہو	ڈکار لینا	ترقی مراتب ہو	دودھ پینا	قوت حاصل ہو
رستے دیکھنا	خوشی ہو	دعوت کھانا	کاروبار میں ترقی	خواب نامہ	ختم شد

اسناد مکسر اعداد تیس جزو کلام مجید

نقش مکسر شریف کو مربع شکل میں اعتقاد تمام کے ساتھ لکھے۔ اور ہمیشہ اپنے ساتھ رکھے۔ شفاعت حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس کو نصیب ہوگی۔ اور گناہ صغیرہ وکبیرہ اس کے عفو ہونگے۔ اور اگر لڑائی میں جاویں تو تیغ وتیر وغیرہ اسپر کارگر نہ ہونگے۔ اور بلا آفت ہائے ناگہانی اور مرگ مفاجات و زلزلہ و برق اور رعد اور مستی ہاتھی اور شیر ببر اور باولا کتا اور ڈوبنے سے دریاؤں اور تالابوں میں اور ہوائے مخالف ہولناک اور تپ لرزہ اور سر کے درد وغیرہ کل بلاؤں اور حوادثات گوناگوں اور رنگا رنگ زمینی وآسمانی سے بحفظ حافظ حقیقی کے رہے اور نظر بادشاہاں وحکام وامرا اور خلائق میں معزز وممتاز وشیریں رہے گا۔ اور رزق میں کشادگی ہوگی۔ مگر ہر وقت دیکھنے کے باوضو رہے۔ اور پاک اور پاکیزہ ساتھ اپنے رکھے۔ تاکہ اپنے مقصود کو پہنچے۔ انشاء اللہ تعالےٰ خواص اس مکسر کے بہت ہیں۔ مختصر سے کر کے بطریق اجمال وایجاذ تحریر کیا ہے۔

مکسر شریف یہ ہے؛




برائے زبان درازی :- اگر کسی عورت کا خاوند زبان دراز ہو تو یہ تعویذ پیر کے دن

صبح کے وقت جنگل میں دبا
دے۔ اور اوپر خاک ڈال کر
جوتیاں مارے تو خاوند زبان
درازی سے باز رہے۔
تعویذ یہ ہے۔

۴۴	۳۵	۲	۷
۶	۳	۳۴۷	۳۴۶
۳۴۹	۳۴۴	۸	۱
۴	۵	۳۴۵	۳۴۸

تعویذ دیگر: یعنی اگر کسی کے مکان میں دیو بھوت و شیطان خبیث رہائش رکھتا ہووے تو اس تعویذ کو لکھ کر مکان کی دیوار کے اوپر چپکا دیوے یا اوپر دروازے کے لگا دیوے۔ تو مکان تمام آفات سے صاف ہو جاوے۔ تعویذ یہ ہے۔



برائے دوستی: اگر کوئی شخص چاہے۔ دو شخصوں میں محبت اور دوستی بے حد ہووے تو اس تعویذ کو مشک و زعفران سے لکھے بروز پنجشنبہ بوقت طلوع آفتاب کے اور اس شخص کے نام لکھے اور اس کی ماں کا نام حسب فلاں بن فلاں لکھے تو بہت مجرب اور آزمودہ ہے وہ یہ ہے

۶۱ ۸۸ع	ع۱۲ع	۸۲ع	۴۹۷ع
۱۹۱۴ع	۹۱۱۴ع	۱۲۲۳ع	۹۱۱۴ع
۹۱۱۸ع	۹۱۱۲ع	۴۱۱۲ع	۱۹۱۴ع

برائے جدائی: اس نقش کو واسطے جدائی کے لکھ کر اوپر روٹی کے رکھ کر کتے کو کھلا دے گا۔ مگر کالا ہووے نام مسعود الدین لکھے دونوں میں جدائی ہووے گی۔ مجرب ہے۔

برائے دردِ سر:- سر کے درد کو یہ عزیمت یعنی طلسم لکھ کر باندھے اللہ تعالےٰ شفاء بخشے گا عزیمت یہ ہے۔

ع ع ع صح صح صح سح عح عح ۵

مہ مہ مہ لا ط ط ط مر مر حمٓ عسٓقٓ طٰہٰ ما انزلنا

نوید دیگر:- جو کوئی خواب میں ڈرتا ہو۔ اور روتا ہو۔ اس کے یہ آیت لکھ کر گلے میں باندھے شفاء ہوگی۔

مَنْ یَّعْمَلْ سُوْٓءًا یُّجْزَ بِہٖ وَلَا یَجِدْ لَہٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ وَلِیًّا وَّلَا نَصِیْرًا۔

نوید دیگر:- اگر بھینس دودھ نہ دیوے تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں یا اوپر شاخ بیر کے باندھے فی الفور دودھ دیوے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ :- ۱۱۰۰ ۱۱ ۱۲۰ ۱۲۹ ۱ھ ول ۱۱ ۱۱م ۱۱۱ ۸۹۷ ھ ل ہی


نوید دیگر:- اگر کوئی یہ نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے تو دشمن سب دوست ہوویں۔ اور بہت عزت پاویں۔

حـ ط ع ۱۱ ۱ د ۱ ط ۱ ھ   ا لطـ ۱۱۱   ۱۳ ۱۱ ۱ ۱۶ ۱ ھ ۱۱ ۸ ۲ ۸ حـ

لـ ط ۱۱۱ ۱۱ ۱۱ ۱۱ ـلہ   مـ ط ع ۱۱ ھ ۱ ط ۱ ہ   دد ۱۱۱ ۳ ۸ ۳ ۱۱۱ ۱۱ دد حـ

دیگر:- یہ نقش لکھ کر منہ میں یا ڈنڈ میں باندھیں۔ تو جلد انزال نہ ہوگا۔ نقش یہ ہے

۵	۲	۳	۱۲	۲
٦	۲	٦	۵	۹
۸	۲	۵	۴	۴
۳	۳	۲	۹	۵



دیگر:- یہ فتیلہ واسطے تپ دق و درد شکم جلا کر دھواں دیوے۔ مجرب ہے۔


نوید دیگر: واسطے مطیع ہونے عورت کے یہ عزیمت آفتاب نکلنے سے پہلے اپنے ہاتھ پر لکھ کر اس کو سلام کرے۔ تو محبوبہ تجھ پر فدا ہووے۔

۱۱ ۱۱ ۱۵ ۱۱ ۲۱ ۸۱ ۱۸۱ع ۱۱۱ وکی اُوط و ۱۱ ۸۸ ۱۲ او لا

فلاں بن فلاں الساعۃ الساعۃ

نوید دیگر: واسطے محبت کے جو کوئی شخص دیکھے ہزار جان عاشق ہووے اور اسی کا ورد زبان زبان پر رکھے ایک لحظہ بغیر دیکھے کے نہ رہے۔

اماوس (چاند کی ۲۸ تاریخ) کے روز لکھ کر نزدیک رکھے تمام عالم مطیع ہوگا؛۔



نوید دیگر: جس کسی کو ہوک پکڑے یہ تعویذ باندھیں انشاء اللہ آرام ہوگا۔ تعویذ یہ ہے......

واسطے دانتوں درد کیلئے مندرجہ ذیل عزیمت مجرب ہے۔

نکھار دانت کے نیچے رکھے۔ ۳۵۳ ۴۵۵۵۷ ۲۵۵ ۴۵۵۵

تعویذ دیگر:- جس کسی شخص کی ناف جاتی رہتی ہو۔ یہ تعویذ اس کی کمر میں لکھ کر باندھے۔ جب صحت ہو جائے تو حضرت غوث الاعظم کے نام کی شیرینی تقسیم کر دے۔ تعویذ یہ ہے

۸	۸ع۹	۷ع۹	۱
ع	۲	۷	ع۸۱
۳	۸۸ع	۷۷ع	۶
۷ع۸	۵	۴	۱۸ع

برائے دفع جن:- آسیب زدہ شخص کے گلے میں یہ تعویذ لکھ کر لٹکا دیں۔ انشاء اللہ جن یا روح خبیث جو اس کے لئے موجب ایذا ہو گی۔ بھاگ جائے گی۔ لو انزلنا ھٰذا القرآن علیٰ جبل لرأیتہ خاشعاً متصدعاً من خشیۃ اللہ وتلک الامثال نضربہا للناس لعلکم یتفکرون۔ ھو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو عالم الغیب والشہادۃ ط ھو الرحمٰن الرحیم ہ ھو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الملک القدوس السلام المومن المھیمن العزیز الجبار المتکبر سبحان اللہ عما یشرکون۔ ھو اللہ الخالق الباری المصور لہ الاسماء یسبح لہ ما فی السموات والارض ط وھو العزیز الحکیم ہ آخر سورہ حشر قل اوحی الیّ انہ استمع نفر من الجن فقالوا انا سمعنا قرآنا عجبا یھدی الی الرشد فاٰمنا بہ ولن نشرک بربنا احدا وانہ تعالیٰ جد ربنا ما اتخذ صاحبۃ ولا ولدا وانہ کان یقول سفیھنا علی اللہ شططا

(سورہ جن شروع)

دیگر دفع جن و آسیب:- جس مقام یا جگہ پر جنات بکثرت رہتے ہیں۔ اس مقام پر ہر وقت کثرت سے اذان کہنے سے جنات کافور ہو جاتے ہیں اور پھر کوئی جن نظر نہیں آتا۔

علاج آسیب زدہ:- پاک و صاف پانی پر سورۃ فاتحہ و آیۃ الکرسی اور پانچ آیتیں اول سورہ قل اوحی پڑھ کر اس کے منہ پر چھڑک لیں تو آسیب گھر سے نکل جائے گا اور پھر نہ آئے گا۔

برائے ساحرہ:- اگر کوئی شخص نظر بد یا سحر سے متاثر ہو جائے۔ تو اس کے لئے گول خط کھینچیں اور آیۃ الکرسی اور ان آیات کو پڑھیں۔

وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا (بنی اسرائیل ع۹) وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ (یونس ع۸) وَيُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ لِيُحِقَّ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ اِنَّهٗ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (شوریٰ ع۳)

پھر کہے اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطٰنٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَامَّةٍ ط يَا حَفِيْظُ يَا رَقِيْبُ يَا وَكِيْلُ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ط پھر ایک چھری یا چاقو دائرے کے اندر گاڑ دیں۔ اور پھر کہیں دَكَّرْتُهُمَا فِيْ قَلْبِ الْعَائِنَةِ پھر اس کو ڈھک دیں۔ رکابی یا طباق کے نیچے تو ساحر یا عائن کو اس کے فعل کی سزا مل جائیگی۔

علاج مسحور:- اس آیت کو کسی پاک برتن پر لکھ کر پھر روغن زرد سے دھو کر مسحور اپنی زبان سے چاٹے اور سات دن تک اسیطرح کئے جائے۔ انشاء اللہ سحر زائل ہو جائے گا۔ اور پھر مرتے دم تک کسی سحر وغیرہ کا اثر اس پر نہ ہو گا۔ آیت یہ ہے۔

وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ط (النساء ع۱۴)

نظر بد اور اس کی شناخت:- جس انسان یا جانور پر نظر بد کا اثر ہو۔ اس کے جسم پر طولاً سات عدد مرچ سرخ پھیر کر آگ میں ڈال دیں اگر نظر بد کا اثر ہوگا تو ان سے بالکل دھانس نہیں اٹھے گی۔ اگر نظر نہیں تو اس کی دھانس سے آس پاس کے لوگوں کا دم ناک میں آجاتا ہے۔ یہ عمل بار ہا کا مجرب ہے یا یوں کریں کہ ایک بیضہ پر لکھیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَصَلَّى اللّٰهُ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا ط اس کے بعد سات مرتبہ ھلع فوع لکھ دیں۔ اور بیضہ کو ہاتھ میں پکڑ کر اس کے نیچے کشینز خشک کی دھونی دیں۔ اور خود سورۃ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھتے جائیں۔ پھر

بیضہ کو توڑ کر دیکھیں۔ اگر اس میں سرخ خون کا نقطہ ہو تو یہ علامت نظر بد کی ہے۔ اس نقطہ سے نظر زدہ کے ماتھے پر نشان لگا دیں۔ انشاء اللہ صحت ہو جائے گی۔

گمشدہ چیز کی بازیافتگی:- ایک کتاب میں لکھا ہے کہ جعفر خالدی کی بیش قیمت انگشتری دجلہ میں گر گئی۔ ایک دعائے مجرب رد ضالہ کے لئے یاد تھی انہوں نے وہ دعا پڑھی۔ تو ایک کتاب کے اوراق میں سے انگشتری کا نگینہ پڑا مل گیا وہ دعائے مجرب یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ اِجْمَعْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ۔ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادِ ط

ایضاً:- جب کوئی نقد مال یا مویشی یا اور قیمتی چیز گم ہو جائے۔ تو فوراً یہ کلمات منہ سے نکلنے چاہئیں۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ط
انشاء اللہ ضرور وہ چیز دستیاب ہو جائے گی۔ مجرب ہے۔

ایضاً:- اگر کوئی چیز کھو جائے تو ایک سو انیس ۱۱۹ بار بلا کم و بیش "یَا حَفِیْظُ" کہیں پھر یہ آیت پڑھیں۔ یَا بُنَیَّ اِنَّھَا اِنْ تَکُ حَبَّۃً مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُنْ فِیْ سَخْرَۃٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِھَا اللّٰہُ (لقمان ع ۱۶) اسے بھی ۱۱۹ بار پڑھیں۔ اللہ تعالیٰ گمشدہ چیز کو حاضر فرمائیگا۔

دعائے ادائے قرض:- نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِی النَّھَارِ وَتُوْلِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ط (آل عمران) رَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ وَرَحِیْمَھُمَا تُعْطِیْ مَنْ تَشَآءُ مِنْھُمَا وَتَمْنَعُ مَنْ تَشَآءُ اِرْحَمْنِیْ رَحْمَۃً تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَنْ رَحْمَۃِ مَنْ سِوَاکَ ٭

سرکش چوپایہ کیلئے:- اگر کوئی چوپایہ سرکش ہو تو اس کے کان میں یہ آیت پڑھی جائے

اس کا نفور دور ہو جائے گا۔ اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ یَبْغُوْنَ وَلَہٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّکَرْھًا وَّاِلَیْہِ یُرْجَعُوْنَ (آل عمران)

برائے حفظ دفینہ:- اگر کوئی شخص دفینہ دفن کرے تو سورہ وَالْعَصْرِ پڑھے۔ وہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

برائے استخراج مدفون معمّٰی:- آئیت:- اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُکُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓی اَھْلِھَا وَاِذَا حَکَمْتُمْ بَیْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْکُمُوْا بِالْعَدْلِ اِنَّ اللّٰہَ نِعِمَّا یَعِظُکُمْ بِہٖ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ سَمِیْعًا بَصِیْرًا (النساء ۵۸) کو ایک نئے پاکیزہ برتن میں لکھ کر آب باراں سے محو کرکے جس جگہ توہم دفینہ ہو وہاں چھڑک دیں۔ انشاءاللہ تعالٰے وہ وہیں پر واقع ہوگا اور ہاتھ آئے گا۔ اسیطرح اگر کوئی شخص چیز دفن کرکے بھول گیا ہو یا ضائع ہو گئی ہو اور پتہ نہ ہو کہ کدھر گئی۔ جس جگہ پر گمان ہو وہاں لوبان سلگائے۔ اور یہ آیت لکھکر پانی سے دھو کر گھر کی چاردیواری پر اندر کی طرف چھڑک کر گھر کو ایک رات دن بند رکھے۔ پھر صبح کو کھول کر اندر جائے انشاءاللہ تعالٰے وہ چیز مل جائیگی یا خواب میں اس چیز کو دیکھ لے گا۔

نوع دیگر:- اس نقش کو کمہار کے چک پر کوئلے سے لکھے تو اس چک سے برتن نہ بن سکیں گے۔ نقش یہ ہے۔۔۔۔۔

۷	۱۴	۲	۸
۷	۳	۱۱	۱۰
۳	۸	۹	۱
۴	۶	۹	۱۲

اسم الٰہی کے فوائد اور اسرار:- اسماء الٰہی میں سے یہ دس اسماء اَلْحَقُّ الْمُبِیْنُ۔ اَلْخَبِیْرُ الْھَادِیْ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ اَلْاَوَّلُ الْاٰخِرُ: اَلظَّاھِرُ الْبَاطِنُ:- لطف اور اخلاق کی محبت اور تزکیہ نفس احیا قلوب اور غائب چیزوں کے مشاہدہ اور کشف وغیرہ کے خواص رکھتا ہے۔ ان کے ذکر سے برکتیں نازل ہوتی ہیں۔ اور ظاہر و باطن پاک ہوتا ہے۔ ان کے ذکر سے دشمن ہلاک ہوتے ہیں۔ جو

شخص ان اسماء کا ذکر کرتا ہے۔ تمام زمانے میں مشہور ہوتا ہے۔ اور جو سوال اس سے کیا جائے اس کا جواب اس کو خدا کی طرف سے الہام ہو جاتا ہے۔ اور رزق کشادہ ہو جاتا ہے۔ اور حکمت کی نہر دل سے زبان پر جاری ہو جاتی ہے۔ اور غائب چیز دل کو بالکل سامنے دیکھتا ہے۔ اور خداوند تعالےٰ اس کی خطاؤں کو کراماً کاتبین سے پوشیدہ کرتا ہے اور اس کے دل کو نور سے بھر دیتا ہے۔ جس کے سبب سے یہ آسمان و زمین کے ملکوں کو دیکھتا ہے۔ اور بحر و بر کی عجائب مخلوقات اسکی نظر سے گزرتی ہیں۔

اسم الحقّ } یہ اسم مبارک ہر ایک کام کے لئے مفید ہے جو شخص اس کے اعداد کو جو ۱۳۹ ہیں ایک مربع میں لکھکر اپنے پاس رکھے۔ اور کسی حاکم بادشاہ کے پاس جاوے۔ تو وہ اس سے خوف کرے اور ہر ایک دشمن پر غالب ہو۔

اسماء الخبیر المبینُ الہادی: جو شخص سوتے وقت ایکہزار بار ان کا ذکر کرے اور کسی بات کے معلوم ہونیکی نیت کرے خدا تعالیٰ خواب میں اس کو مطلع کرے اور کوئی فرشتہ اس کو خبر دیگا۔ اور ہر سو بار کے بعد اس طرح کہنا چاہیئے بَیِّنْ لِیْ یَا مُبِیْنُ خَبِّرْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَھْدِنِیْ یَا ھَادِیْ پھر ایک ہزار پورا کرنے کے بعد نیند کے غالب ہونے تک بلا تعداد ان اسماء کو پڑھتا رہے۔ اور اگر پہلے روز حال معلوم نہ ہو تو تین روز تک کرنا چاہیئے۔ اور اگر ان اسماء کو کسی پاک برتن میں لکھکر سات روز شہد اور گلاب سے دھو کر تین گھونٹ نہار منہ پی لیا کرے خداوند اس کو علوم الدنیہ اور حکمت عنایت کرے۔ اور کل اہل زمانہ پر فوقیت لے جائے۔

اسمائے الحیّ القیوم } ان کا ذاکر انوار الہٰی کو ظاہر دیکھتا ہے اور دل اس کا زندہ ہوتا ہے اور روح خوش رہتی ہے اور دعا اس کی قبول ہوتی ہے۔ جو شخص اس کے مربع کو جو ۳۴ درہم اور ۵ درہ ۵ ہے لکھکر اپنے پاس رکھے قلب اس کا زندہ

جاتا ہے۔ اور رزق کشادہ ہو۔ طاعت و اخلاص میں قائم رہے۔ اور ظاہر و باطن پر نور جلوہ گر ہو۔

اِسْمَائے اَلْاَوَّلُ اَلْاٰخِرُ اَلظَّاهِرُ اَلْبَاطِنُ:۔ انکا ذاکر ہمیشہ تکبر اور نفاق اور وبال وغیرہ سے محفوظ رہتا ہے۔ جو شخص ان اسماء کو رانگ کی تختی پر کندہ کرے اور اس کی پشت پر مچھلی کی صورت بنائے پھر اس تختی کو دریا میں ڈالے ہر طرف سے مچھلیاں اس پر جمع ہوں۔ اس قدر کہ ہاتھ سے ان کو پکڑ سکے۔ اور جو شخص چالیس روز تک اس لفظ کا رات دن اور ہر نماز کے بعد ذکر کرتا رہے وہ افراد میں ایک فرد ہو جائے۔ اور حضرت خضر علیہ السلام سے اسکی ملاقات ہو۔ اور وہ اس کو علوم قدسیہ کی تعلیم دیں۔ جن کی برکت سے یہ روحانی حالت میں ترقی کرکے حضرت قدسیہ میں جا پہنچے اور انوار جمال اور عجائب ملکوت اور مقامات ملائکہ کا مشاہدہ کرے۔

اِسْمُ النَّافِعُ:۔ اس اسم میں اسم اعظم کا ایک حرف ہے۔ اور موکل اس کا صہطائیل ہے۔ جس کے ماتحت چار افسر ہیں اور ہر افسر کے ماتحت ۲۰۱ صفیں ہیں۔ اور ہر صف میں ۲۰۱ موکل ہیں۔ جب ذاکر ذکر کرتا ہے موکل اس پر نازل ہوتا ہے۔ دعا اس کی یہ ہے:۔ یَا نَافِعُ اَنْتَ الَّذِیْ مَنَحْتَ التَّبَرُّهَاتِ مِنَ الْقُلُوْبِ وَالْمُبْدِعَ عَنِ الْعَفَائِرِ الْمَالِحَةِ عَنْ اِدْرَاكِ سِرِّ الْغُيُوْبِ صَدَرَ عَنْكَ الْخَيْرُ وَالشَّرُّ وَالنَّفْعُ وَالضَّرُّ وَالْفَوَائِدُ وَالْعَوَائِدُ وَالشَّدَائِدُ فِیْ كَوْنِ الْفَتَائِرِ النَّاسِ اَسْئَلُكَ مَنْحَ السَّلَاءِ وَجَزِيْلَ الْعَطَاءِ وَسِعَةَ الرِّزْقِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ التَّزَلُّلِ وَالْمُخَافَاتِ وَالْمُوْرِفِعِ وَالْاٰفَاتِ اَسْئَلُكَ خَيْرَكَ بِغَيْرِ وَاسِطَةٍ وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ مَّخْرَجًا حَتّٰى عِيْشَ بِحَمْدِكَ بِذَالِكَ مِنْ نَابِرِ اخْتِيَارِكَ فِی الْاٰنَاتِ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ مَارِیُ النِّسَاتِ:۔

اِسْمُ اَلنُّوْرُ:۔ اس اسم مبارک کا موکل ھہطائیل ھے جس کے ماتحت چار رئیس ہیں اور ہر رئیس کے ماتحت ۲۵۶ صفیں ہیں۔ جن میں سے ہر ایک صف میں ۲۵۶ موکل ہیں۔ دعا اس کی یہ ہے۔ یَا نُوْرُ اَنْتَ النُّوْرُ الظَّاهِرُ السَّامِیْ

طهر بك كل الطهور وانت الحاكم بنورك على كل نور تعرف بواطن الخلق
وظواهرهم بما البستهم من كرامتك وبما اعطيتهم من شهادتك و
بما رششت عليهم نور ولا بنيك وان من شيء الا عندنا خزائنه و
خضع كل جلال لجلالك وجبروت حمدك وادخل في حمدك واسئلك
اللهم يا نور النور وشافي الصدور وباعث من في القبور ان تنور في
بنورك الاعلى وضياءك الاتهى سري وجهري وظاهري وروحي ونفسي
وقلبي ولساني وفؤادي ونهايتي وبدايتي انك انت الله في الشدة
والرخاء:-

اسم الباقی :- اس اسم میں اسم اعظم کا ایک حرف ہے۔ اور موکل اس کا ہے جس کے ماتحت چار موکل ہیں اور ان میں سے ہر ایک کے ماتحت ۱۱۳ صفیں ہیں۔ ہر صف میں ۳۱۱ فرشتے ہیں۔ دعا اس اسم کی یہ ہے۔

يا باقي انت الذي تفني وتبقي كل مخلوق وانت الذي احييت كل
مردود بفضلك وانت الذي واخرجت من تلبيسه من الكفر و
النفاق والفسوق اسئلك بسر بقائك في خلقك ان ترزقني بقاء
لا نفاد له ابدا وحياة لا موت بعدها سرمدا ولا تكلني الى احد طرفة
عين ولا الى احد سواك وارزقني تسخير القلوب والارواح و
الاستيلاء على اذمة الاجساد والارواح انك انت الله الواحد
الفتاح:-

اسم الوارث :- اس اسم کا موکل ھمایائیل ہے جس کے ماتحت چار موکل ہیں۔ اور ہر موکل ان میں سے ۷۰۷ صفوں کا مالک ہے۔ اور ہر صف میں ۷۰۷ موکل ہیں۔ دعا اس اسم کی یہ ہے۔

يا وارث انت الباقي بعد فناء الخلق اجمعين والبادي الاظهار الكمال
الهيتك في يوم الدين كما اخبرت عبادك في كتابك المبين تنت

لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ اَسْئَلُكَ بِبَقَائِكَ الدَّوَامِ وَعِزِّكَ
الْقَائِمِ اَنْ تَجْعَلَنِیْ وَارِثًا لِعِلْمِكَ وَحِلْمِكَ وَوَارِثَ عُلُوْمِ الْاَنْبِیَآئِكَ
وَاَوْلِیَآئِكَ وَارْزُقْنِیْ فَوَائِدَهَا وَاَوْصِلْنِیْ اِلٰی غَایَتِهَا یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ

اسم الرَّشِیْدُ:- اس میں اسمِ اعظم کا ایک حرف ہے۔ اور موکل اس کا سہیائیل ہے
جس کے ماتحت چار موکل ہیں۔ اور ہر موکل کے بعد ۱۴۵ صفیں ہیں۔ جن میں سے ہر صف
میں ۱۴۵ فرشتے ہیں اور دعا اس کی یہ ہے۔
یَارَشِیْدُ اَنْتَ الَّذِیْ اَرْشَدْتَ اَوْلِیَاءَكَ اِلٰی سَبِیْلِ النَّجَاةِ وَاَوْیَارَشِیْدُ
اَحْبَائِكَ اِلٰی بَحْرِ الْحَیَاةِ وَعَیْنِ الْحَیٰوةِ وَجَمَعْتَ بَیْنَ الْاَوْلِیَآءِ وَالْاَنْبِیَآءِ عَلٰی
اَكْمَلِ الْحَالَاتِ اَسْئَلُكَ یَاوَلِیَّ الْحَسَنَاتِ اَنْ تُرْشِدَنِیْ اِلَیْكَ اُحْیِیْ حَیٰوةً طَیِّبَةً
مُقْبِلًا عَلَیْكَ یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ ۝

اسمُ الصَّبُوْرُ:- اس میں بھی اسم اعظم کا ایک حرف ہے۔ اور موکل اس کا ھمائیل
ہے جس کے ماتحت چار افسر ہیں اور ہر افسر کے زیرِ حکم ۲۹۸ صفیں ہیں اور ہر صف
میں ۲۹۸ موکل ہیں۔ دعا اس اسم کی یہ ہے۔ یَاصَبُوْرُ اَنْتَ الَّذِیْ اَعْطَیْتَ كُلَّ شَیْءٍ
حِلْیَةً ثُمَّ هَدَیْتَهٗ اَنْتَ الَّذِیْ یَاصَبُوْرُ اَنْتَ الَّذِیْ بِنُوْرِ الْوَحْدَةِ وَالتَّوْحِیْدِ
ثُمَّ عَلَّمْتَهٗ اَوَّلَ كُلِّ ظَاهِرٍ وَّاٰخِرَ كُلِّ سَائِرٍ تَرْجِعُ اِلَیْكَ الْاُمُوْرُ وَالْاَمْلَاكُ بَعْدَ
فَنَاءِ الْمُلُوْكِ وَتُدَبِّرُ الْاُمُوْرَ اِلٰی غَایَتِهَا عَلَی الرَّشَادِ وَالسَّدَادِ مِنْ غَیْرِ اِرْشَادٍ
وَتُهَیِّئُ الْاِسْتِعْدَادَ وَتُحِیْلُ الْاِصْلَاحَ اِلٰی دَارِ الْمَعَادِ الَّذِیْ لَاتَحْمِلُكَ الْعَجَلُ
عَلٰی بُلُوْغِ الْمُنَاقِبِلِ اَوَانِهٖ وَلَا تَرْتَبُ اَمْرٌ قَبْلَ زَمَانِهٖ اَسْئَلُكَ مَمْلَكَتِكَ
وَبِجَلِیْلِ كَلِمَاتِكَ وَبِهَاقِیْ خَزَائِنِ مَخْزُوْنِ قُوَّتِكَ وَسُبْحَانِ وَجْهِكَ وَظِلِّ عَرْشِكَ
وَسُرَادِقَاتِ قُدْسِكَ اَنْ تَجْعَلَ دُعَآئِیْ مَقْبُوْلًا وَنِدَائِیْ مُسْتَجَابًا وَرَجَائِیْ
مُنْدَلًا وَتَجْعَلَنِیْ هَادِیًا مَهْدِیًّا وَعَلٰی صِرَاطِكَ مُسْتَوِیًا یَارَبَّ الْعَالَمِیْنَ ۝

دَعْوٰتُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

جب اس کی ریاضت کرنی ہو تو ہر نماز کے بعد ۴۴۵ بار اور نماز عشاء
کے بعد ۷۴۵ بار پڑھے۔ پس یہ دن بھر کا مجموعہ دو ہزار سات سو تینتیس ہوگا
اور عشاء کی نماز کے بعد اور اس سے فارغ ہو کر تین بار پڑھے اور جمعہ
کے بعد بھی اس دعاء کو پڑھے۔ دعاء یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط بها تخلص لسانی و تثبت بها جنانی اسئلک
یا رزاق الحرام و مرسی الجبال و مسیر الریاح و مجری البحار یا نور النور
تعلم کل نور بفضلک العظیم ساطع کل نور یا واحد احد صمد دائم
ابد اعالم الغیب والشهادة لم یتخذ والد دعواتک باسمک
السریع قریب الشکر اللہ یا عنائیل بطریق الهدای والعبادة للہ
رب العالمین الاول الآخر الظاهر الباطن محل نفس هدی ها یا عنائیل
انت من الملائکة الکرام و انا من الانس الافضل بفضل اللہ والسجود له
اقسمت علیک بیمین الفرش و سدرة المنتهی و وجه عزرائیل وبقی خلق
السموات والارضین اقسم علیک عن بطن البحر و ما فیه من الریح و ما
بسریه والغمام و ما یتکلمه و نزلت الرحمان و سائر القدر ان تسخر لی
خدا بعا من بین یدیک یطیع امری مسیرهن غصون الارض اطرا زهم
طبعا و احسنهم خطا یا یحا طبوبی لا یعبدون الا اللہ و انا متوکل علیه
واحد احد لا شریک له منی ملکه یا خدام الشجرة اولها
اربعون غصنا متفرقة من اربعة اغصان ثمارها التسبیح والتقدیس
والتحلیل تسبیحها سبحان اللہ والحمد للہ و لا الہ الا اللہ
واللہ اکبر و لا حول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم ط

۲۱ روز یا زیادہ سے زیادہ چالیس روز تک پڑھے۔ چالیسویں روز سے
پہلے مقصد حل ہو گا۔

دعوت یا حیُّ یا قیوم

اس عمل کی ترکیب یہ ہے - کہ جس مطلب کیواسطے منظور ہو - ایک ہزار بار ان دونوں اسموں کو پڑھ کر ۳ بار یا سات بار یہ دعا پڑھے -

اَللّٰھُمَّ یَاحَیُّ مَنْ لَیْسَتْ لَہُ الْحَیٰوۃُ وَلَا مَنْسُوْبٌ غَیْرُہٗ مِمَّا نَسَبَہٗ بِنَفْسِہٖ تَعَظَّمَتْ سُبْحَانَکَ اَسْمَاؤُکَ وَ تَنَزَّھَتْ عَنِ الْمُسَمِّیَاتِ ذَاتُکَ عَنِ الْمِثَالِ وَالشَّرِیْکِ وَالنَّظِیْرِ وَالصَّاحِبَۃِ وَ الْوَزِیْرِ فَاَنْتَ الْحَیُّ اَبَدًا وَالصَّمَدُ فِیْ حَیَاتِکَ الْاَبَدِیَّۃُ فَاِنْ لَسْتَ الْحَیَاۃُ مِنْ حَیَاتِکَ اَنْتَ الْبَاقِیْ فَلَکَ الْبَقَاءُ الدَّائِمُ بَعْدَ فَنَاءِ الْمَخْلُوْقِیْنَ وَکَمَالُکَ الْبَقَاءُ وَلِعِبَادِکَ الْفَنَاءُ فَاَمْرُکَ الْاِلٰھِیُّ نَافِذٌ حُکْمُکَ لَیْسَ لَہٗ مُعَانِدٌ فَقَدْ ذَھَبَتِ الْاَفْرَادُ وَانْھَزَمَتِ الْاَضْدَادُ وَالْقَصَبُ الْمُحَدَّدُوْنَ بِوُجُوْدِ بَقَائِکَ وَدَیْمُوْمِیَّۃِ حَیَاتِکَ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَسْئَلُکَ بِھٰذِہِ الْحَیٰوۃِ الْاَبَدِیَّۃِ اَنْ تُحْیِیَنِیْ حَیَاۃً مَوْصُوْلَۃً بِالنَّعِیْمِ وَاَحْیِ نَفْسِیْ بَیْنَ الْقَائِمِ حَیَاۃً یَکُوْنُ لِیْ بِھَا مَدَدٌ وَسَعْدٌ وَاَسْعِلُ بِیْ بِنُوْبَتِیْ مِنْ دَقَائِقِ سِمِکَ اللّٰہُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَحَقِّقْنِیْ بِرَقِیْقَۃٍ مِنْ رَقَائِقِ اِسْمِکَ اللّٰہُ الْحَیُّ حَتّٰی تَمْحُوَعَنِّی الشَّقَاءَ وَتُدْخِلَنِیْ دَائِرَۃَ التَّصْدِیْقِ یَمْحُ اللّٰہُ مَا یَشَاءُ وَیُثْبِتُ وَعِنْدَہٗ اُمُّ الْکِتَابِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا مَنْ تَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ فِی الطُّوْلِ وَالْعَرْضِ بِمَا نَعْلَمُہٗ وَمَا لَا نَعْلَمُہٗ وَمَا اَنْتَ بِہٖ اَعْلَمُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝

اور اگر چاہو تو یہ بھی پڑھ لو - اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ رِزْقِیْ فِی السَّمَاءِ فَاَنْزِلْہُ وَاِنْ کَانَ فِی الْاَرْضِ فَاَخْرِجْہُ وَاِنْ کَانَ قَلِیْلًا مُکَسَّرَہٗ وَاِنْ

كَانَ كَثِيْرًا فَبَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَاقْلِبْهُ إِلَى حَيْثُ كُنْتُ وَمُنْقَلِبِيْ إِلَيْهِ حَيْثُ كَانَ وَائْتِنِيْ بِهِ مِنْ فَضْلِكَ وَكَرَمِكَ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ط وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ :-

یالطیفُ کی یہ دوسری دعا ہے

بعد نماز صبح کے یالطیف ۱۲۹ بار پڑھ کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم چند مرتبہ کہے پھر اللّٰہُ یالطیفُ سات بار کہکر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ مُسَخِّرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِيْنَ السَّبْعِ وَمَنْ فِيْهِنَّ وَعَلَيْهِنَّ سَخِّرْ لِيْ كُلَّ شَيْءٍ مِنْ عِبَادِكَ مِمَّا فِيْ بَرِّكَ وَبَحْرِكَ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ فِي الْكَوْنِ شَيْءٌ مُتَحَرِّكٌ وَسَاكِنٌ صَامِتٌ اَوْ نَاطِقٌ اِلَّا سَخَّرْتَهٗ بِسِمِكَ اللَّطِيْفِ الْمَكْنُوْنِ يَا اللّٰهُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ط

اِلٰهِيْ جُوْدُكَ دَلَّنِيْ عَلَيْكَ وَاِحْسَانُكَ قَرَّبَنِيْ اِلَيْكَ اَشْكُوْ اِلَيْكَ مَا لَا يَخْفٰى عَلَيْكَ وَاَسْئَلُكَ مَا لَا يَعْسُرُ عَلَيْكَ اِذْ عِلْمُكَ لِيْ يُغْنِيْ عَنْ سُؤَالِيْ يَا مُفَرِّجَ عَنِ الْمَكْرُوْبِ كُرْبَتَهٗ فَرِّجْ عَنِّيْ فَاَنَا فِيْهِ يَا مَنْ لَيْسَ بِغَائِبٍ فَانْتَظِرُوْهُ وَلَا بِنَائِمٍ فَاُوْقِظُهٗ وَلَا بِغَافِلٍ فَاُذَكِّرُهٗ وَلَا بِعَاجِزٍ مُهْلَةً يَا اَلِيْمًا بِالْجُمْلَةِ يَا غَنِيًّا عَنِ التَّفْصِيْلِ كَفٰى عِلْمُكَ عَنِ الْمَقَالِ وَكَفٰى كَرَمُكَ عَنِ السُّؤَالِ اِنْقَطَعَ الرَّجَاءُ اِلَّا مِنْكَ وَخَابَتِ الْاٰمَالُ اِلَّا فِيْكَ وَيَسِّرْ لَطَرِيْقِيْ اِلَّا اِلَيْكَ يَا اللّٰهُ يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ يَا رَقِيْبُ يَا مُجِيْبُ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَيَسِّرْ لِيْ رِزْقِيْ وَسَخِّرْ لِيْ جَمِيْعَ خَلْقِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ط

اور یہ دعا اس شخص کو نفع دیتی ہے جو خوف یا پریشانی میں ہو۔

آیۃ الکرسی شریف } جو شخص ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی شریف پڑھا کرے تو وہ بلاشبہ جنت میں جائیگا - اور ہر رات پڑھنے والے کے قریب ابلیس کبھی نہ آنے پائے - اور وہ شخص دنیاوی بلاؤں سے محفوظ رہے اگر جمعہ کے دن نماز عصر کے بعد آیۃ الکرسی شریف کسی تنہا مقام پر پڑھے تو جملہ حاجات بر آئیں آیۃ الکرسی شریف کا پڑھنا اپنا معمول بنا لیں تو ہمیشہ راحت و کامیابی سے گزرے - آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ج لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ج وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ج وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ط

ترجمہ۔ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ زندہ ہے سنبھالنے والا نہ اس کو اونگھ آتی ہے اور نہ نیند سب کچھ اسی کے لئے ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے کون ہے جو اس کے پاس شفارش کرسکے اسکی اجازت کے بغیر وہ جانتا ہے اپنے علم میں نہیں لا سکتے مگر جس قدر وہ علم چاہے اس کی کرسی نے سب آسمانوں اور زمین میں کو اپنے اندر لے رکھا ہے - اور اس کو ان دونوں کی حفاظت کچھ گراں نہیں معلوم ہوتی اور وہ بڑا بلند مرتبہ والا ہے -

حل المشکلات } یہ عمل ایک ہی رات کا ہے - جو مشکلات و مہمات کے لئے از بس مفید رہے اَزِفَتِ الْاٰزِفَۃُ لَیْسَ لَھَا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ کَاشِفَۃٌ (پ ۲۷ سورہ النجم ع ۳) عروج ماہ میں گیارہ ہزار مرتبہ ایک ہی رات میں بعد نماز عشاء پڑھیں - پس کیسی بھی حاجت ہوگی انشاء اللہ ضرور پوری ہوگی۔ پڑھنے کے بعد اسی جگہ مصلے پر ہی سو رہیں۔

مستقل استخارہ: بعد نماز عشاء غسل کر کے پاکیزہ لباس پہن کر عطر اور اگربتی کا استعمال کریں۔ پاکیزہ بستر شمالاً جنوباً بچھائیں۔ بستر بھی معطر ہو۔ قبلہ رُو بیٹھ کر اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ پھر دو گھنٹہ تک عزمیت ذیل بے تعداد ورد کریں۔ بعد ختم وہیں پڑھتے پڑھتے سوجاویں۔ سر شمال کو قبلہ رُو ہوکر پاؤں جنوب میں رہیں۔۔ اسیطرح گیارہ یوم متواتر کریں۔ اور نوچندی جمعرات کو شب کو گیارہ بجے شروع کریں۔ اور وقت اور جگہ کی پابندی لازمی ہے۔ دوران عمل میں بہت سے عجائبات اور اچنبے کی باتیں معلوم ہونگی۔ بعد گزرنے گیارہ یوم کے صرف پندرہ منٹ تک بلاناغہ ورد کریں۔ جو کچھ معلوم ہو اس پر عمل کریں۔ جب کسی خاص مقصد کے لئے ضرورت ہو تو بدستور دو گھنٹہ تک ورد کر کے سوجایا کریں۔ انشاء اللہ تعالے سب حال معلوم ہوگا۔ مجرب ہے۔

غیر مسلم صاحبان کیلئے حُب کا عجیب منتر

جوکہ ایک ہندو بزرگ کا عطیہ ہے پہلے زمین اس قدر مٹی سے لیپو کہ جتنی میں تم بآسانی بیٹھ سکتے ہو۔ چند خوشبودار پھول اور صندل کا بُرادہ اور تھوڑی سی آگ اپنے پاس رکھو۔ پھر مشرق کی طرف منہ کر کے ایک سو پچھتر مرتبہ (۱۷۵) اس منتر کو پڑھو۔ تھوڑے تھوڑے وقفہ سے صندل کی چٹکی آگ میں ڈالتے جاؤ۔ پھول اپنے ہاتھ میں لے لو۔ اور تھوڑے تھوڑے وقفہ سے ان کو سونگھتے جاؤ۔ جب منتر ختم ہو جائے تو آگ اور پھول پانی میں اسیوقت ڈال دو یا حفاظت سے رکھو۔ پھر کسی وقت ڈال دو۔ آگ بجھ جائے تو کوئی حرج نہیں۔ مگر پانی میں ضرور ڈالو۔ صندل اور پانی

رہے۔ تو اپنے پاس رکھو۔ کوئی وقت خاص کی پابندی نہیں ھے اپنے مذہب کے مطابق پاک ہوکر اور بہتر ہے کہ غسل کر کے منتر پڑھا کرو۔ سات روز تک روزانہ کرو۔ یہ منتر محبت کے واسطے تیر بہدف ہے کبھی خطا نہیں ہوا

اگر کوئی حاکم ناراض ہے یا کوئی دوست ناراض ہے یا کسی سے ناچاکی ہے تو سات یوم میں وہ ناراض شخص راضی اور گہرا دوست بن جاتا ھے۔

منتر یہ ھے :-

تہو ٹمنت پیادہ ایسا جائے جیسے تیر اور اسے پتیال کے ناگ فلاں (نام مطلوب) کو لا پر گھٹ سے لا۔ نہ لائے تو تجھ پر تین طلاق :- طلسم یہ ھے۔

دشمن آوارہ ہوجائے

اس نقش کو گدھے کی کھال پر لکھ کر جس کسی کے گھر میں دفن کریں۔ وہ آوارہ ہوجائے۔ اس میں تاریخ اور وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔

نقش یہ ھے



فلاں بن فلاں آوارہ گردد

۷۸۶

۳ ۵۵۰۴	۲ ۲۱۹۰	۲ ۹۱۹	۲ ۶۶۴۸	۵ ۷۷۴۵
۹۹۷۱	عـہ ۶۵۹۹	عـر ۲۲۱۲	۲ ۸۸۴۷	۶ ۱۶۵۷
۳۳۳۶	عـہ ۵۹ عـہ	فلاں	۲ ۱۵۶۶	۵ عـہ ۵ ۵
۱ ۱۰۹۵	۱ ع ۱۳۳۳	۵ ۱۵۴۷	۳ ۳۲۵۷	۱ ۵۱۳۳ ۵
عـہ ۳۸۰ عـہ	عـہ ۷۷۷ عـہ	عـہ ۸۸۱۸	عـہ ۳۸ ل	۸ ۸۷۶

طوفان و دریا وغیرہ سے محفوظ رہے

جو کوئی شخص کشتی یا جہاز پر سوار ہو اس نقش حزب البحر کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے تو تمام خطرات سے محفوظ رہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۳۳۲۶۴۷۷۱	۶۳۳۲۶۴۷۷	۳۳۲۶۴۷۷
۲۶۴۴۶۴۷۷۲	۶۲۲۶۴۵۷۴	۱۶۳۲۶۴۷۷۶
۲۶۴۴۶۴۷۷۳	۶۶۳۲۶۴۷۷۸	۶۶۳۲۶۴۷۷۹

شفائے امراض میں خالق برحق نے انسان کو عبادت کے لئے مخلوق کیا ہے۔ اور عبادت رب العزت موقوف صحت پر ہے۔ جب تک انسان بیمار رہے گا۔ کیونکہ عبادت کرے گا۔ بندگی معبود حقیقی سے محروم رہیگا۔

اس واسطے جب اللہ تعالےٰ نے مرض کو پیدا کیا اس کا علاج بھی بتادیا۔ سوائے موت کے وہ کونسا مرض ہے جس کا علاج نہیں۔ دوا اور دعا سے دفعہ نہیں ہوتا۔ اپنے اسمائے پاک اور کلامات تامات میں شفائے امراض اور ہزاروں قسم کی تاثیریں بخشی ہیں۔ چنانچہ آیتہ وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاهُوَ شِفَاءٌ شاہد عادل ہے۔ مگر حسن عقیدت شرط ہے صحت و تندرستی ایک نعمت عظمیٰ ہے۔ نعمائے الٰہی سے جب انسان بیمار ہو شافی مطلق پر توکل کرکے دعا اور دوا سے اپنا علاج کرے۔ دعا اور دوا کو شافی سمجھے جس وقت تندرست ہو شکر خدائے تعالےٰ بجالاوے۔ مولف علاج امراض دوا اور دعا سے لکھتا ہے۔ جن جن چیزوں پر فقیر کو بندگان طریقت نے مامور اور ماذون کیا ہے۔ ان کو رسالہ ہذا میں درج کرتا ہے۔ اور علاج مرض موقوف شناخت پر ہے۔ لہٰذا اوّلاً طریقہ شناخت واسطے آگاہی خاص وعام کے لکھتا ہے۔ طریقہ شناخت مرض مشائخ رحمہم اللہ نے فرمایا ہے۔ کہ جب کسی مریض کی بیماری کا حال دریافت کرنا ہو۔ تو ایک دوپٹہ جو اس نے اوڑھا ہو ناپ کے یا اسیوقت منہ اور سینہ سے چھوا کر اس عزیمت کو تین مرتبہ اس پر دم کرے۔ اگر ایک انگل کم ہو جائے تو سیاہ دیو کا ہے۔ اگر دو انگل گھٹ جائے آسیب پری کا ہے۔ اگر تین انگل کم ہو جاوے سحر ہے اور اگر چار انگل کم ہو جاوے نظر گفتار ہے۔ اگر پانچ انگل کم ہو جاوے اس کو مرض جسمانی ہے۔

عزیمت یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط عزمت علیکم یا جمیع احضر وارھزا ما التورات اخبرنی والانجیل و زبور و الفرقان العظیم و صفاء و ربُّ المشارق و المغارب۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ

مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ہ
اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ وَمِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ
الْخَنَّاسِ ط الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ہ صلی اللہ
عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ہ

ایک عجیب و غریب عمل


ہر روز سات سو بار ۱۴ روز تک بعد از نماز عشاء کے باوضو پڑھے۔ اور اور جب چودہ روز گزر جائیں۔ تو عمل ہاتھ میں آجاتا ہے۔

پھر جس نابالغ لڑکے کو بٹھا کر سواری یکتا نوس کی حاضر کرنا چاہتا ہے۔ کر سکتا ہے۔ لیکن عامل کو نہایت احتیاط لازم ہے۔

بے احتیاط اور بے اعتقاد آدمیوں کے سامنے اس عمل کو نہ کرنا چاہیئے۔

اگر طفل بادشاہ سے سوال کر رہا ہے تو کسی دوسرے شخص کو ہرگز نہ بولنے دے۔ بلکہ آہستہ سے ہر شخص سے اس کے سوال پوچھے۔ اور ان سے پوچھ کر لڑکے کو سوال بتائے۔ شور و غل نہ ہونے دے۔ کیونکہ خلل اندازی سے تکلیف ہوتی ہے۔

بقیہ اگلے صفحہ ۱۳۱ پر درج ہے۔



ایک نوس نیموس فرعون ہامان میمون
حبشی ردقیاذان سطور میمون سرنگی قلوب
علینا ملاوسے شاہ العلم میمون محمد و
افرسیاب ولی انت فلاں بحق مرتضیٰ دیدن

من ہر قیبا نیلون
شود یا قہر با

٦	٩	٢
٧	٥	٣
٢	١	٨

اقلیم

فلاں زد اجو فلاں
مستوی شوند

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

٢ ٨٩٩٧

٦	١	٨
٧	٣	٥
٢	٩	٤

دریں چراغ یا فقیر حالو اللہ
کلکائیل یا جبرائیل

۰ الوحا الوحا الوحا

مار	٦٦٢		٦٠ سے	الرسار
٢٨	ڈھے		٦٦١	مہم
مسلہ	٢٣		٣٩	٨٨
٩٠ سے	تاسع		٣٥	٣٧
٢٨٠	بحق اصحاب فیل		مسلم	بولی
٤٤	رو	ماہ	٨٣	١

الساعتہ العجل
چہار السہر و
مستعاذ
بدوح

یکبار العباد - ا سفر
باح الکناده فقاها
الفبولیس وصل

ہر وبخن کند عمہ یا
موکلات البدوح لطیہر و
افطار الوحا اصراه
ترک کاہ کھاکشو بدوح
رسور حالت الوحر است

اگر کوئی شخص محبوس زنداں ہو اور کوئی تدبیر رہائی کی نہ ہو تو بروز اتوار ایک جنگلی سیاہ کبوتر کے خون سے جو تعویذ درج ذیل ہے۔ زعفران سے تحریر کئے ہوئے جنگلی کبوتر کے گلے میں باندھ کر چھوڑ دے۔ بفضل خدا وہ قیدی جلد رہا ہوگا۔ مگر تعویذ لکھتے وقت عامل پاک وصاف ہو۔ اور جگہ بھی پاک ہو وے۔ تعویذ یہ ہے۔

۴۸ ۴۳	۴۶	۴۲ ۵۰	۴۷	۴۴ ۴۵	۴۹

برائے حفظان اطفال

بروز چہارشنبہ (بدھ) کو عامل صبح کے وقت جب نماز سے فارغ ہو۔ خوشبودار دوات (سیاہی) سے لکھے۔ نقش مکرم کے الفاظ یعنی ہندسے لکھکر بچے کے گلے میں باندھے تو انشاءاللہ ہر بلا سے محفوظ اور ہر دبا سے امن میں رہے گا۔ نقش مکرم یہ ہے

۴۷	۴۲	۴۹
۴۸	۴۶	۴۴
۴۳	۵۰	۴۵

ہر مرض کیواسطے تعویذ:

اگر کوئی بیمار ہو تو اس نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے۔ اور خوشبودار کرے اگر اس کی دھونی دیں تو بھی مفید ہے۔ انشاءاللہ تعالےٰ شفا ہوگی۔ نقش یہ ہے

۷	۲	۷۷	۷۰
۷۳	۷۴	۳	۶
۱	۸	۷۱	۷۶
۵۵	۷۲	۵	۴

زیادتی ذہن کے لئے

جو شخص مندرجہ ذیل نقش کو مال کشتی سے دس مرتبہ زبان پر رکھ دے تو عقل زیادہ ہو جاتی ہے۔ نہایت مجرب ہے۔ نقش مکرم یہ ہے۔۔۔

۷۸۶

۸	۲	۹۱	۱۴
۸۷	۸۸	۳	۵
۱	۹	۹۵	۹۰
۸۹	۸۶	۶	۴

برائے حاجات و مشکلات

